اللہ جل جلالہ اور رسول اکرم ﷺ کی شانِ اقدس میں
گستاخانہ عبارتوں کا علمی و تحقیقی محاسبہ

الحق المبین

تالیفِ منیف: غزالیِ زماں حضرت مولانا
احمد سعید کاظمی علیہ الرحمہ

تصحیح و عکس دستاویزات محترم خلیل احمد رانا صاحب

ALAHAZRAT NETWORK
اعلیٰحضرت نیٹ ورک
www.alahazratnetwork.org

اللہ جل مجدہ اور رسول اکرم کی شانِ اقدس میں

گستاخانہ عبارتوں کا علمی و تحقیقی محاسبہ

الحق المبین

تالیف منیف

غزالیٔ زماں حضرت مولانا

سید احمد سعید شاہ کاظمی

علیہ الرحمۃ القوی

[redacted] محترم خلیل احمد رانا صاحب

نعمان اکادمی

جہانیاں منڈی خانیوال

نام کتاب	الحق المبین
مصنف	علامہ سید احمد سعید کاظمی قدس سرہٗ
تصحیح	خلیل احمد رانا
پروف ریڈنگ	سید منیر رضا قادری
سن اشاعت	۲۰۰۲ء
تعداد	گیارہ سو
ہدیہ	100/روپے
ناشر	نعمان اکادمی جہانیاں منڈی ضلع خانیوال

ملنے کا پتہ

مسلم کتابوی، دربار مارکیٹ، لاھور

پوسٹ کوڈ نمبر۔ ۵۴۰۰۰

ٹیلی فون نمبر۔ ۷۲۳۵۶۰۵-۰۴۲

عرض ناشر

غزالیِ زماں علامہ سید احمد سعید کاظمی امروہوی محدث ملتانی قدس سرہ العزیز (متوفی ۱۹۸۶ء) کی مشہور تالیف "الحق المبین" زیرِ نظر ایڈیشن سے قبل کئی مرتبہ شائع ہو چکی ہے، مگر تمام ایڈیشنوں میں کتابت کی غلطیاں، ترتیب کی غلطیاں، حوالہ جات کی غلطیاں، حوالہ جات کی عبارتوں میں غلطیاں، دیوبندی کتب کی بعض عبارتوں میں غلطیاں، ناشرین کی عدم توجہی کے باعث بار بار شائع ہوتی رہیں، الحمد للہ اس ایڈیشن میں حتی الوسع تمام اغلاط درست کر دی گئیں ہیں، مثلاً حضرت علامہ کاظمی علیہ الرحمہ مولوی محمد قاسم نانوتوی کی کتاب "آبِ حیات" کی ایک عبارت کا رد کرتے ہوئے لکھتے ہیں!

"اہلسنت کے مسلک میں اسلام حیات ہے اور موت کفر ہے، اس لئے دجال کو اگر منشاء ارواح کفار مانا جائے تو وہ منبع کفر ہونے کی وجہ سے متصف ممات بالذات ہوگا"۔ (اول ایڈیشن مطبوعہ اسلامی کتب خانہ ملتان ۱۹۵۰ء)

مگر بعد کے ایڈیشنوں میں یہ عبارت اس طرح شائع ہوتی رہی!

"اہلسنت کے مسلک میں اسلام حیات ہے اور موت کفر ہے، اس لئے دجال کو اگر منشاء ارواح کفار مانا جائے تو وہ منبع کفر ہونے کی وجہ سے متصف "بحیات بالذات" ہوگا۔

اس ایڈیشن کی یہ خصوصیت ہے کہ اس میں دیوبندی علماء کی کتابوں سے اصل عبارات کے عکس لے کر شامل کر دیئے گئے ہیں، حتی الوسع یہ کوشش کی گئی ہے کہ دیوبندی علماء کی کتابوں کے جو ایڈیشن علامہ کاظمی علیہ الرحمہ کے پیشِ نظر تھے، ان ہی کے صفحات کا عکس لیا جائے، جو ایڈیشن نہ مل سکے ان کی جگہ نئے ایڈیشنوں سے اصل عبارات کا عکس لے لیا گیا ہے۔

مولوی محمد اسماعیل دہلوی کی کتاب "تقویت الایمان" کے جتنے بھی ایڈیشن آج تک شائع ہوئے ہیں، ان تمام ایڈیشنوں کی عبارات میں رد و بدل ہے، مثلاً تقویت الایمان میں ایک عبارت ہے کہ "رسول کے چاہنے سے کچھ نہیں ہوتا" (تقویت الایمان مطبوعہ اہلِ حدیث اکادمی کشمیری بازار لاہور ص ۱۰۷) مگر ایک

دوسرے اڈیشن میں لفظ " کچھ " اڑا کر لکھ دیا کہ " رسول کے چاہنے سے نہیں ہوتا " (تقویت الایمان مطبوعہ فاروقی کتب خانہ ملتان ص ۱۳۰) بعض جگہ تو تحریف کر کے پوری پوری عبارات بدل دی گئی ہیں ، اس بارے میں مزید تفصیل کے لئے مولانا محمد علی رضوی کی کتاب " تقویت الایمان میں تحریف کیوں ؟ " مطبوعہ رضا کیڈمی ممبئی ہندوستان کا مطالعہ ضروری ہے۔

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کے فتویٰ میں تحریف

امام احمد رضا خاں بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کا ایک فتویٰ قلمی بیاض میں ہے سوال یہ ہے کہ " تین برس کے بچے کی فاتحہ دوسرے کی ہونی چاہیے یا سوم کی " ۔ اس کا جواب اعلیٰ حضرت قدس سرہ نے یہ تحریر فرمایا تھا !

" شریعت میں ثواب پہنچانا ہے ، دوسرے دن یا تیسرے دن ، باقی یہ تعین عرفی ہیں ، جب چاہیں کریں ، انہیں دنوں کی گنتی ضروری جاننا جہالت ہے ، واللہ تعالیٰ اعلم " ۔

یہ فتویٰ فتاویٰ رشیدیہ مبوب حصہ اول مطبوعہ محمد سعید اینڈ سنز ناشران و تاجران کتب کراچی کے صفحہ ۱۰۲ ، ۱۰۳ پر چھپا ہے ، خوف آخرت سے بے خوف ان لوگوں نے اس فتویٰ کے آخر میں لفظ " جہالت " کے بعد لفظ " بدعت " بڑھا دیا ہے ، اس کے اوپر لکھا ہے !

" فتویٰ مولوی احمد رضا خاں صاحب بریلوی موصول از مولوی عبد الصمد صاحب رامپوری مجموعہ فتاویٰ قلمی مولوی احمد رضا خاں صاحب منقول از جلد رابع کتاب الحظر والاباحۃ ص ۳۰۱ " ۔

قصہ یہ ہے کہ یہی مذکورہ بالا مولوی عبد الصمد صاحب رامپوری ، اعلیٰ حضرت قدس سرہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کچھ مسائل لکھوائے ، انہیں واپسی کی جلدی تھی ، اس وقت اتفاق سے کوئی نقل کرنے والا نہ تھا ، یہ صاحب بظاہر مولوی صورت ، مقدس سیرت تھے ، لہذا ان پر شبہ بھی نہیں کیا جا سکتا تھا ، انہیں فتاویٰ مبارکہ کی وہ جلد جو کتاب الحظر کے ان مسائل پر مشتمل تھی دے دی گئی کہ جو فتاویٰ آپ لکھوائے ہیں ، نقل کر دیں ان صاحب نے گنگوہی صاحب سے اپنی نیاز مندی کا ثبوت دیتے ہوئے فتویٰ مذکورہ میں اپنے ہاتھ سے بین السطور لفظ " جہالت " کے بعد لفظ " و بدعت " بڑھا دیا یہ تحریف بریلی شریف میں آج بھی فتاویٰ مبارکہ جلد ہشتم کتاب الحظر ص ۱۰۷ پر موجود ہے ، کوئی بھی دیکھ کر بخوبی معلوم کر سکتا ہے کہ الفاظ " و بدعت " دوسرے قلم

سے کسی اور کا اضافہ ہے۔ یہ لوگ اپنے حریف کے گھر جا کر اس کے گھر بیٹھ کر اس کی قلمی کتابوں میں اضافہ کر سکتے ہیں تو انہوں نے اپنے خود ساختہ مذہب کے لئے اپنی کتابوں میں کیا کچھ نہ کیا ہوگا۔

اب اس فتویٰ کے بارے میں نئی تحریف کے متعلق بھی سنئے!

فتاویٰ رشیدیہ کامل مبوب و بطرز جدید مطبوعہ ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ۱۹۹۲ء کے صفحہ ۱۵۵ پر مولوی رشید احمد گنگوہی کا ایک فتویٰ اسی سوم کے مسئلہ پر لکھ کر آخر میں لکھ دیا "فتویٰ مولانا احمد رضا خاں صاحب بریلوی موصول از مولوی عبد الصمد صاحب رامپوری مجموعہ فتاویٰ قلمی مولوی احمد رضا خاں صاحب منقول از جلد رابع کتاب الحظر والاباحۃ ص ۲۰۹" لیکن آگے اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ کا فتویٰ درج نہیں کیا تاکہ پڑھنے والا یہی سمجھے کہ جو فتویٰ اوپر لکھا گیا ہے آخر میں مولانا احمد رضا خاں کا نام اس بات کی تصدیق کرتا ہے کہ آپ نے اس پر والے فتویٰ کی تائید کی ہے۔

یہ سراسر دھوکا ہے، امام احمد رضا بریلوی علیہ الرحمہ کا تحریف کیا گیا فتویٰ جس میں لفظ "و بدعت" ہٹایا گیا ہے اسے فتاویٰ رشیدیہ کے اسی ایڈیشن کے صفحہ ۱۹۴، ۱۹۵ پر علیحدہ شائع کیا گیا ہے، قارئین کرام جانتے ہیں کہ دیوبندی مذہب کی ساری عمارت ہی جھوٹ اور دھوکہ فریب پر کھڑی ہے۔ الحق المبین کے زیر نظر ایڈیشن میں فتاویٰ رشیدیہ کے دونوں ایڈیشنوں کے صفحات کا عکس دے دیا گیا ہے اب بہر حال کتاب پڑھیں سوچیں، تحقیق فرمائیں اور اپنا ایمان بچائیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پیش لفظ

تخلیق انسانی کا مقصد معرفت الٰہی ہے اور معرفت الٰہی کا معنی مشاہدہ تجلیات حسن لاتناہی، اس مقصد عظیم کے تصور نے انسان کو ورطۂ حیرت میں مبتلا کر دیا، وہ ایک ایسے ضعیف و نادار اجنبی مسافر کی طرح حیران تھا جسے کروڑوں میل کی دشوار گزار راہیں درپیش ہوں اور منزل مقصود تک پہنچنے کا کوئی ذریعہ اس کے پاس موجود نہ ہو۔

وہ عالم حیرت میں زبان حال سے کہتا تھا کہ الٰہی! تیری معرفت کی منزل تک کیسے پہنچوں، میں کمزور ضعیف الایمان اور پھر مجھے بہکانے کے لئے قدم قدم پر شیطان، وہ پریشان ہو کر سوچتا تھا کہ ضعف کو قوت سے کیا نسبت، امکان کو وجوب سے کیا واسطہ، محدود کو غیر محدود سے کیا علاقہ، کہاں حادث، کہاں قدیم، کہاں انسان، کہاں رحمٰن، نہ اس کے حسن و جمال کی تجلیوں تک میری نگاہیں پہنچ سکتی ہیں، نہ میں اس کے دیدار جمال کی تاب لا سکتا ہوں۔

انسان اسی کشمکش میں مبتلا تھا کہ قدرت نے بروقت اس کی دستگیری فرمائی، اور روح دو عالم حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے آئینہ وجود سے اپنے حسن لامحدود کی تجلیاں ظاہر فرما کر اپنی معرفت کی راہیں اس پر روشن کر دیں۔

صلوٰۃ و سلام ہو اس برزخ کبریٰ حضرت محمد مصطفےٰ علیہ وعلیٰ آلہ التحیۃ والثناء پر جس نے ضعف انسانی کو قوت سے بدل دیا، حدوث کو قدم کا آئینہ بنا دیا، امکان کو بارگاہ وجوب میں حاضر کر دیا، مکان کا رشتہ لامکان سے جوڑ دیا، محدود کو غیر محدود سے ملا دیا، یعنی بندہ کو خدا تک پہنچا دیا۔

حق یہ ہے کہ رخسار محمدی آئینہ جمال حق ہے، اور خدوخال مصطفےٰ مظہر حسن کبریا، پھر کس طرح ممکن ہے کہ ایک کا انکار، دوسرے کے اقرار کے ساتھ جمع ہو جائے، اگر حق کے ساتھ باطل، نور کے ساتھ ظلمت، کفر

کے ساتھ اسلام کا اجتماع مقصود ہو تو یہ بھی ممکن ہوگا، جب وہ محال تو یہ بھی محال۔

بنابریں اس حقیقت کو تسلیم کرنے کے سوا کوئی چارہ کار ہی نہیں کہ حسن محمدی کا انکار کمال خداوندی کا انکار ہے، اور بارگاہ نبوت کی توہین، حضرت الوہیت کی تنقیص۔

شانِ الوہیت کی توہین کرنے والا مومن نہیں تو گستاخ نبوت کیونکر مسلمان ہو سکتا ہے؟

کوئی مکتبۂ خیال ہو ہمیں کسی سے عناد نہیں، البتہ منکرین کمالات نبوت اور منتقصین شان رسالت سے ہمیں طبعی تنفر ہے، اس لئے کہ وہ آئینہ جمال الوہیت میں عیب کے متلاشی ہیں، اور ان کا یہ طرز عمل نہ صرف مقصد تخلیق انسانی کے منافی بلکہ آداب بندگی کے بھی خلاف اور خالق کائنات سے کھلی بغاوت کے مترادف ہے۔

اس کے باوجود بھی ہمیں ان سے کچھ سروکار نہیں، ہمارا خطاب تو جمال الوہیت کے دیوانوں اور شمع رسالت کے ان پروانوں سے ہے جو ذات پاک مصطفےٰ علیہ التحیۃ والثناء کو معرفت الٰہی اور قرب خداوندی کا وسیلۂ عظمیٰ جان کر ان کی شمع حسن و جمال پر قربان ہو جانے کو اپنا مقصد حیات سمجھتے ہیں اور اسی لئے ہم نے دلائل سے الگ ہو کر صرف مسائل بیان کئے ہیں، البتہ ابتداء میں بطور مقدمہ چند ایسے اصول لکھ دیئے ہیں جن کی روشنی میں ناظرین کرام پر ان تمام تاویلات کا فساد روز روشن کی طرح واضح ہو جائے گا جو توہین آمیز عبارات میں آج تک کی گئی ہیں، رہے دلائل؟ تو ان شاء اللہ تعالیٰ مستقبل قریب میں ہر اختلافی مسئلہ پر ایک مستقل رسالہ ہدیہ ناظرین ہوگا، جس میں پوری تفصیل کے ساتھ دلائل مرقوم ہوں گے۔

وما ذالك على الله بعزيز

اس کے بعد یہ بھی عرض کر دوں کہ اس رسالہ میں حوالہ جات و عبارات منقولہ کو میں نے بذات خود اصل کتب میں دیکھ کر پوری تحقیق اور احتیاط کے ساتھ نقل کیا ہے، اگر ایک حوالہ بھی غلط ثابت ہو جائے تو میں اس سے رجوع کر کے اپنی غلطی کا اعتراف کرلوں گا اور ساتھ ہی اس کا اعلان بھی شائع کر دوں گا۔

آخر میں دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس مختصر رسالہ کو برادران اہل سنت کے لئے اپنے مسلک پر ثابت قدم

رہنے کا موجب اور دوسروں کے لئے رجوع الی الحق کا سبب بنائے۔

(آمین) فقط

سیّد احمد سعید کاظمی غفرلہٗ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

امابعد! ناظرین کرام کی خدمت میں عرض ہے کہ اس رسالہ کا اصل مسودہ تو میں نے ۱۹۳۶ء میں مرتب کر لیا تھا، لیکن بعض سوانح کی وجہ سے طباعت نہ ہو سکی، حتیٰ کہ اس عرصہ میں دیوبندی حضرات کے بعض رسائل و مضامین نظر سے گذرے، جن سے مفید مطلب کچھ اقتباسات لے کر اس میں شامل کر دیے گئے، اس رسالہ کی اشاعت سے میری غرض صرف یہ ہے کہ جو بھولے بھالے مسلمان علماء دیوبند کے ظاہر حال کو دیکھ کر انہیں اہل حق اور صحیح العقیدہ سنی مسلمان سمجھتے ہیں اور اسی بناء پر دینی معاملات میں انہیں اپنا مقتداء و پیشوا بناتے ہیں، ان کے پیچھے نمازیں پڑھتے ہیں، ان سے مذہبی مسائل دریافت کرتے ہیں اور ان کے ساتھ مذہبی الفت رکھتے ہیں مگر یہ نہیں جانتے کہ ان کے عقائد کیسے ہیں، اس رسالہ کو پڑھ کر انہیں علماء دیوبند کے عقائد سے واقفیت ہو جائے اور وہ اپنی عاقبت کی فکر کریں اور سوچیں کہ جن لوگوں کے ایسے عقیدے ہیں ان کو اپنا مقتداء اور پیشوا مان کر ہمارا کیا حشر ہوگا۔

وہابی ، دیوبندی

اگرچہ وہابی، دیوبندی دو لفظ ہیں، لیکن ان سے مراد صرف وہی گروہ ہے جو اپنے ماسوا دوسرے تمام مسلمانوں کو کافر و مشرک اور بدعتی قرار دیتا ہے، اور جس کے سربراوردہ لوگوں نے اپنی کتابوں میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و دیگر انبیاء علیہم السلام و محبوبان خداوندی کی شان میں توہین آمیز عبارتیں لکھیں، اور بعض عیوب و نقصانات کو انبیاء و اولیاء علیہم السلام کی

طرف بے دھڑک منسوب کیا، اس قسم کے لوگوں کا وجود عہد رسالت سے ہی چلا آرہا ہے، چنانچہ اللہ تعالیٰ قرآن پاک میں ارشاد فرماتا ہے!

ومنھم من یلمزک فی الصدقت فان اعطوا منھا رضوا وان لم یعطوا منھا اذا ھم یسخطون۔ ولو انھم رضوا ما اتھم اللہ و رسولہ و قالوا حسبنا اللہ سیؤتینا اللہ من فضلہ و رسولہ انا الی اللہ رغبون۔ (پ۱۰، سورۃ التوبہ، آیت نمبر ۵۹،۵۸)

(ترجمہ) اور ان میں کوئی وہ ہے جو صدقے بانٹنے میں تم پر طعن کرتا ہے، تو اگر ان میں سے کچھ ملے تو راضی ہو جائیں اور نہ ملے تو جب ہی وہ ناراض ہیں، اور کیا اچھا ہوتا اگر وہ اس پر راضی ہوتے جو اللہ اور اس کے رسول نے ان کو دیا اور کہتے ہیں اللہ کافی ہے اب دیتا ہے ہمیں اللہ اپنے فضل سے اور اللہ کا رسول ہمیں اللہ ہی کی طرف رغبت ہے۔

یہ آیت ذوالخویصرہ تمیمی کے حق میں نازل ہوئی۔ اس شخص کا نام حرقوص بن زہیر ہے، یہی خوارج کی اصل بنیاد ہے، بخاری اور مسلم کی حدیث میں ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم مال غنیمت تقسیم فرما رہے تھے تو ذوالخویصرہ نے کہا یا رسول اللہ عدل کیجئے، حضور نے فرمایا، تجھے خرابی ہو میں نہ عدل کروں گا تو عدل کون کرے گا........ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا مجھے اجازت دیجئے کہ میں اس منافق کی گردن ماردوں، حضور نے فرمایا اسے چھوڑ دو، اس کے اور بھی ہمراہی ہیں، کہ تم ان کی نمازوں کے سامنے اپنی نمازوں کو اور ان کے روزوں

کے سامنے اپنے روزوں کو حقیر دیکھو گے، وہ قرآن پڑھیں گے اور ان کے گلوں سے نہ اترے گا، وہ دین سے ایسے نکل جائیں گے جیسے تیر شکار سے۔

دین میں داخل ہو کر بے دین ہونے والوں کی ابتداء ایسے ہی لوگوں سے ہوئی ہے، جو نماز روزہ اور دین کے سب کام کرنے والے تھے لیکن اس کے باوجود انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان اقدس میں گستاخی کی اور بے دین ہو گئے، حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی شان مبارک میں توہین کرنے والے ذوالخویصرہ کے جن ہمراہیوں کا ذکر حدیث شریف میں آیا ہے، ان سے مراد وہی لوگ ہیں جنہوں نے ذوالخویصرہ کی طرح شان رسالت میں گستاخیاں کیں، اسلام میں یہ پہلا گروہ خارجیوں کا گروہ ہے، یہی گروہ اہل حق کو کافر و مشرک کہہ کر ان سے قتال و جدال کو جائز قرار دیتا ہے، چنانچہ سب سے پہلے حضرت علی رضی اللہ عنہ اور آپ کے ہمراہیوں کو خارجیوں نے معاذ اللہ کافر قرار دیا اور خلیفہ برحق سے بغاوت کی اور اہل حق کے ساتھ جدال و قتال کیا، حتی کہ عبدالرحمن بن ملجم خارجی کے ہاتھوں حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ شہید ہوئے، اسی بدبخت گروہ کے فتنوں کی خبر زبان رسالت نے سرزمین نجد میں ظاہر ہونے کے متعلق دی ہے اور فرمایا ہے "ھناک الزلازل والفتن وبھا یطلع قرن الشیطان" رواہ البخاری، مشکوٰۃ، مطبوعہ مجتبائی دہلی، صفحہ ۵۸۲، چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشگوئی کے مطابق یہ فتنہ نجد میں بڑے زور شور سے ظاہر ہوا محمد بن عبدالوہاب خارجی نے سرزمین نجد میں مسلمانوں کو کافر و مشرک کہہ کر سب کو مباح الدم (یعنی ان کا قتل جائز) قرار دیا، اور توحید کی آڑ لے کر شان نبوت و ولایت میں خوب گستاخیاں کیں اور اپنے مذہب وعقائد کی ترویج کے لئے کتاب التوحید تصنیف کی جس پر اسی زمانے کے علماء کرام نے

سخت مواخذہ کیا، اور اس کے شر سے مسلمانوں کو محفوظ رکھنے کے لئے سعی بلیغ فرمائی، حتی کہ محمد بن عبدالوہاب کے حقیقی بھائی سلیمان بن عبدالوہاب نے اپنے بھائی پر سخت رد کیا اور اس کی تردید میں ایک شاندار کتاب تصنیف کی، جس کا نام "الصواعق الالٰہیہ فی الرد علی الوھابیہ" ہے اور اس میں وہابیت کو پوری طرح بے نقاب کر کے اہل سنت کے مذہب کی زبردست تائید و حمایت فرمائی، علامہ ابن عابدین شامی حنفی، امام احمد صاوی مالکی مصری وغیرہما جلیل القدر علماء امت نے محمد بن عبدالوہاب کو باغی اور خارجی قرار دیا، اور مسلمانوں کو اس فتنے سے محفوظ رکھنے کیلئے اپنی جدوجہد میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا، ملاحظہ فرمایئے شامی، جلد ۳، باب البغاۃ، صفحہ ۳۳۹ اور تفسیر صاوی، جلد ۳، صفحہ ۲۵۵، مطبوعہ مصر۔

پھر اسی طرح کتاب التوحید کے مضامین کا خلاصہ تقویت الایمان کی صورت میں سر زمین ھند میں شائع ہوا اور مولوی اسماعیل دہلوی نے اپنے مقتدا محمد بن عبدالوہاب کی پیروی اور جانشینی کا خوب حق ادا کیا، اور اسی تقویت الایمان کی تصدیق و توثیق تمام علماء دیوبند نے کی، جیسا کہ فتاویٰ رشیدیہ، جلد ۱، صفحہ ۲۰ پر مرقوم ہے۔

پھر جس طرح محمد بن عبدالوہاب کے خلاف اس زمانہ کے علماء اہل سنت نے آواز اٹھائی اور اس کا رد کیا، اسی طرح مولوی اسمٰعیل دہلوی مصنف تقویت الایمان کے خلاف بھی اس دور کے علماء حق نے شدید احتجاج کیا، اور ان کے مسلک پر سخت نکتہ چینی کی، تقویت الایمان کے رد میں کئی رسالے شائع ہوئے، مولانا شاہ فضل امام، حضرت شاہ احمد سعید دہلوی شاگرد مولانا شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ، مولانا فضل حق خیر آبادی، مولانا عنایت احمد کاکوروی مصنف (عربی گرامر کی مشہور کتاب) "علم

الصیف'' مولانا شاہ رؤف احمد نقشبندی مجددی تلمیذ رشید حضرت مولانا شاہ عبد العزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے مولوی اسماعیل دہلوی اور مسائل تقویت الایمان کا مختلف طریقوں سے رد فرمایا حتیٰ کہ شاہ رفیع الدین صاحب محدث دہلوی نے اپنے فتاویٰ میں بھی کتاب التوحید اور مسائل تقویت الایمان کے خلاف واضح اور روشن مسائل تحریر فرما کر امت مسلمہ کو اس فتنے سے بچانے کی کوشش کی، لیکن علماء دیوبند اور ان کے بعض اساتذہ نے مولوی اسماعیل اور ان کی کتاب تقویت الایمان کی تصدیق و توثیق کر کے اس فتنے کا دروازہ مسلمانوں پر کھول دیا، علماء دیوبند نے نہ صرف تقویت الایمان اور اسکے مصنف مولوی اسماعیل دہلوی کی تصدیق پر اکتفاء کیا بلکہ خود محمد بن عبد الوہاب کی تائید و توثیق سے بھی دریغ نہ کیا، ملاحظہ فرمایئے فتاویٰ رشیدیہ جلد ا صفحہ ۱۱۱ مصنفہ مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی۔

لیکن چونکہ تمام روئے زمین کے احناف اور اہل سنت محمد بن عبد الوہاب کے خارجی اور باغی ہونے پر متفق تھے، اس لئے فتاویٰ رشیدیہ کی وہ عبارت جس میں محمد بن عبد الوہاب کی توثیق کی گئی تھی، علماء دیوبند کے مذہب و مسلک کو اہل سنت کی نظروں میں مشکوک قرار دینے لگی، اور اہل سنت فتاویٰ رشیدیہ میں محمد بن عبد الوہاب کی توثیق پڑھ کر یہ سمجھنے پر مجبور ہو گئے کہ علماء دیوبند کا مذہب بھی محمد بن عبد الوہاب سے تعلق رکھتا ہے، اس لئے متاخرین علماء دیوبند نے اپنے آپ کو چھپانے کی غرض سے محمد بن عبد الوہاب سے اپنی لاتعلقی کا اظہار کرنا شروع کر دیا، بلکہ مجبوراً اسے خارجی بھی لکھ دیا، تا کہ عامۃ المسلمین پر ان کا مذہب واضح نہ ہونے پائے۔

لیکن علماء اہل سنت برابر اس فتنے کے خلاف نبرد آزما رہے، ان علماء حق میں مذکورین

صدر حضرات کے علاوہ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی، حضرت مولانا عبدالسمیع صاحب رامپوری مؤلف (کتاب) "انوار ساطعہ" حضرت مولانا ارشاد حسین صاحب رامپوری، حضرت مولانا احمد رضا خاں بریلوی، حضرت مولانا انوار اللہ خاں صاحب حیدرآبادی، حضرت مولانا عبدالقدیر صاحب بدایونی وغیرہم خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

ان علماء اہل سنت کا امت مسلمہ پر احسان عظیم ہے کہ ان حضرات نے حق و باطل میں تمیز کی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان اقدس میں توہین کرنے والے خوارج سے مسلمانوں کو آگاہ کیا، ان لوگوں کے ساتھ ہمارا اصولی اختلاف صرف ان عبارات کی وجہ سے ہے جن میں ان لوگوں نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ومحبوبان حضرت حق سبحانہ وتعالیٰ کی شان میں صریح گستاخیاں کی ہیں، باقی مسائل میں محض فروعی اختلاف ہے جس کی بنا پر جانبین میں سے کسی کی تکفیر وتضلیل نہیں کی جاسکتی۔

تعجب ہے کہ صریح توہین آمیز عبارات لکھنے کے باوجود یہ کہا جاتا ہے کہ ہم نے تو حضور کی تعریف کی ہے، گویا توہین صریح کو تعریف کہہ کر کفر کو اسلام قرار دیا جاتا ہے، ہم نے اس رسالے میں علماء دیوبند اور ان کے مقتداؤں کی عبارات بلا کمی وبیشی نقل کر دی ہیں تاکہ مسلمان خود فیصلہ کرلیں کہ ان میں توہین ہے یا نہیں، امید ہے ناظرین کرام حق و باطل میں تمیز کرکے ہمیں دعائے خیر سے فراموش نہ فرمائیں گے۔

سبب تالیف:

اس میں شک نہیں کہ اس موضوع پر اس سے پہلے بہت کچھ لکھا جاچکا ہے، لیکن بعض کتابیں اتنی طویل ہیں کہ انہیں اول سے آخر تک پڑھنا ہر ایک کے لئے آسان نہیں، اور بعض اتنی

مختصر ہیں کہ علماء دیوبند کی اصل عبارات کی بجائے ان کے مختصر خلاصوں پر اکتفا کرلیا گیا جس کی وجہ سے بھی بعض لوگ شکوک وشبہات میں مبتلا ہونے لگے۔اس لئے ضروری معلوم ہوا کہ اس موضوع پر ایسا رسالہ لکھا جائے جو اس تطویل واختصار سے پاک ہو۔

ضروری گذارش:

ابھی عرض کیا جاچکا ہے کہ دیوبندی حضرات اور اہل سنت کے درمیان بنیادی اختلاف کا موجب علماء دیوبند کی صرف وہ عبارات ہیں جن میں اللہ تعالیٰ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شانِ اقدس میں کھلی توہین کی گئی ہے۔علماء دیوبند کہتے ہیں کہ ان عبارات میں توہین وتنقیص کا شائبہ تک نہیں پایا جاتا اور علماء اہل سنت کا فیصلہ یہ ہے کہ ان میں صاف توہین پائی جاتی ہے۔اس رسالہ میں علماء دیوبند کی وہ اصل عبارات بلفظہا مع حوالہ کتب وصفحہ ومطبع پوری احتیاط کے ساتھ نقل کردی گئی ہیں۔اپنی طرف سے ان میں کسی قسم کی بحث وتمحیص نہیں کی گئی۔

البتہ ان مختلف عبارات پر متعدد عنوانات محض سہولت ناظرین اور تنوع فی الکلام کی غرض سے قائم کردیئے گئے ہیں۔اور فیصلہ ناظرین کرام پر چھوڑ دیا گیا ہے کہ بلا تشریح ان عبارات کو پڑھ کر انصاف کریں کہ ان عبارتوں میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولوں کی توہین وتنقیص ہے یا نہیں؟

اس کے ساتھ ہی ہر عنوان اور عبارت ماتحت کے بالمقابل اپنا مسلک بھی واضح کردیا گیا ہے،تا کہ ناظرین کرام کو علماء دیوبند اور اہل سنت کے مسلک کا تفصیلی علم ہوجائے اور حق وباطل میں کسی قسم کا التباس باقی نہ رہے۔

قرآن کریم اور تعظیم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اس حقیقت سے انکار نہیں ہوسکتا کہ تمام دین ہمیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس

سے ملا ہے، حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات، اس کے ملائکہ، اس کی کتابوں اور رسولوں اور یوم قیامت وغیرہ عقائد واعمال سب چیزوں کا علم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو عطا فرمایا، اس لئے سارے دین کی بنیاد اور اصل الاصول نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات مقدسہ ہے اور بس، بنابریں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیثیت ایسی عظیم ہے جس کے وزن کو مومن کا دل ودماغ محسوس کرتا ہے، مگر کماحقہٗ اس کا اظہار کسی صورت سے ممکن نہیں، ایسی صورت میں تعظیم رسول کی اہمیت کسی مسلمان سے مخفی نہیں رہ سکتی، اسی لئے اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں نہایت اہتمام کے ساتھ مسلمانوں کو بارگاہ رسالت کے آداب کی تعلیم فرمائی، ارشاد ہوتا ہے!

یاایہا الذین امنوا لا ترفعوا اصواتکم فوق صوت النبی ولا تجہروا لہ بالقول کجہر بعضکم لبعض ان تحبط اعمالکم وانتم لا تشعرون۔ (پ۲۶، سورۃ الحجرات، آیت۲)

"اے ایمان والو بلند نہ کرو اپنی آوازیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز پر اور نہ ان کے ساتھ بہت زور سے بات کرو جیسے تم ایک دوسرے سے آپس میں زور سے بولا کرتے ہو کہیں ایسا نہ ہو کہ تمہارا کیا کرایا سب کچھ اکارت جائے اور تمہیں خبر بھی نہ ہو۔"

اس کے ساتھ ہی دوسری آیت میں ارشاد ہوتا ہے!

ان الذین یغضون اصواتہم عند رسول اللہ اولئک الذین امتحن اللہ قلوبہم للتقوی لہم مغفرۃ واجر عظیم۔ (سورۃ الحجرات، آیت۳)

"بے شک جو لوگ اپنی آوازیں پست کرتے ہیں رسول اللہ کے نزدیک وہ ایسے

لوگ ہیں جن کے دل کو اللہ تعالیٰ نے پرہیزگاری کے لئے پرکھ لیا ہے ان کے لئے بخشش اور بڑا ثواب ہے۔"

اور تیسری آیت میں ارشاد فرمایا!

ان الذین ینادونک من وراء الحجرت اکثرھم لا یعقلون ۔ولو انھم صبروا حتی تخرج الیھم لکان خیرا لھم واللہ غفور رحیم۔ (سورۃ الحجرات آیت ۵،۴)

"اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم بیشک جو لوگ آپ کو آپ کے رہنے کے حجروں سے باہر پکارتے ہیں ان میں اکثر بے عقل ہیں، اگر یہ لوگ اتنا صبر کرتے کہ آپ خود حجروں سے نکل کر ان کی طرف تشریف لے آتے تو ان کے حق میں بہت بہتر ہوتا اور اللہ تعالیٰ بخشنے والا مہربان ہے۔

www.alahazratnetwork.org

چوتھی جگہ ارشاد فرمایا!

یاایھا الذین امنوا لا تقولو راعنا وقولوا انظرنا واسمعوا وللکفرین عذاب الیم۔ (پ ۱ سورۃ البقرۃ آیت ۱۰۴)

"اے ایمان والو تم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ راعنا کہہ کر خطاب نہ کیا کرو بلکہ انظرنا کہا کرو اور دھیان لگا کر سنتے رہا کرو اور کافروں کے لئے عذاب دردناک ہے۔

ان آیات طیبات میں بارگاہ رسالت کے آداب اور طرز تخاطب میں تعظیم و توقیر کو ملحوظ رکھنے کی جو ہدایات اللہ تعالیٰ نے فرمائی ہیں محتاج تشریح نہیں، نیز ان کی روشنی میں شان نبوت کی

اور گستاخی کا جرم عظیم ہونا آفتاب سے زیادہ روشن ہے۔ اس کے بعد اس مسئلہ کو علماء امت کی تصریحات میں ملاحظہ فرمائیے۔

تمام علماء امت کے نزدیک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان اقدس میں توہین کفر ہے

شرح شفا قاضی لملا علی القاری جلد ۲ صفحہ ۳۹۳ پر ہے۔

"قال محمد بن سحنون: اجمع العلماء علی ان شاتم النبی صلی اللہ علیہ وسلم المتنقص لہ کافر، و من شک فی کفرہ و عذابہ کفر الخ" (اکفار الملحدین مؤلفہ مولوی انور شاہ صاحب کشمیری دیوبندی، صفحہ ۵۱)

(ترجمہ) "محمد بن سحنون فرماتے ہیں کہ تمام علماء امت کا اس بات پر اجماع ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان اقدس میں توہین و تنقیص کرنے والا کافر ہے اور جو شخص اس کے کفر و عذاب میں شک کرے وہ بھی کافر ہے۔"

ایک شبہ کا ازالہ

اس مقام پر یہ شبہ وارد کیا جاتا ہے کہ اگر کسی مسلمان کے کلام میں ننانوے وجہ کفر کی ہوں اور ایک وجہ اسلام کی ہو تو فقہاء کا قول ہے کہ کفر کا فتویٰ نہیں دیا جائے گا۔

اس کا ازالہ یہ ہے کہ یہ قول اس تقدیر پر ہے کہ کسی مسلمان کے کلام میں ننانوے وجوہ کفر کا صرف احتمال ہو کفر صریح نہ ہو، لیکن جو کلام مفہوم توہین میں صریح ہو اس میں کسی وجہ کو ملحوظ رکھ کر تاویل نہیں ہو سکتی، دیکھئے اکفار الملحدین کے صفحہ ۲۷ پر علماء دیوبند کے مقتداء مولوی انور شاہ صاحب کشمیری لکھتے ہیں!

"قال حبیب بن الربیع: لان ادعاء التاویل فی لفظ صراح لا یقبل"

(ترجمہ) حبیب ابن ربیع نے فرمایا کہ لفظ صریح میں تاویل کا دعویٰ قبول نہیں کیا جاتا۔

اور اگر باوجود صراحت تاویل کی گئی ہو تو وہ تاویل فاسد ہوگی اور تاویل فاسد خود بمنزلہ کفر ہے ملاحظہ فرمایئے یہی مولوی انور شاہ صاحب دیوبندی اکفار الملحدین کے صفحہ ۹۲ پر لکھتے ہیں!

"التاویل الفاسد کالکفر" "تاویل فاسد کفر کی طرح ہے"

ایک اور اعتراض کا جواب

حدیث شریف میں آیا ہے "انما الاعمال بالنیات" یعنی اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے، لہذا علماء دیوبند کی عبارتوں میں اگرچہ کلمات توہین پائے جاتے ہیں مگر ان کی نیت توہین اور تنقیص کی نہیں، اس لئے ان پر حکم کفر عائد نہیں ہو سکتا۔

اس کے جواب میں گذارش ہے کہ حدیث کا مفاد صرف اتنا ہے کہ کسی نیک عمل کا ثواب نیت ثواب کے بغیر نہیں ملتا، یہ مطلب نہیں کہ ہر عمل میں نیت معتبر ہے، اگر ایسا ہو تو کفر والحاد اور توہین و تنقیص نبوت کا دروازہ کھل جائے گا، ہر دریدہ دہن بے باک جو چاہے گا کہتا پھرے گا، جب گرفت ہوگی تو صاف کہہ دے گا کہ میری نیت توہین کی نہ تھی، واضح رہے کہ لفظ صریح میں جیسے تاویل نہیں ہو سکتی ایسے ہی نیت کا عذر بھی اس میں قابل قبول نہیں ہوتا، اکفار الملحدین صفحہ ۳ پر مولوی انور شاہ صاحب کشمیری دیوبندی لکھتے ہیں!

"المدار فی الحکم بالکفر علی الظواهر، ولا

نظر المقصود والنیات ولا نظر لقرائن حاله"

(ترجمہ) کفر کے حکم کا دارومدار ظاہر پر ہے قصد و نیت اور قرائن حال پر نہیں۔

نیز اسی اکفار الملحدین کے صفحہ ۸۶ پر ہے!

"وقد ذکر العلماء ان التھور فی عرض الانبیاء وان لم یقصد السب کفر"

(ترجمہ) علماء نے فرمایا ہے کہ انبیاء علیہم السلام کی شان میں جرأت و دلیری کفر ہے، اگرچہ توہین مقصود نہ ہو۔

توہین کا تعلق عرف عام اور محاورات اہل زبان سے ہوتا ہے

بعض لوگ کلمات توہین کے معنی میں قسم قسم کی تاویلیں کرتے ہیں لیکن یہ نہیں سمجھتے کہ اگر کسی تاویل سے معنی مستقیم بھی ہو جائیں اور اس کے باوجود عرف عام و محاورات اہل زبان میں اس کلمہ سے توہین کے معنی مفہوم ہوتے ہوں تو وہ سب تاویلات بے کار ہوں گی، مثلاً ایک شخص اپنے والد یا استاد کو کہتا ہے کہ آپ بڑے ولد الحرام ہیں اور تاویل یہ کرتا ہے کہ لفظ حرام کے معنی فعل حرام نہیں، بلکہ محترم کے ہیں، جیسے المسجد الحرام اور بیت اللہ الحرام، لہذا ولد الحرام سے مراد ولد محترم ہے، اور معنی یہ ہیں کہ آپ بڑے ولد محترم ہیں تو یقیناً کوئی اہل انصاف کسی بزرگ کے حق میں اس تاویل کی رو سے لفظ ولد الحرام بولنے کو قطعاً جائز نہیں رکھے گا اور ان کلمات کو بر بنائے عرف و محاورات اہل زبان کلمات توہین ہی قرار دے گا۔

لہذا ہم ناظرین کرام سے درخواست کریں گے کہ وہ علماء دیوبند کی توہین آمیز عبارات پڑھتے وقت اس اصول کو پیش نظر رکھتے ہوئے دیکھیں کہ عرف و محاورہ کے اعتبار سے اس عبارت میں توہین ہے یا نہیں؟۔

توہین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں قائل کی نیت کا اعتبار نہیں ہوتا

ناظرین کرام کی خدمت میں گذارش ہے کہ وہ توہینی عبارات پڑھتے ہوئے یہ خیال بھی دل میں نہ لائیں کہ قائل کی نیت توہین کی ہے یا نہیں؟ اس لئے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں توہین آمیز الفاظ بولتے وقت نیت کا اعتبار نہیں ہوتا، اور کلمۂ توہین بہر صورت توہین ہی قرار پاتا ہے، بشرطیکہ قائل کو یہ علم ہو جائے کہ یہ کلمہ توہین ہے یا یہ کلمہ توہین کا سبب ہو سکتا ہے، تو ایسی صورت میں بغیر نیت توہین کے بھی اس کلمے کا بولنا یقیناً موجب توہین ہوگا، دیکھئے صحابۂ کرام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بہ نیت تعظیم "راعنا" کہہ کر خطاب کیا کرتے تھے، لیکن یہودی چونکہ اس کلمہ کو حضور کے حق میں بہ نیت توہین استعمال کرتے تھے، یا ادنیٰ تصرف سے اس کو کلمۂ توہین بنا لیتے تھے، اس لئے اللہ تعالیٰ نے صحابۂ کرام کو راعنا کہنے سے منع کر دیا، اور اس حکم کے بعد اس کلمہ کا حضور کے حق میں بولنا توہین اور موجب عذاب الیم قرار دے دیا، معلوم ہوا کہ ابنائے زمانہ کی رکیک تاویلوں سے ساحت نبوت بہت بلند و بالا ہے، اور مؤولین کی من گھڑت تاویلات ان کو توہین کے جرم عظیم سے بچا نہیں سکتیں، جیسا کہ ہم اس سے پہلے مولوی انور شاہ صاحب کشمیری دیوبندی کی تصریحات اسی اعتراض کے جواب میں نقل کر چکے ہیں۔

توہین کا دارومدار واقعیت پر نہیں ہوتا

بعض لوگ توہین کو واقعیت پر موقوف سمجھتے ہیں، حالانکہ توہین وتنقیص کا تعلق الفاظ و عبارات سے ہوتا ہے، بسا اوقات کسی واقعہ کو اجمال کے ساتھ کہنا موجب توہین نہیں ہوتا، لیکن اسی امر واقعہ میں بعض تفصیلات کا آ جانا توہین کا سبب ہو جاتا ہے، اگرچہ ان تفصیلات کا بیان واقعہ

کے مطابق بھی کیوں نہ ہو ملاحظہ فرمائیے شرح فقہ اکبر مطبوعہ مجتبائی دہلی بار سوم ۱۹۰۷ء صفحہ ۹۴ میں ہے۔

عالم میں کوئی شے ایسی نہیں جس کے ساتھ ارادہ الٰہیہ متعلق نہ ہو اور اس بنا پر اگر یہ کہہ دیا جائے کہ تمام کائنات اللہ تعالیٰ کی مراد (یعنی ارادہ کی ہوئی) ہے تو اس میں کوئی توہین نہیں لیکن اگر اسی واقعہ کو اس تفصیل سے کہا جائے کہ ظلم، چوری، شراب خوری اللہ تعالیٰ کی مراد ہے تو اگرچہ یہ کلام واقعہ کے مطابق ہے لیکن ظلم فسق وغیرہ کی تفصیلات آجانے کے باعث خلاف ادب اور توہین آمیز ہو گیا اسی طرح بدلیل آیۂ قرآنیہ اللہ خالق کل شئی یہ کہنا بالکل جائز ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر شئے کا خالق ہے لیکن اللہ خالق القاذورات وغیرھا (اللہ تعالیٰ گندگیوں اور دوسری بُری چیزوں کو پیدا کرنے والا ہے) کہنا جائز نہیں کیونکہ کل اور ما فی الوجود کی تفصیل ایہام کفر کی وجہ سے موجب توہین ہے۔ (ملخصاً)

ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ کے اس بیان کی روشنی میں ہمارے ناظرین کرام پر مولوی اشرف علی صاحب تھانوی کی عبارت "حفظ الایمان" کا توہین ہونا بخوبی واضح ہو گیا ہو گا، تھانوی صاحب نے اپنی عبارت کی تائید کے لئے (کتاب) "شرح مواقف" کی عبارت سے استدلال کیا ہے، اس کا بے سود ہونا بھی اہل علم نے اچھی طرح سمجھ لیا ہو گا، جس کا خلاصہ یہ ہے کہ اگر

۱؎ دیکھئے مولوی اشرف علی صاحب تھانوی نے (اپنی کتاب) "بوادر النوادر" میں بھی یہی لکھا ہے "اسی لئے حق تعالیٰ کو خالق کل شئی کہنا درست ہے اور خالق الکلاب والخنازیر (کتوں اور سوروں کا خالق کہنا) بے ادبی ہے۔ بوادر النوادر (مطبوعہ ادارہ اسلامیات انارکلی، لاہور) صفحہ ۲۰۹

بالفرض یہ تسلیم بھی کر لیا جائے کہ بعض علم غیب حیوانات و بہائم اور پاگلوں کو ہوتا ہے، تب بھی مولوی اشرف علی صاحب تھانوی کی طرح یہ کہنا کہ اگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے بعض علم غیب مانا جائے تو ایسا علم غیب تو ہر زید و عمر اور ہر صبی و مجنون بلکہ جمیع حیوانات و بہائم کے لئے بھی حاصل ہے۔ یقینا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں موجب توہین ہوگا، کیونکہ اس عبارت میں بچوں، پاگلوں، حیوانات اور بہائم کے الفاظ ایسے ہیں جن کی تصریح ہر اہل فہم کے نزدیک اس کلام میں ایسی صریح توہین پیدا کر رہی ہے، جس کا انکار بجز معاند جھگڑالو کے کوئی شخص نہیں کر سکتا، بخلاف عبارت شرح مواقف کے کہ اس میں بچوں، پاگلوں، جانوروں اور حیوانوں کی قطعاً کوئی تفصیل مذکور نہیں، اور حقیقت یہ ہے کہ علماء دیوبند کی اکثر عبارات اسی نوعیت کی ہیں کہ ان میں کہیں چوہڑے چمار کی تفصیل مذکور ہے، کہیں شیطان لعین کی۔ اس لئے ہمارے منقولہ بالا بیان کی روشنی میں علماء دیوبند کی ایسی تمام عبارات کا توہین آمیز ہونا روز روشن کی طرح ظاہر ہے، اور ان میں جو تاویلات کی جاتی ہیں، ان سب کا لغو و بے کار ہونا اظہر من الشمس ہے۔

تکفیر مسلمین

علماء اہل سنت پر یہ الزام لگایا جاتا ہے کہ انہوں نے علماء دیوبند کو کافر کہا، رافضیوں، نیچریوں، بابیوں، بہائیوں حتی کہ ندویوں، کانگریسیوں، لیگیوں بلکہ تمام مسلمانوں کو کافر قرار دیا، گویا بریلی میں کفر کی مشین لگی ہوئی ہے، جس کے نشانے سے کوئی مسلمان نہیں بچ سکا۔

اس کے جواب میں بجز اس کے کیا کہا جائے کہ سبحانک ھذا بہتان عظیم، کسی مسلمان کو کافر کہنا مسلمان کی شان نہیں، ہمارا عقیدہ ہے کہ مسلمان کو کافر کہنے کا وبال کافر کہنے والے پر عائد ہوتا ہے، میں پورے وثوق سے کہتا ہوں کہ علماء بریلی یا ان کے ہم خیال کسی عالم نے آج تک کسی

مسلمان کو کافر نہیں کہا، خصوصاً اعلیٰ حضرت مجدد ملت مولانا احمد رضا خاں صاحب بریلوی قدس سرہٗ العزیز تو مسئلہ تکفیر میں اس قدر محتاط واقع ہوئے تھے کہ امام الطائفہ مولوی اسماعیل صاحب دہلوی کے بکثرت اقوال نقل کرنے کے باوجود لزوم و التزام کفر[1] کے فرق کو ملحوظ رکھتے یا امام الطائفہ کی توبہ

---

[1] لزوم کفر کے معنی ہیں کفر کا لازم ہونا اور التزام کفر کے معنی ہیں کفر کو اپنے اوپر لازم کرنا۔ بعض اوقات ایک کلام مستلزم کفر ہوتا ہے مگر قائل کو اس کا علم نہیں ہوتا، یہ لزوم کفر ہے مگر جب اسے بتا دیا جائے کہ تیرے اس کلام کو کفر لازم ہے اور وہ اس کے باوجود بھی اس پر اڑا رہے اور اپنے کلام میں لزوم کفر سے خبردار ہو کر بھی اس سے رجوع نہ کرے تو یہ التزام کفر ہوگا۔ مثال کے طور پر تقویۃ الایمان کی وہ عبارت سامنے رکھئے جس میں مولوی اسماعیل صاحب دہلوی نے ہر چھوٹی بڑی مخلوق کو اللہ کی شان کے آگے چمار سے زیادہ ذلیل کہا ہے، ظاہر ہے کہ چھوٹی مخلوق سے عام مخلوق اور بڑی مخلوق سے خاص مخلوق (انبیاء علیہم السلام، ملائکہ مقربین، محبوبان بارگاہ ایزدی) کے معنی بلا تامل سمجھ میں آتے ہیں، اور تمام بڑی مخلوق کا چمار سے زیادہ ذلیل ہونا مستلزم ہے انبیاء علیہم السلام کے اسی طرح ہونے کو والعیاذ باللہ جو کفر صریح ہے، لیکن اگر ہم حسن ظن سے کام لے کر یہ سمجھ لیں کہ امام الطائفہ اس سے بے خبر تھا تو یہ لزوم کفر ہوگا اور جب اسے خبردار کر دیا جائے کہ تیرا کلام کفر کو مستلزم ہے مگر وہ اس کے باوجود بھی اپنے اس قول سے رجوع نہ کرے تو یہ التزام کفر ہوگا۔ امام الطائفہ کے متعلق تو تھوڑی دیر کے لئے ہم یہ تسلیم بھی کر سکتے ہیں کہ وہ اس لزوم کفر سے غافل تھا اور اسے کسی نے متنبہ بھی نہیں کیا، اس لئے یہ لزوم التزام کی حد تک نہیں پہنچا، لیکن اس کے اتباع و اذناب بار بار متنبہ کئے جانے کے باوجود بھی اس عبارت کو صحیح قرار دیتے ہیں، ان کے حق میں کیسے کہا جائے کہ وہ التزام کفر سے بری ہیں۔

مشہور ہونے کے باعث از راہِ احتیاط مولوی اسمٰعیل صاحب کی تکفیر سے کفِ لسان فرمایا، اگرچہ وہ شہرت اس درجہ کی نہ تھی کہ کفِ لسان کا موجب ہو سکے، لیکن اعلیٰ حضرت نے احتیاط کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑا، ملاحظہ فرمائیے "الکوکبۃ الشہابیہ" مطبوعہ اہل سنت وجماعت بریلی صفحہ ۶۲،

حیرت ہے ، ایسے محتاط عالم دین پر تکفیر مسلمین کا الزام عائد کیا جاتا ہے۔ ع

بسوخت عقل ز حیرت کہ ایں چہ بوالعجبی است

دراصل اس پروپیگنڈے کا پس منظر یہ ہے کہ جن لوگوں نے بارگاہِ نبوت میں صریح گستاخیاں کیں، انہوں نے اپنی سیاہ کاریوں پر نقاب ڈالنے کے لئے اعلیٰ حضرت اور ان کے ہم خیال علماء کو تکفیر مسلمین کا مجرم قرار دے کر بدنام کرنا شروع کر دیا تاکہ عوام کی توجہ ہماری گستاخیوں سے ہٹ کر اعلیٰ حضرت کی تکفیر کی طرف مبذول ہو جائے، اور ہمارے مقاصد کی راہ میں کوئی چیز حائل نہ ہونے پائے، لیکن باخبر لوگ پہلے بھی باخبر تھے اور اب بھی وہ اس حقیقت سے بے خبر نہیں۔

ہمارا مسلک

مسئلہ تکفیر میں ہمارا مسلک ہمیشہ یہی رہا ہے کہ جو شخص بھی کلمہ کفر بول کر اپنے قول یا فعل سے التزام کفر کرے گا تو ہم اس کی تکفیر میں تامل نہیں کریں گے، خواہ وہ دیوبندی ہو یا بریلوی، لیگی ہو یا کانگرسی، نیچری ہو یا ندوی، اس بارے میں اپنے پرائے کا امتیاز کرنا اہل حق کا شیوہ نہیں، اس کا یہ مطلب نہیں کہ ایک لیگی نے کلمہ کفر بولا تو ساری لیگ کافر ہو گئی، یا ایک ندوی نے التزام کفر کیا تو معاذ اللہ سارے ندوی مرتد ہو گئے، ہم تو بعض دیوبندیوں کی عبارات کفریہ کی بنا پر ہر ساکن دیوبند کو بھی کافر نہیں کہتے، چہ جائیکہ تمام لیگی اور سارے ندوی کافر ہوں، ہم اور

ہمارے اکابر نے بار بار اعلان کیا کہ ہم کسی دیوبندیا لکھنو والے کو کافر نہیں کہتے، ہمارے نزدیک صرف وہی لوگ کافر ہیں جنہوں نے معاذ اللہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و محبوبان ایزدی کی شان میں صریح گستاخیاں کیں اور باوجود تنبیہ شدید کے انہوں نے اپنی گستاخیوں سے توبہ نہیں کی، نیز وہ لوگ جو ان کی گستاخیوں پر مطلع ہو کر اور ان کے صریح مفہوم کو جان کر ان گستاخیوں کو حق سمجھتے ہیں، اور گستاخیاں کرنے والوں کو مومن اہل حق، اپنا مقتداء اور پیشوا مانتے ہیں اور بس، ان کے علاوہ ہم نے کسی مدعی اسلام کی تکفیر نہیں کی، ایسے لوگ جن کی ہم نے تکفیر کی ہے، اگر ان کو ٹٹولا جائے تو وہ بہت قلیل اور معدود افراد ہیں، ان کے علاوہ نہ کوئی دیوبند کا رہنے والا کافر ہے، نہ بریلی کا، نہ لیگی نہ ندوی ہم سب مسلمانوں کو مسلمان سمجھتے ہیں۔

مفتیان دیوبند بھی اپنے اکابر علماء دیوبند کی عبارات متنازعہ کو عبارات کفریہ سمجھتے ہیں

عرب وعجم کے علماء اہل سنت نے جو علماء دیوبند کی توہین آمیز عبارات پر تکفیر فرمائی، اگر آپ سچ پوچھیں تو مفتیان دیوبند کے نزدیک بھی وہ تکفیر حق ہے، اور علماء دیوبند اچھی طرح جانتے ہیں کہ ان عبارات میں کفر صریح موجود ہے، لیکن محض اس لئے کہ وہ ان کے اپنے مقتداؤں اور پیشواؤں کی عبارات ہیں، تکفیر نہیں کرتے، اور اگر مفتیان دیوبند سے ان ہی کے پیشواؤں کی کسی ایسی عبارت کو لکھ کر فتویٰ طلب کیا جائے جس کے متعلق انہیں یہ علم نہ ہو کہ یہ ہمارے بڑوں کی عبارت ہے، تو اس عبارت کے لکھنے والے پر بے دھڑک کفر کا فتویٰ صادر فرمادیتے ہیں، پھر جب انہیں یہ بتایا جائے کہ جس عبارت پر آپ نے کفر کا فتویٰ دیا یہ آپ کے فلاں دیوبندی مقتداء کا قول ہے، تو پھر بجز ذلت آمیز سکوت کے کوئی جواب نہیں بن پڑتا، اس کی بہت سی مثالیں پیش کی

جا چکی ہیں، ہر دست ہم ایک تازہ مثال ناظرین کرام کی ضیافت طبع کے لئے پیش کرتے ہیں ،اور وہ یہ کہ ایک دیوبندی العقیدہ مولوی صاحب نے جو مودودیت کا شکار ہو چکے ہیں، مودودی صاحب کو دیوبندیوں کے عائد کردہ الزامات توہین سے بری الذمہ ثابت کرنے کے لئے مولوی محمد قاسم صاحب بانی مدرسہ دیوبند کی ایک عبارت ان کی کتاب "تصفیۃ العقائد" سے نقل کر کے دیوبند بھیجی، اور اس پر فتویٰ طلب کیا، مگر یہ نہ بتایا کہ یہ عبارت کس کی ہے، تو دیوبند کے مفتی صاحب نے اس عبارت پر بے دھڑک کفر کا فتویٰ صادر فرما دیا، ملاحظہ فرمایئے! اشتہار بعنوان

(دارالعلوم دیوبند کے مفتی کا مولانا محمد قاسم نانوتوی کو فتویٰ کفر)

"یہ فتویٰ دیوبندیوں کے گلے میں مچھلی کے کانٹے کی طرح پھنس کر رہ گیا"

دار الافتاء دیوبند کی طرف سے جو فتویٰ موصول ہوا ہے وہ درج ذیل ہے

مولانا محمد قاسم صاحب دارالعلوم دیوبند کی عبارت۔

"دروغ صریح بھی کئی طرح پر ہوتا ہے، ہر قسم کا حکم یکساں نہیں، ہر قسم سے نبی کو معصوم ہونا ضروری نہیں، بالجملہ علی العموم کذب کو منافی شان نبوت بایں معنی سمجھنا کہ یہ معصیت ہے اور انبیاء علیہم السلام معاصی سے معصوم ہیں، خالی غلطی سے نہیں"۔

فتویٰ ۷۸۶/۲۱ الجواب: انبیاء علیہم السلام معاصی سے معصوم ہیں، ان کو مرتکب معاصی سمجھنا العیاذ باللہ اہل سنت و جماعت کا عقیدہ نہیں، اس کی وہ تحریر خطرناک بھی ہے اور عام مسلمانوں کو ایسی تحریرات پڑھنا جائز بھی نہیں ۔ فقط واللہ اعلم، سید احمد سعید مفتی دار العلوم دیوبند۔

جواب صحیح ہے، ایسے عقیدے والا کافر ہے جب تک وہ تجدید ایمان اور تجدید نکاح نہ کرے، اس سے قطع تعلق کریں۔ مسعود احمد عفی اللہ عنہ مہر دار الافتاء فی دیو بند الہند

المشتہر۔ محمد عیسیٰ نقشبندی ناظم مکتبہ اسلامی لودھراں ضلع ملتان

ناظرین کرام غور فرمائیں کہ دیو بند سے مولوی محمد قاسم صاحب پر یہ فتویٰ کفر منگوا کر اشتہار میں چھاپنے والا مولوی محمد قاسم صاحب نانوتوی اور اکابر علماء دیو بند کا معتقد اور پیشوا ماننے والا ہے، مگر مودودی ہونے کی وجہ سے اس نے مودودی صاحب کے مخالفین علماء دیو بند کو نیچا دکھانے کے لئے اور مودودی صاحب پر علماء دیو بند کے صادر کئے ہوئے فتووں کو غلط ثابت کرنے کے لئے یہ چال چلی، اگرچہ مشتہر دیو بندی العقیدہ ہونے کی وجہ سے مولوی محمد قاسم صاحب نانوتوی بانی مدرسہ دیو بند پر مفتی دیو بند کے اس فتویٰ کفر کو صحیح تسلیم نہیں کرتا، لیکن ہمارے ناظرین کرام پر اس فتویٰ کو پڑھ کر یہ حقیقت بخوبی واضح ہوگئی ہوگی کہ مفتیان دیو بند کی نظر میں بھی علماء دیو بند کی عبارات کفریہ یقیناً کفریہ ہیں، لیکن چونکہ وہ اپنے مقتداء اور پیشوا ہیں، اس لئے ان کی عبارات کے سامنے خدا اور رسول کے احکام کی کچھ وقعت نہیں۔

اہل سنت پر پیر پرستی کا الزام لگانے والے ذرا اپنے گریبانوں میں منہ ڈال کر دیکھیں کہ اس سے بڑھ کر بھی کوئی پیر پرستی ہو سکتی ہے کہ خدا اور رسول سے اپنے پیروں اور پیشواؤں کو بڑھا دیا جائے، اہل انصاف کے نزدیک فی زمانہ یہی لوگ آیہ کریمہ "اتخذوا احبارھم ورھبانھم اربابا من دون اللہ" کے صحیح مصداق ہیں، یعنی وہ لوگ جنہوں نے اپنے احبار و رہبان (عالموں اور درویشوں) کو اللہ کے سوا پروردگار بنالیا ہے اور وہ اس طرح کہ ایک بات کوئی

دوسرا کہے تو اسے کافر بنا ڈالیں، اور وہی بات ان کے علماء اور پیشوا کہیں تو پکے مومن رہیں۔ العیاذ باللہ والی اللہ المشتکی۔

مسلمانوں کو کافر کہنے والا کون ہے؟

وہی لوگ مسلمانوں کو کافر کہنے والے ہیں جو بات بات پر کفر و شرک کا فتویٰ لگاتے رہتے ہیں، ملاحظہ فرمایئے: تقویت الایمان صفحہ ۳، بلغۃ الحیران (مؤلفہ مولوی حسین علی دیوبندی) صفحہ ۳، ان دونوں کتابوں میں ایسی عبارتیں اور فتوے درج کئے گئے ہیں جن کی رو سے عہد صحابہ سے لے کر قیامت تک پیدا ہونے والا کوئی مسلمان بھی کفر و شرک سے نہیں بچا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے علم غیب کا قائل، حاضر و ناظر ہونے کا معتقد، امور خارق للعادت میں بزرگان دین کے تصرف کا ماننے والا، یارسول اللہ کہنے والا، بزرگان دین کی تعظیم بجا لانے والا، مجلس میلاد شریف میں قیام تعظیمی اور اولیاء کرام کو ایصال ثواب کرنے والا، غرض ہر وہ مسلمان جو ان لوگوں کے مسلک کے خلاف ہو، معاذ اللہ کافر و مشرک بدعتی گمراہ ملحد اور بے دین ہے، ناظرین کرام غور فرمائیں کہ اس قسم کے فتووں سے کون سا مسلمان بچ سکتا ہے، تعجب ہے خود تمام مسلمانوں کو کافر و مشرک کہیں اور اہل سنت پر الزام لگائیں۔ فالی اللہ المشتکی

افضلیت و اصالت مصطفویہ صلی اللہ علیہ وسلم

اظہار کمالات محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں علماء امت کا ہمیشہ یہ مسلک رہا کہ جب انہوں نے کسی فرد مخلوق میں کوئی ایسا کمال پایا جو از روئے دلیل بہ حیثیت مخصوصہ اس فرد کے ساتھ مختص نہیں تو اس کمال کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے اس بنا پر تسلیم کر لیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم تمام عالم کے وجود اور اس کے ہر کمال کی اصل ہیں، جو کمال اصل میں نہ ہو فرع میں نہیں ہو

سکتا، لہذا فرع میں ایک کمال کا پایا جانا اس امر کی روشن دلیل ہے کہ اصل میں یہ کمال ضرور ہے اور اس میں شک نہیں کہ یہ اصول بالکل صحیح ہے۔ معمولی سمجھ رکھنے والا انسان بھی سمجھ سکتا ہے کہ جب فرع کا ہر کمال اصل سے مستفاد ہے تو یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ ایک کمال فرع میں ہو اور اصل میں نہ ہو۔

بخلاف عیب کے یعنی یہ ضروری نہیں کہ فرع کا عیب اصل کے عیب کی دلیل بن جائے، ہم اکثر دیکھتے ہیں کہ ہرے بھرے درخت کی بعض ٹہنیاں سوکھ جاتی ہیں مگر جڑ تر و تازہ رہتی ہے، اس لئے کہ اگر جڑ ہی خشک ہو جاتی تو اس کی ایک شاخ بھی سرسبز و شاداب نہ رہتی، اور جب سوائے چند شاخوں کے سب ٹہنیاں سرسبز اور شاداب ہوں، تو معلوم ہوا کہ جڑ تر و تازہ ہے اور یہ چند شاخیں جو مرجھا کر خشک ہو گئی ہیں، اس کی وجہ یہ ہے کہ اندرونی اور باطنی طور پر ان کا تعلق اصل سے ٹوٹ گیا ہے، یہ صحیح ہے کہ بعض اوقات فرع کا عیب اصل کی طرف منسوب ہو جاتا ہے، لیکن یہ اسی وقت ہوتا ہے جب اصل میں عیب پایا جائے اور جب اصل کا بے عیب ہونا دلیل سے ثابت ہو تو پھر فرع کا کوئی عیب اصل کی طرف منسوب نہیں ہو سکتا، اور اس میں شک نہیں کہ اصل کائنات یعنی محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم کا بے عیب ہونا دلیل سے ثابت ہے، خود نام پاک "محمد" ہی اس کی دلیل ہے کیونکہ لفظ "محمد" کے معنی ہیں بار بار تعریف کیا ہوا، اور ظاہر ہے کہ نقص و عیب مذمت کا موجب ہے نہ کہ تعریف کا، لہذا واضح ہو گیا، موجودات ممکنہ کے عیوب و نقائص اصل ممکنات حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب نہیں ہو سکتے، بلکہ ان کا اصل عیب یہی ہے کہ وہ باطنی اور معنوی طور پر اپنی اصل سے منقطع ہو کر اس کے فیوض و برکات سے محروم ہو گئے۔

علیٰ ہذا القیاس ہم کہہ سکتے ہیں کہ موجوداتِ عالم کا ہر کمال کمالِ محمدی کی دلیل ہے۔ مگر کسی فردِ عالم کا عیب معاذ اللہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے عیب کی دلیل نہیں ہو سکتا، کیونکہ جس فرد میں عیب پایا جاتا ہے، در حقیقت وہ اندرونی اور باطنی طور پر اصلِ کائنات یعنی روحانیتِ محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والتحیہ سے منقطع ہو چکا ہے، گویا اصل سے کٹ جانا ہی عیب ہے۔

اسی اصول کے مطابق حضرت مولانا عبدالسمیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ مصنف "انوار ساطعہ" نے تحریر فرمایا تھا کہ جب چاند سورج کی چمک دمک تمام روئے زمین پر پائی جاتی ہے، اور شیطان و ملک الموت تمام محیطِ زمین پر موجود رہتے ہیں، بنی آدم کو دیکھتے اور ان کے احوال کو جانتے ہیں، تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنی روحانیت و نورانیت کے ساتھ بیک وقت بہت سے مقامات پر تمام روئے زمین میں رونق افروز ہونا اور اس کا علم رکھنا کس طرح کفر و شرک ہو سکتا ہے۔

ظاہر ہے کہ مولانا محمد عبدالسمیع رحمۃ اللہ علیہ کا یہ کلام تو اسی اصل پر مبنی تھا، لیکن مولوی (خلیل احمد) انبیٹھوی صاحب جب انوار ساطعہ کے رد میں "براہین قاطعہ" لکھنے بیٹھے تو انہوں نے اپنی بلادتِ طبع کے باعث انوار ساطعہ میں لکھے ہوئے حضور کے اس کمال کو حضور کے وصفِ اصالت کی بجائے اسے افضلیت پر مبنی سمجھ لیا، یعنی مولوی انبیٹھوی صاحب نے یہ سمجھا کہ صاحب انوار ساطعہ نے جو شیطان و ملک الموت کے ہر جگہ موجود ہونے اور روئے زمین کی اشیاء کا عالم ہونے کو بیان کر کے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ہر جگہ موجود ہونے اور روئے زمین کے علوم سے متصف ہونے کی طرف مسلمانوں کو متوجہ کیا ہے، اس کا مبنیٰ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی افضلیت محضہ ہے، انبیٹھوی صاحب نے اپنی غلط فہمی سے بزعمِ خود ایک بنیادِ فاسد قائم کر دی، اور اس پر

مفاسد کی تعمیر کرتے چلے گئے، چنانچہ اسی بناء الفاسد علی الفاسد کے سلسلے میں وہ تحریر فرماتے ہیں!

"اعلیٰ علیین میں روح مبارک علیہ السلام کی تشریف رکھنا اور ملک الموت سے افضل ہونے کی وجہ سے ہرگز ثابت نہیں ہوتا کہ علم آپ کا ان امور میں ملک الموت کے برابر بھی ہو چہ جائیکہ زیادہ" (براہین قاطعہ مطبوعہ ساڈھورہ صفحہ ۵۱)

ع۔ بریں عقل و دانش بباید گریست

انبٹھوی جی! آپ سے کس نے کہہ دیا کہ صاحب انوار ساطعہ نے ملک الموت سے محض افضل ہونے کی وجہ سے حضور کا علم ملک الموت سے زیادہ تسلیم کیا ہے، صاحب انوار ساطعہ کیا کسی سُنی عالم دین نے بھی افضلیت محضہ کو زیادتی علم کی دلیل نہیں بنایا، ہم تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اصالت کو حضور کی اعلمیت کی دلیل قرار دیتے ہیں اور اگر بالفرض کسی نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی افضلیت کو حضور کی اعلمیت کی دلیل بنایا بھی ہو تو اس سے افضلیت محضہ سمجھنا انتہائی حماقت ہے، کیونکہ حضور کی افضلیت حضور کے ساتھ خاص ہے، جس کا تحقق اصالت کے بغیر ناممکن ہے۔

ہمارے اس بیان کی روشنی میں مخالفین کا ان تمام حوالہ جات کو پیش کرنا بے سود ہو گیا، جن سے وہ ثابت کیا کرتے ہیں کہ افضلیت کو اعلمیت مستلزم نہیں، مثلاً حضرت موسیٰ علیہ السلام حضرت خضر علیہ السلام سے افضل ہیں، لیکن بعض علوم حضرت خضر علیہ السلام کے لئے ثابت ہیں، لیکن حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لئے ان کا حصول ثابت نہیں وغیرہ وغیرہ۔

مخالفین نے ابھی تک اس حقیقت کو سمجھا ہی نہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی افضلیت پر دوسروں کی افضلیت کا قیاس کرنا درست نہیں، اس لئے کہ حضور اصل کائنات ہیں اور یہ وصف اصالت عامہ حضور کے علاوہ کسی کو نہیں ملا، بنا بریں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی افضلیت اعلمیت کو

مستلزم ہوگی اور حضور کے علاوہ کسی دوسرے کی افضلیت میں اعلمیت کا استلزام نہ ہوگا۔

اس بات کی تائید وتصدیق کہ حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم تمام رسولوں سے افضل اور سب انبیاء کے خاتم ہیں، نیز یہ کہ تمام انبیاء علیہم السلام، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مدد حاصل کرتے ہیں، شیخ اکبر محی الدین ابن العربی رضی اللہ عنہ کے اس قول سے ہوتی ہے جو شیخ رضی اللہ عنہ نے باب ۳۹۱ کے علوم میں ارشاد فرمایا ہے کہ مخلوق کا کوئی فرد، دنیا اور آخرت کا کوئی علم حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی باطنیت (روحانیت) کے بغیر کسی ذریعہ سے حاصل نہیں کر سکتا، برابر ہے کہ انبیاء متقدمین ہوں یا وہ علماء ہوں جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے متاخر ہیں، اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ مجھے اولین وآخرین کے تمام علوم عطا کیے گئے ہیں، اور اس میں شک نہیں کہ ہم آخرین سے ہیں (پھر ہمارا کوئی علم بلا واسطہ روحانیت محمدیہ کیونکر حاصل ہوسکتا ہے) اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان علوم کے حکم میں تعمیم فرمائی لہذا یہ حکم ہر قسم کے علوم کو شامل ہے، خواہ وہ علم منقول ومعقول ہو یا مفہوم وموہوب لہذا ہر مسلمان کو کوشش کرنی چاہیے کہ بواسطۂ نبی کریم حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم، اللہ تعالیٰ سے علم حاصل کرے، کیونکہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کی تمام مخلوق میں علی الاطلاق سب سے زیادہ علم والے ہیں۔

(شیخ محی الدین ابن عربی، الیواقیت والجواہر، مطبوعہ مصر، جلد۲، صفحہ ۳۹)

بعض علوم کو برا کہہ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات مقدسہ سے اس کی نفی کرنا بد ترین جہالت اور بارگاہ نبوت سے کھلی عداوت ہے

دیوبندی حضرات اہل سنت کے مواخذہ سے تنگ آکر یہ کہہ دیا کرتے ہیں کہ ہم حضور

کے لئے وہی علوم مانتے ہیں جو نبوت و رسالت سے متعلق اور حضور کی شان کے لائق ہیں، غیر ضروری علوم اور نجاستوں، غلاظتوں، مکروفریب، چوری، دغابازی، ضلالت و گمراہی کے طریقوں اور ان کی تفصیلات کا برا اور مذموم علم اور شیطانی علوم کو حضور کے لئے ثابت کرنا حضور کے حق میں عیب ہے، جس سے حضور کا پاک ہونا ضروری ہے۔

اس کا جواب یہ ہے کہ علم کا مقابل جہل ہے اور جہل فی نفسہ نقص و عیب ہے، تو لامحالہ علم فی نفسہ حسن و کمال ہوگا، دیکھئے حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ تفسیر فتح العزیز میں ارقام فرماتے ہیں:

"دریں جا باید دانست کہ علم فی نفسہ مذموم نیست ہر چونکہ باشد"

(تفسیر فتح العزیز، مطبوعہ مطبع العلوم متعلقہ مدارس دہلی، جلد اول، صفحہ ۳۳۵)

(ترجمہ) یہاں جاننا چاہیے کہ علم جیسا بھی ہو فی نفسہ برا نہیں ہوتا۔

اس کے بعد شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے ان اسباب کا تفصیلی بیان فرمایا ہے جن کی وجہ سے کسی علم میں برائی آسکتی ہے، جن کا خلاصہ حسب ذیل ہے:

۱۔ توقع ضرر

۲۔ استعداد عالم کا قصور

۳۔ علوم شرعیہ میں بے جا غور کرنا

ہمارے ناظرین کرام عقل و انصاف کی روشنی میں اتنی بات بخوبی سمجھ سکتے ہیں کہ حضرت شاہ صاحب کے بیان فرمودہ تینوں سببوں کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں پایا جانا ممکن نہیں کیونکہ عصمت انبیاء کی وجہ سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں ضرر کی توقع نہیں ہو

سکتی، اسی طرح حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی استعداد مقدسہ میں قصور کا پایا جانا بھی محال ہے، علی ھذا القیاس امور شرعیہ میں بے جا غور وفکر کرنا بھی رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے قطعاً ناممکن ہے، ورنہ علوم شرعیہ بھی معاذ اللہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں مذموم ہو جائیں گے، معلوم ہوا کہ جن اسباب خارجہ کی وجہ سے کسی علم میں برائی پیدا ہو سکتی ہے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں ان کا پایا جانا ممکن نہیں، لہٰذا ثابت ہو گیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو خواہ کیسا ہی علم کیوں نہ ہو وہ حضور کے حق میں برا نہیں ہو سکتا، اور اگر ہم آنکھیں بند کر کے یہ تسلیم ہی کر لیں کہ بعض علوم فی نفسہا برے ہوتے ہیں تو میں عرض کروں گا کہ جو چیز فی نفسہ بری اور مذموم ہو وہ عیب ہے، اور عیب صرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں محال نہیں بلکہ حضور علیہ السلام سے پہلے اللہ تعالیٰ کے حق میں محال ہے، نہ صرف محال بلکہ محال عقلی اور ممتنع لذاتہ ہے، لہٰذا ایسے علم کو جو فی نفسہٖ برا ہو اور حضور کے حق میں اس کا ہونا عیب قرار پائے اسے اللہ تعالیٰ کے لئے بھی ثابت کرنا ناممکن ہو گا، کیونکہ صفتِ ذمیمہ کا اثبات حقیقتاً عیب لگانا ہے، جب اللہ تعالیٰ ہر عیب سے پاک ہے، تو برے علم سے بھی پاک ہونا اس کے لئے یقیناً واجب ہو گا، جو چیز (فی نفسہٖ) بندوں کے حق میں عیب ہو، اللہ تعالیٰ کا اس سے منزہ ہونا ضروری ہے، دیکھئے کذب، جہل، ظلم، سفہ وغیرہ امور فی نفسہا جس طرح بندوں کے حق میں عیب ہیں اسی طرح اللہ تعالیٰ کے حق میں بھی عیب ہیں اور اللہ تعالیٰ کا ان سے پاک ہونا ضروری ہے، اسی لئے (کتاب) "مسامرہ" جز ثانی صفحہ ۶۰ مطبوعہ مصر میں علامہ کمال ابن ابی شریف ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے ارقام فرماتے ہیں!

"ہم کہیں گے کہ اشعری اور ان کے علاوہ (تمام اہل سنت) اس بات پر متفق ہیں کہ ہر وہ چیز جو (فی نفسہٖ) بندوں کے حق میں عیب اور نقص کی صفت ہو، اللہ تعالیٰ

اس سے پاک ہے، اور وہ صفت نقص اللہ تعالیٰ پر محال ہے"

ایسی صورت میں حضرات علماء دیو بند سے مخلصانہ استفسار ہے کہ جب آپ اللہ تعالیٰ کو ہر عیب سے پاک سمجھتے ہیں تو کیا اس کی ذات مقدسہ سے ان تمام علوم کی نفی کریں گے، جنہیں نجاست و غلاظت، مکر و فریب کا علم اور شیطانی علوم کہہ کر برا اور مذموم قرار دیا گیا ہے، اگر نہیں تو کیا اللہ تعالیٰ کو آپ معیوب و نقائص سے منزہ نہیں مانتے؟۔

حیرت ہے کہ جن لوگوں کی عبارات توہین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ملوث ہیں اس مسئلے میں انہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس قدر حد سے زائد محبت کس طرح ہوگئی کہ اللہ تعالیٰ کی تنزیہ سے بھی ان کے نزدیک حضور کی تقدیس زیادہ اہم اور ضروری قرار پاگئی۔ فیا للعجب۔

درحقیقت یہ بھی عداوت رسول کا ایک بین ثبوت ہے، کیونکہ قاعدہ ہے کہ اگر کسی اچھی چیز سے کسی کو بربنائے عداوت محروم رکھنا ہو تو اس چیز کو برا اور مذموم کہہ دیا جاتا ہے، تاکہ دوسروں پر یہ ظاہر کیا جائے کہ ہم اس شخص کی محبت و خیر خواہی کی بنا پر اس بری چیز سے اسے محفوظ رکھنا چاہتے ہیں، لیکن حقیقتاً عداوت کی وجہ سے اس کو ایک اچھی اور مفید چیز سے محروم رکھنا مقصود ہوتا ہے، بالکل یہی صورت حال یہاں ہے کہ بری چیزوں کے فی نفسہ علم کو (جو عین کمال ہے) نقص و عیب قرار دے دیا گیا، تاکہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ثابت نہ ہو سکے۔ العیاذ باللہ والی المشتکیٰ۔

ایک کثیر الوقوع شبہ کا ازالہ

بعض لوگوں کو یہ کہتے سنا گیا ہے کہ علماء دیو بند نے دین کی بہت خدمت کی، سینکڑوں علماء ان سے پیدا ہوئے، انہوں نے بے شمار کتابیں لکھیں، ان میں بہت سے لوگ پیری مریدی کرتے ہیں اور ان میں عابد و زاہد بھی پائے جاتے ہیں، انہوں نے اپنی تقریروں اور تحریروں سے

دین کی بہت کچھ تبلیغ و اشاعت کی، ایسی صورت میں ذہن اس بات کو قبول نہیں کرتا کہ انہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور دیگر انبیاء علیہم السلام کی شان میں توہین آمیز عبارات لکھی ہوں۔

اس کا جواب یہ ہے کہ اس قسم کے لوگوں سے توہین رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا سرزد ہو جانا عقلاً یا شرعاً کسی طرح بھی محال نہیں، بلعم بن باعور کتنا بڑا عابد و زاہد اور مستجاب الدعوات تھا، لیکن حضرت موسیٰ علیہ السلام کی مخالفت اور ان کی اہانت کا مرتکب ہو کر ولکنہ اخلد الی الارض کا مصداق بن گیا، اور ہمیشہ کے لئے قعر مذلت میں گر گیا، شیطان کا عابد و زاہد اور عالم و عارف ہونا سب کو معلوم ہے، جب وہ حضرت آدم علیہ السلام کی توہین کر کے راندۂ درگاہ ہو گیا تو دوسروں کے لئے توہین رسول کا ارتکاب کیونکر ناممکن قرار پا سکتا ہے۔

خوارج و معتزلہ اور دیگر فرق باطلہ کے علمی اور عملی کارنامے اگر تاریخ کی روشنی میں دیکھے جائیں تو اس زمانہ کے حضرات مذاہب حق کے علم و عمل کا پلہ کہیں بھاری تھا، ان کی مزعومہ دینی خدمات تدریس و تبلیغ اور تصنیف و تالیف کے مقابلے میں ابناء زمانہ کی خدمات اور کار گزاریاں ذرہ بے مقدار کی حیثیت بھی نہیں رکھتیں، لیکن ان کے یہ تمام علمی اور عملی کارنامے ان کو قعر ذلت سے بچا نہ سکے، رہی خدمت و حمایت دین، تو اس کے لئے ضروری نہیں کہ اہل حق ہی کے ذریعے ہو، بلکہ اللہ تعالیٰ اپنے دین کی تائید نافرمانوں اور فاجروں سے بھی کرا لیتا ہے، چنانچہ حدیث شریف میں وارد ہے "ان اللہ یؤید ھذا الدین بالرجل الفاجر" لہٰذا اعانت و حمایت دین اور ظاہری علم و عمل کے پائے جانے سے ہرگز یہ لازم نہیں آتا کہ ایسے لوگ فی الواقع اللہ تعالیٰ کے نزدیک پسندیدہ اور محبوب ہوں۔

کفر و شرک و بدعت:

اگر غور سے دیکھا جائے تو ان حضرات کا سب سے بڑا کارنامہ یہ ہے کہ انہوں نے تمام امت مسلمہ کو کافر ومشرک اور بدعتی بنا ڈالا، مثلاً یا رسول اللہ کہنا شرک، اولیاء کرام کی نذر (لغوی) شرک، مزارات اولیاء پر جانا کفر، میلاد بدعت، عرس حرام، گیارھویں شرک، اذان میں حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا نام نامی سن کر انگوٹھے چومنا بدعت، الغرض کفر وشرک کی ایسی بھرمار کی کہ جس سے دوسرے تو کیا بچتے، خود بھی محفوظ نہ رہ سکے، اس مختصر میں تفصیل کی تو گنجائش نہیں، البتہ اجمالاً اتنا عرض کر دینا کافی ہے کہ منصوص قطعی کا انکار کفر ہے، غیر خدا کو خدا ماننا یا خدا کی کوئی صفت کسی غیر کے لئے ثابت کرنا شرک ہے اور دین میں ایسی چیز پیدا کرنا جس کی اصل دین متین میں نہ پائی جائے، بدعت ہے، یعنی ہر وہ چیز جو کسی دلیل شرعی کے معارض ہو، بدعت شرعیہ ہے۔

یہ عرس ومیلاد ودیگر اعمال مستحبہ جنہیں کفر وشرک اور بدعت قرار دیا جاتا ہے، حقیقتاً امور مستحبہ ہیں، الحمدللہ آج تک کوئی منکر ان امور میں سے کسی امر کو نہ کسی نص قطعی کے خلاف ثابت کر کے ان کے کفر ہونے پر دلیل لا سکا اور نہ ان کو کسی دلیل شرعی کے خلاف ثابت کر کے ان کے بدعت ہونے پر استدلال کر سکا، البتہ اتنی بات ضرور کہی جاتی ہے، کہ جس طریقہ سے تم یہ کام کرتے ہو اسی طرح خیر القرون میں یہ کام کسی نے نہیں کئے، لہٰذا یہ سب امور بدعت ہیں، اس کے جواب میں تحقیق وتفصیل تو ان شاء اللہ دوسرے رسالہ میں ہدیۂ ناظرین ہوگی، سردست اتنا عرض کر دینا کافی ہے کہ اگر ان امور کی ہیئت کذائیہ کی تفصیلات قرون اولیٰ میں نہیں پائی گئیں، تو صرف اس وجہ سے ان کو بدعت کہنا ہرگز درست نہیں ہو سکتا، دیکھئے قرآن مجید کی تیس پاروں میں تقسیم، اعراب قرآن، جمع احادیث، بنا مدارس، تعلیم دین پر اجرت لینا، اوراد واعمال مشائخ وغیرہ بے شمار کام ایسے ہیں کہ خیر القرون میں ان کا وجود نہیں پایا گیا، لیکن علماء دیوبند بھی انہیں بدعت

نہیں کہتے، معلوم ہوا کہ یہ بات قطعاً غلط اور ناقابلِ قبول ہے۔

اسی طرح کوئی منکر کسی حجت شرعیہ سے ان امور کے اعتقاد یا عمل کا شرک ہونا بھی ثابت نہ کرسکا، شرک کے متعلق ہمارے ناظرین کرام یہ بات ضرور یاد رکھیں کہ شرک توحید کا مقابل ہے اور مسئلہ توحید واجب عقلی ہے لہذا شرک لامحالہ اعتقاد امر ممتنع لذاتہ کا نام ہوگا۔

ظاہر کہ تصرفات انبیاء و اولیاء علیہم السلام اور ان کے باقی کمالات علمیہ و عملیہ سب مقید بالعطاء و باذن اللہ ہیں اور یہ امر بھی روز روشن کی طرح واضح ہے کہ عطاء الٰہی اور اذن خداوندی کے ساتھ اللہ کے کسی محبوب کے لئے علمی یا عملی کمالات و تصرفات کا ہونا ہرگز ممتنع لذاتہ نہیں، اس لئے اذن و عطا کی قید کے ساتھ ان کا اعتقاد کسی طرح شرک نہیں ہوسکتا، البتہ الوہیت اور وجوب وجود اور غناء ذاتی ایسے امور ہیں، جن کی عطا ممتنع لذاتہ ہے، اس لئے جو شخص کسی کے حق میں ان امور میں سے کسی امر کی عطا کا اعتقاد رکھے گا وہ یقیناً مشرک ہوگا جیسا کہ مشرکین عرب اپنے الٰہ باطلہ کے حق میں اسی قسم کا اعتقاد رکھتے تھے، اور کسی مسلمان کا کسی غیر اللہ کے حق میں ہرگز یہ اعتقاد نہیں، الحمد للہ اس مختصر بیان سے اہل علم پر مخالفین کے وہ تمام مکر و فریب آشکارا ہو گئے جن میں بعض حضرات مبتلا ہو جاتے ہیں۔ (وللہ الحجۃ البالغۃ)

انصاف کیجئے

جو دیوبندی حضرات علماء دیوبند کی صریح توہینی عبارتوں میں توہین نہیں مانتے، ان کی خدمت میں مخلصانہ گذارش ہے کہ آپ کے علماء کی عبارات کے مقابلے میں مودودی صاحب کی وہ عبارتیں توہین کے مفہوم سے بہت دور ہیں جن سے خود آپ کے علماء دیوبند نے توہین کا مفہوم نکال کر مودودی صاحب پر الزامات توہین عائد کئے ہیں، اگرچہ ہمارے نزدیک دونوں میں

کوئی فرق نہیں لیکن عبارات میں صراحت ووضاحت توہین کے بین تفاوت کا انکار نہیں کیا جا سکتا، ہم مودودی صاحب کی ان عبارات میں سے صرف ایک عبارت بلاتشریح تحریر کرتے ہیں، جس کی بناء پر علماء دیوبند نے مودودی صاحب کو توہین خدا ورسول کا مجرم گردانا ہے، اسی طرح اس عبارت کے مقابلے میں تین عبارتیں اکابر علماء دیوبند کی بھی بلاتشریح پیش کرتے ہیں، جن سے علماء اہل سنت نے اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین سمجھی ہے، اور یہ فیصلہ آپ پر چھوڑتے ہیں کہ مفہوم توہین میں کس کی عبارت زیادہ واضح اور صریح ہے۔

مودودی صاحب کی وہ عبارت جس سے علماء دیوبند نے اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین اخذ کر کے مودودی صاحب پر خدا اور رسول کی توہین کا الزام عائد کیا ہے۔

"حضور کو اپنے زمانہ میں یہ اندیشہ تھا کہ شاید دجال آپ کے عہد ہی میں ظاہر ہو جائے یا آپ کے بعد کسی قریبی زمانہ میں ظاہر ہو لیکن کیا ساڑھے تیرہ سو برس کی تاریخ نے یہ ثابت نہیں کر دیا کہ حضور کا یہ اندیشہ صحیح نہ تھا، اب ان چیزوں کو اس طرح نقل وروایت کئے جانا، کہ گویا یہ بھی اسلامی عقائد ہیں، نہ تو اسلام کی صحیح نمائندگی ہے، اور نہ اسے حدیث ہی کا صحیح مفہوم کہا جا سکتا ہے، جیسا کہ میں عرض کر چکا ہوں، اس قسم کے معاملات میں نبی کے قیاس وگمان کا درست نہ نکلنا ہرگز منصب نبوۃ پر طعن کا موجب نہیں ہے"۔ ماخوذ از ترجمان القرآن ربیع الاول ۱۳۶۵ھ جلد ۲۹

(رسالہ "حق پرست علماء کی مودودیت سے ناراضگی کے اسباب" مولفہ مولوی احمد علی صاحب امیر انجمن خدام الدین اور دروازہ شیرانوالہ لاہور صفحہ ۱۸)

اب ملاحظہ ہوں اکابر علماء دیوبند کی وہ عبارات جن سے علماء اہل سنت نے اللہ تعالیٰ اور

اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین سمجھ کر ان پر توہین خدا اور رسول کا حکم لگایا ہے۔

(۱) "اور انسان خود مختار ہے اچھے کام کریں یا نہ کریں، اور اللہ کو پہلے اس سے کوئی علم بھی نہیں کہ کیا کریں گے بلکہ اللہ کو ان کے کرنے کے بعد معلوم ہوگا، اور آیات قرآنیہ جیسا کہ لیعلم اللہ الذین وغیرہ بھی اور احادیث کے الفاظ بھی اس مذہب پر منطبق ہیں"۔

(بلغۃ الحیران، مصنفہ مولوی حسین علی صاحب، صفحہ ۱۵۸،۱۵۷)

(۲) "پھر دروغ صریح بھی کئی طرح پر ہوتا ہے جن میں سے ہر ایک کا حکم یکساں نہیں ہر قسم سے نبی کو معصوم ہونا ضروری نہیں"

(تصفیہ العقائد، از مولوی محمد قاسم نانوتوی، صفحہ ۲۵)

(۳) "بالجملہ علی العموم کذب کو منافی شان نبوت بایں معنی سمجھنا کہ یہ معصیت ہے اور انبیاء علیہم السلام معاصی سے معصوم ہیں، خالی غلطی سے نہیں"۔

(تصفیہ العقائد، از مولوی محمد قاسم نانوتوی، صفحہ ۲۸)

مودودی صاحب اور علماء دیوبند دونوں کی اصل عبارات بلا کم و کاست آپ کے سامنے موجود ہیں، اگر آپ نے خوف خدا کو دل میں جگہ دے کر پوری دیانتداری سے بنظر انصاف غور فرمایا تو آپ یہ تسلیم کرنے پر مجبور ہو جائیں گے کہ مودودی صاحب کی عبارت کے مقابلہ میں علماء دیوبند کی عبارات مفہوم توہین میں زیادہ صریح ہیں۔

دیوبندی حضرات کا علماء اہل سنت پر ایک اعتراض اور دیوبندی عالم کی تحریر سے اس کا جواب

دیوبندی حضرات علماء اہل سنت پر اعتراض کرتے ہیں کہ علماء دیوبند پر اعتراض کرنے والے ان کی عبارتوں کے سیاق وسباق کو نہیں دیکھتے جو فقرہ قابل اعتراض ہوتا ہے فقط اس کو پکڑ لیتے ہیں، اور صرف اسی فقرہ کے باعث علماء دیوبند پر طعن وتشنیع شروع کردیتے ہیں۔

برادران اسلام! سیاق وسباق سے دیوبندی حضرات کی مراد یہ ہوتی ہے کہ اگلی پچھلی عبارتوں کو دیکھ کر پھر اعتراض ہو تو کرنا چاہیئے۔

جواباً عرض ہے مودودی صاحب پر اعتراض کرنے والے دیوبندیوں پر بعینہٖ یہی اعتراض انہی الفاظ میں مودودیوں کی طرف سے آپ کے مولوی احمد علی صاحب دیوبندی نے اپنے رسالہ "حق پرست علماء کی مودودیت سے ناراضگی کے اسباب" کے صفحہ ۸۰ پر نقل کیا ہے اور اس کا جواب بھی صفحہ ۸۱ پر دیا ہے، ہم بعینہٖ وہی جواب نقل کئے دیتے ہیں، ملاحظہ فرمایئے۔

"اگر دس سیر دودھ کسی کھلے منہ والے دیگچے میں ڈال دیا جائے اور اس دیگچے کے منہ پر ایک لکڑی رکھ کر ایک تاگہ میں خنزیر کی ایک بوٹی ایک تولہ کی اس لکڑی میں باندھ کر دودھ میں لٹکا دی جائے پھر کسی مسلمان کو اس دودھ میں سے پلایا جائے وہ کہے گا کہ میں اس دودھ سے ہرگز نہیں پیوں گا، کیونکہ سب حرام ہو گیا ہے، پلانے والا کہے کہ بھائی ۱۰ سیر دودھ کے آٹھ سو تولے ہوتے ہیں، آپ فقط اس بوٹی کو کیوں دیکھتے ہو دیکھئے اس بوٹی کے آگے پیچھے دائیں بائیں اور اس کے نیچے چار انچ کی گہرائی میں دودھ ہی دودھ ہے، وہ مسلمان یہی کہے گا، یہ سارا دودھ خنزیر کی ایک بوٹی کے باعث حرام ہو گیا ہے، یہی قصہ مودودی صاحب کی عبارتوں کا ہے، جب مسلمان مودودی صاحب کا یہ لفظ پڑھے گا کہ خانہ کعبہ کے ہر طرف جہالت اور گندگی

ہے اس کے بعد مودودی صاحب ہزار تعریف کریں، مگر جب تک مودودی صاحب اس فقرہ سے توبہ کر کے اعلان نہیں کریں گے، مسلمان کبھی راضی نہیں ہوں گے، جب تک کہ یہ خنزیر کی بوٹی اس دودھ سے نہیں نکالیں گے"۔ (ص ۸۰، ۸۱)

پس دیوبندی حضرات یہی جواب ہماری طرف سے سمجھ لیں، اور خوب یاد رکھیں کہ علماء دیوبند کی عبارات میں محبوبان حق تبارک وتعالےٰ کی ہزار تعریفیں ہوں، مگر جب تک وہ توہین آمیز فقروں سے توبہ نہیں کریں گے، اہل سنت ان سے کبھی راضی نہیں ہوگے۔

ایک بات قابل ذکر یہ ہے کہ بعض حضرات توہین آمیز عبارات کے صریح مفہوم کو چھپانے کے لئے علماء دیوبند کی وہ عبارات پیش کر دیتے ہیں جن میں انہوں نے توہین وتنقیص سے اپنی برأت ظاہر کی ہے یا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف وتوصیف کے ساتھ عظمت شان نبوت کا اقرار کیا ہے۔

اس کا مختصر جواب یہ ہے کہ وہ عبارات انہیں قطعاً مفید نہیں جب تک ان کی کوئی ایسی عبارت نہ دکھائی جائے کہ ہم نے فلاں مقام پر جو توہین کی تھی اب اس سے ہم رجوع کرتے ہیں، مثلاً مولوی محمد قاسم نانوتوی نے (اپنی کتاب) "تحذیر الناس" میں خاتم النبیین کے معنی منقول متواتر "آخر النبیین" کو عوام کا خیال بتایا ہے، اب اگر ان کی دس بیس عبارتیں بھی اس مضمون کی پیش کر دی جائیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم آخری نبی ہیں، یا حضور علیہ السلام کے بعد مدعی نبوت کافر ہے، تو اس سے کچھ فائدہ نہ ہوگا، تاوقتیکہ مولوی محمد قاسم صاحب کا یہ قول نہ دکھایا جائے کہ میں نے جو "خاتم النبیین" کے معنی منقول متواتر "آخر النبیین" کا انکار کیا تھا، اب میں اس سے توبہ کر کے رجوع کرتا ہوں، دیکھئے مرزائی لوگ مرزا غلام احمد کی برأت میں جو عبارتیں مرزا صاحب کی کتابوں سے پیش کرتے ہیں، ان کے جواب میں مولوی مرتضےٰ حسن صاحب

درجنگی ناظم تعلیمات مدرسہ دیوبند نے بھی یہی لکھا ہے ، ملاحظہ فرمائیں ، (کتاب اشدالعذاب ، مطبوعہ مطبع مجتبائی جدید دہلی ، صفحہ ۱۵ ، سطر ۱۶ ، ۱۷)

''جو عبارات مرزا صاحب اور مرزائیوں کی لکھی جاتی ہیں ، جب تک ان مضامین سے صاف توبہ نہ دکھائیں یا توبہ نہ کریں ، تو ان کا کچھ اعتبار نہیں''

دیوبندیوں کی توہین آمیز عبارات کے اظہار کی ضرورت

بعض دیوبندی حضرات کہا کرتے ہیں کہ علماء دیوبند کی ان عبارات کے اظہار واشاعت کی کیا ضرورت ہے ، جن سے آپ لوگ توہین سمجھتے ہیں ، اس زمانے میں ان عبارات کی اشاعت بلاوجہ شور وشر ، فتنہ وفساد کا موجب ہے اور یہ بڑی ناانصافی ہے کہ علماء دیوبند کے ساتھ لڑائی مول لی جائے ، اس کا جواب یہ ہے کہ علماء دیوبند کی توہینی عبارتوں کے اظہار کی وہی ضرورت ہے جو مولوی احمد علی صاحب کو مودودیوں کا پول کھولنے کے لئے پیش آئی ، کہ علماء دیوبند نے تمام مسلمانوں کے عقیدے کے خلاف اللہ تعالیٰ اور انبیاء واولیاء علیہم السلام کی مقدس شان میں وہ شدید اور ناقابل برداشت حملے کئے ہیں جنہیں کوئی مسلمان برداشت نہیں کرسکتا ، مولوی احمد علی صاحب اس ضرورت کو حسب ذیل عبارت میں بیان فرماتے ہیں :

''کیا جب ڈاکو کسی کے گھر میں گھس آئے تو گھر والا ڈاکو سے مقابلہ کرکے اپنا مال اور اپنی جان نہ بچائے اور اگر مال اور جان بچانے کے لئے ڈاکو سے مقابلہ کرے تو پھر یہ کہنا صحیح ہے کہ گھر والا بڑا ہی بے انصاف ہے کہ ڈاکو سے لڑ رہا ہے''۔ (حق پرست علماء کی مودودیت سے ناراضگی کے اسباب ، از مولوی احمد علی صاحب ، صفحہ ۸)

علماء دیوبند کی تہذیب کا ایک مختصر نمونہ:

دیوبندی حضرات عام طور پر کہتے ہیں کہ بریلوی مولوی علماء دیوبند کو گالیاں دیا کرتے ہیں، اس الزام کی حقیقت تو ہمارے اسی رسالہ سے منکشف ہو جائے گی، اور ہمارے ناظرین کرام پر روشن ہو جائے گا کہ جس شائستگی اور تہذیب سے ہم نے علماء دیوبند کے خلاف یہ رسالہ لکھا ہے اس کی مثال ہمارے مخالفین کی ایک کتاب سے بھی نہیں پیش کی جا سکتی لیکن مزید وضاحت کے لئے بطور نمونہ ہم مولوی حسین احمد صاحب مدرس مدرسہ دیوبند کی کتاب "الشہاب الثاقب" سے چند وہ عبارات پیش کرتے ہیں جن میں اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی قدس سرہ العزیز کو شدید ترین قسم کی دل آزار گالیاں دی گئی ہیں، ان عبارات کو پڑھ کر ہمارے ناظرین کرام علماء اہل سنت اور فضلاء دیوبند کی تہذیب کا مقابلہ کرلیں، ملاحظہ فرمایئے۔

۱۔ پھر تعجب ہے کہ مجدد بریلوی آنکھوں میں دھول ڈال رہا ہے، اور کذب خالص مشہور کر رہا ہے، لعنۃ اللہ تعالیٰ فی الدارین آمین، یعنی لعنت کرے اللہ تعالیٰ اس (مجدد بریلوی) پر دونوں جہانوں میں۔ (الشہاب الثاقب، ص ۸۱)

۲۔ آپ حضرات ذرا انصاف فرمائیں، اور اس بریلوی دجال سے دریافت کریں۔ (الشہاب الثاقب، ص ۸۶)

۳۔ مجدد الضالین صاحب فرماتے ہیں۔

۴۔ ہم آگے چل کر صاف طور سے ظاہر کر دیں گے کہ دجال بریلوی نے یہاں پر محض بے سمجھی اور بے عقلی سے کام لیا ہے۔ (ص ۹۵)

۵۔ اس کے بعد مجدد الضالین علیہ ما علیہ۔ الخ (ص ۱۰۳)

۶۔ سلب اللہ ایمانک وسود وجہک فی الدارین وعاقبک بما عاقب بہ ابا جہل و عبداللہ بن اُبی یارئیس المبتدعین۔ آمین۔ یعنی اے بدعتیوں کے سردار (مجدد بریلوی) سلب کرے اللہ تعالیٰ تیرا ایمان اور دونوں جہانوں میں تیرا منہ کالا کرے، اور تجھے وہی عذاب دے جو ابو جہل اور عبداللہ بن ابی کو دیا تھا (ص ۱۰۴،۱۰۵)

۷۔ مگر تہذیب علم کوئی لفظ مجدد بریلوی کے شایان شان قلم سے نہیں نکلنے دیتی۔ (ص ۱۰۵)

۸۔ فسو د اللہ وجہہ فی الدارین واسکنہ بحبوحۃ الدرک الاسفل من النار مع اعداء سید الکونین علیہ الصلوٰۃ والسلام آمین یا رب العالمین۔ یعنی اللہ تعالیٰ اس (مجدد بریلوی) کا دونوں جہان میں منہ کالا کرے اور اسے حضور کے دشمنوں کے ساتھ جہنم کے سب سے نیچے گڑھے میں رکھے۔ (ص ۱۱۹)

۹۔ یہ سب تکفیریں اور لعنتیں بریلوی اور اس کے اتباع کی طرف لوٹ کر قبر میں ان کے واسطے عذاب اور بوقت خاتمہ ان کے لئے موجب خروج ایمان وازالۂ تصدیق وایقان ہوں گی اور قیامت میں ان کے جملہ متبعین کے واسطے اس کی موجب ہوں گی، کہ ملائکہ حضور علیہ السلام سے کہیں گے انک لا تدری ما احدثوا بعدک اور رسول مقبول علیہ السلام دجال بریلوی اور ان کے اتباع کو سحقاً سحقاً فرما کر اپنے حوض مورود وشفاعت محمود سے کتوں سے بدتر کر کے دھتکار دیں گے اور امت مرحومہ کے اجر وثواب ومنازل ونعیم سے محروم کئے جاویں گے، سو داللہ

وجوھھم فی الدارین وجعل قلوبھم قاسیہ فلایؤمنوا حتی یروا العذاب الالیم، یعنی اللہ ان بریلویوں کا منہ دونوں جہان میں کالا کرے اور ان کے دلوں کو سخت کردے تو وہ ایمان نہ لائیں، یہاں تک کہ عذاب الیم کو دیکھ لیں۔ (الشہاب الثاقب، ص ۱۲۰)

ان تمام بد دعاؤں اور گالیوں کے جواب میں صرف اتنا عرض ہے کہ الحمدللہ اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمتہ اللہ علیہ تو ہرگز اس بدگوئی کے مصداق نہیں ہو سکتے، البتہ بمقتضائے حدیث اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمتہ اللہ علیہ جیسی مقدس ہستی کے حق میں ایسے ناپاک کلمے بولنے والا انشاء اللہ دنیا اور آخرت میں اپنے کلمات کا خود مصداق بنے گا۔ وما ذالک علی اللہ بعزیز

بعض لوگ کھتے ھیں

کہ مولانا احمد رضا خاں صاحب بریلوی نے جو علماء دیوبند کی عبارات پر علماء حرمین طیبین سے کفر کے فتوے حاصل کرکے حسام الحرمین میں شائع کئے، اس کے جواب میں علماء دیوبند نے حسام الحرمین کے خلاف اپنی تائید میں علماء حرمین طیبین کے فتوے "المہند" میں چھاپے اور تمام ملک میں اس کی اشاعت کی، اس سے ثابت ہوتا ہے کہ مولانا احمد رضا خاں صاحب نے علماء دیوبند کی عبارات کو توڑ مروڑ کر غلط عقائد ان کی طرف منسوب کئے تھے، جب علماء دیوبند کی اصل عبارات اور ان کے اصل عقائد سامنے آئے تو علماء حرمین طیبین نے ان کی تصدیق و تائید فرمادی۔

اس کا جواب یہ ہے کہ اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمتہ اللہ علیہ پر یہ الزام قطعاً بے بنیاد ہے کہ انہوں نے دیوبندیوں کی عبارتوں میں ردوبدل کیا ہے، یا غلط عقائد ان کی طرف منسوب

گئے۔ بلکہ واقعہ یہ ہے کہ حسام الحرمین کے شائع ہونے کے بعد دیوبندی حضرات نے اپنی جان بچانے کے لئے اپنی عبارتوں میں خود قطع وبرید کی، اور اپنے اصل عقائد کو چھپا کر علماء عرب وعجم کے سامنے اہل سنت کے عقیدے ظاہر کئے، جس پر علماء دین نے تصدیقیں فرمائیں، چونکہ اس مختصر رسالہ میں تفصیل کی گنجائش نہیں اس لئے صرف ایک دلیل اپنے دعویٰ کے ثبوت میں پیش کرتا ہوں، ملاحظہ فرمایئے۔

محمد بن عبدالوہاب نجدی کے بارے میں دیوبندیوں کا اعتقاد یہ ہے کہ وہ بہت اچھا آدمی تھا، اس کے عقائد بھی عمدہ تھے، دیکھئے فتاویٰ رشیدیہ جلد ا، ص ۱۱۱ پر مولوی رشید احمد گنگوہی نے لکھا ہے کہ!

''محمد بن عبدالوہاب کے مقتدیوں کو وہابی کہتے ہیں، ان کے عقائد عمدہ تھے مذہب ان کا حنبلی تھا، البتہ ان کے مزاج میں شدت تھی مگر وہ اور ان کے مقتدی اچھے ہیں، مگر ہاں جو حد سے بڑھ گئے ان میں فساد آگیا، اور عقائد سب کے متحد ہیں، اعمال میں فرق حنفی شافعی مالکی حنبلی کا ہے۔ رشید احمد گنگوہی''

ناظرین کرام نے فتاویٰ رشیدیہ کی اس عبارت سے معلوم کرلیا ہوگا کہ دیوبندیوں کے مذہب میں محمد بن عبدالوہاب نجدی کے عقائد عمدہ تھے اور وہ اچھا آدمی تھا، لیکن جب علماء حرمین طیبین نے دیوبندیوں سے سوال کیا کہ بتاؤ محمد بن عبدالوہاب نجدی کے متعلق تمہارا کیا اعتقاد ہے، وہ کیسا آدمی تھا تو حیلہ سازی سے کام لے کر اپنا مذہب چھپالیا اور لکھ دیا ہم اسے خارجی اور باغی سمجھتے ہیں، ملاحظہ ہو ''المہند'' ص ۱۹،۲۰۔

ہمارے نزدیک ان کا حکم وہی ہے جو صاحب درمختار نے فرمایا ہے، اس کے چند

سطر بعد مرقوم ہے،

علامہ شامی نے اس کے حاشیہ میں فرمایا ہے جیسا کہ ہمارے زمانے میں عبدالوہاب کے تابعین سے سرزد ہوا کہ نجد سے نکل کر حرمین شریفین پر متغلب ہوئے، اپنے کو حنبلی مذہب بتاتے تھے مگر ان کا عقیدہ یہ تھا کہ بس وہی مسلمان ہیں اور جو ان کے عقیدے کے خلاف ہو وہ مشرک ہے اور اسی بناء پر انہوں نے اہل سنت اور علماء اہل سنت کا قتل مباح سمجھ رکھا تھا، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی شوکت توڑ دی۔ انتہی۔

یہاں دیکھئے اپنے مذہب کو کیسے چھپایا اور فتاویٰ رشیدیہ کی عبارت کو صاف ہضم کر گئے، یہ تو ایک نمونہ تھا، تمام کتاب کا یہی حال ہے کہ جان بچانے کے لئے اپنے مذہب پر پردہ ڈال دیا، اپنی عبارات کو بھی چھپا دیا اب ناظرین خود فیصلہ فرمائیں کہ خیانت کرنے والا کون ہے۔

آخری سہارا

اس بحث میں ہمارے مخالفین (حضرات علماء دیو بند) کا ایک آخری سہارا یہ ہے کہ بہت سے اکابر علماء کرام و مشائخ عظام نے علماء دیو بند کی تکفیر نہیں کی، جیسے سند المحدثین حضرت مولانا ارشاد حسین صاحب مجددی رام پوری رحمۃ اللہ علیہ اور قبلۂ عالم حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب گولڑوی رحمۃ اللہ علیہ، اسی طرح بعض دیگر اکابر امت کی کوئی تحریر ثبوت تکفیر میں پیش نہیں کی جاسکتی، اس کے متعلق گذارش ہے کہ تکفیر نہ کرنے والے حضرات میں بعض حضرات تو وہ ہیں جن کے زمانے میں علماء دیو بند کی عبارات کفریہ (جن میں التزام کفر متیقن ہو) موجود ہی نہ تھیں، جیسے مولانا ارشاد حسین صاحب رام پوری رحمۃ اللہ علیہ، ایسی صورت میں تکفیر کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا

،اور بعض وہ حضرات ہیں جن کے زمانے میں اگرچہ وہ عبارات شائع ہو چکی تھیں، مگر ان کی نظر سے نہیں گزریں، اس لئے انہوں نے تکفیر نہیں فرمائی، ہمارے مخالفین میں سے آج تک کوئی شخص اس امر کا ثبوت پیش نہیں کرسکا کہ فلاں مسلم بین الفریقین بزرگ کے سامنے علماء دیوبند کی عبارات متنازعہ فیہا پیش کی گئیں اور انہوں نے ان کو صحیح قرار دیا، یا تکفیر سے سکوت فرمایا، علاوہ ازیں یہ کہ جن اکابر امت مسلم بین الفریقین کی عدم تکفیر کو اپنی برأت کی دلیل قرار دیا جاسکتا ہے، ممکن ہے کہ انہوں نے تکفیر فرمائی ہو اور منقول نہ ہوئی ہو، کیونکہ یہ ضروری نہیں کہ کسی کی کہی ہوئی ہر بات منقول ہو جائے لہذا تکفیر کے باوجود عدم نقل کے احتمال نے اس آخری سہارے کو بھی ختم کر دیا۔ وللہ الحمد۔

ایک تازہ شبہ کا جواب

ایک مہربان نے تازہ شبہ یہ پیش کیا ہے کہ کسی کو کافر کہنے سے ہمیں کے رکعت کا ثواب ملے گا، ہم خواہ مخواہ کسی کو کافر کیوں کہیں، توہین آمیز عبارات لکھنے والے مرگئے، اس دنیا سے رخصت ہو گئے، حدیث شریف میں وارد ہے اذکروا موتاکم بالخیر تم اپنے مردوں کو خیر کے ساتھ یاد کرو، پھر یہ بھی ممکن ہے کہ مرتے وقت انہوں نے توبہ کرلی ہو، حدیث شریف میں ہے انما الاعمال بالخواتیم اعمال کا مدار خاتمہ پر ہے، ہمیں کیا معلوم کہ ان کا خاتمہ کیسا ہوا، شاید ایمان پر ان کی موت واقع ہوئی ہو۔

اسکا جواب یہ ہے کہ کفر و اسلام میں امتیاز کرنا ضروریات دین میں سے ہے، آپ کسی کافر کو عمر بھر کافر نہ کہیں، مگر جب ان کا کفر سامنے آجائے تو بر بنائے کفر اسے کافر نہ ماننا خود کفر میں مبتلا ہونا ہے، بے شک اپنے مردوں کو خیر سے یاد کرنا چاہیے، مگر توہین کرنے والوں کو مومن اپنا

نہیں سمجھتا، نہ وہ واقع میں اپنے ہو سکتے ہیں اس لئے مضمون حدیث کو ان سے دور کا تعلق بھی نہیں، ہم مانتے ہیں کہ خاتمہ پر اعمال کا دارومدار ہے، مگر یاد رکھئے، دم آخر کا حال اللہ تعالیٰ جانتا ہے، اور اس کا تال بھی اس کی طرف مفوض ہے، احکام شرع ہمیشہ ظاہر پر مرتب ہوتے ہیں، اس لئے جب کسی شخص نے معاذ اللہ علانیہ التزام کفر کر لیا، تو وہ حکم شرعی کی رو سے قطعاً کافر ہے، تا وقتیکہ توبہ نہ کرے، اگر کوئی مسلمان ایسے شخص کو کافر نہیں سمجھتا تو کفر و اسلام میں امتیاز نہیں کرتا، اور ظاہر ہے کہ کفر و اسلام کو معاذ اللہ یکساں سمجھنا کفر قطعی ہے، لہذا کافر کو کافر نہ ماننے والا یقینا کافر ہے، اور اگر بفرض محال ہم یہ تسلیم کریں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی شان اقدس میں گستاخیں کرنے والوں کو کافر نہ کہنا چاہیے، اس لئے کہ شاید انہوں نے توبہ کر لی ہو اور خاتمہ بالخیر ہو گیا ہو، تو اسی دلیل سے مرزائیوں کو کافر کہنے سے بھی ہمیں زبان روکنی پڑے گی، کیونکہ مرزا غلام احمد قادیانی اور ان کے متبعین سب کے حق میں یہ احتمال پایا جاتا ہے کہ شاید ان کا خاتمہ بھی اللہ تعالیٰ نے ایمان پر مقدر فرما دیا ہو، تو ہم انہیں کس طرح کافر کہیں، لیکن ظاہر ہے کہ مرزائیوں کے بارے میں یہ احتمال کارآمد نہیں، تو گستاخان نبوت کے حق میں کیونکر مفید ہو سکتا ہے۔

ایک ضروری تنبیہ

بعض لوگوں کو دیکھا گیا ہے کہ وہ توہین آمیز عبارات پر تو سخت نفرت کا اظہار کرتے ہیں، اور بسا اوقات مجبور ہو کر اقرار کر لیتے ہیں کہ واقعی ان عبارات میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین ہے، لیکن جب ان عبارات کے قائلین کا سوال سامنے آتا ہے تو ساکت اور متامل ہو جاتے ہیں، اور اپنی استادی شاگردی، پیری مریدی یا رشتہ داری و دیگر تعلقات دنیوی خصوصا کاروباری تجارتی نفع و نقصان کے پیش نظر ان کو چھوڑنا، ان کے کفر کا اقرار کرنا ہرگز گوارا نہیں کرتے، ان کی

خدمت میں مخلصانہ گذارش ہے کہ وہ قرآن مجید کی حسب ذیل آیتوں کو ٹھنڈے دل سے ملاحظہ فرمائیں، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے!

یا یھا الذین ا منوا لا تتخذوا اباء کم و اخوانکم اولیاء ان استحبوا الکفر علی الایمان و من یتولھم منکم فاو لئک ھم الظلمون۔ قل ان کان اباؤ کم و ابناؤ کم و اخوانکم و ازواجکم و عشیرتکم و اموال ن اقترفتموھا تجارۃ تخشون کسادھا و مساکن ترضو نھا احب الیکم من اللہ و رسولہ فی سبیلہ فتربصوا حتی یاتی اللہ بامرہ واللہ لا یھدی القوم الفاسقین۔ (سورہ التوبہ، آیت ۲۳،۲۴)

(ترجمہ) اے ایمان والو! اگر تمہارے باپ اور بھائی ایمان کے مقابلے میں کفر کو عزیز رکھیں تو ان کو اپنا رفیق نہ بناؤ، اور جو تم میں سے ایسے باپ بھائیوں کے ساتھ دوستی کا برتاؤ رکھے گا تو یہی لوگ ہیں جو خدا کے نزدیک ظالم ہیں، ۔ اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم آپ مسلمانوں سے فرما دیجئے کہ اگر تمہارے باپ اور تمہارے بیٹے اور تمہارے بھائی اور تمہاری بیویاں اور تمہارے کنبہ دار اور مال جو تم نے کمائے ہیں اور سوداگری جس کے مندا پڑ جانے کا تم کو اندیشہ ہو، اور مکانات جن میں رہنے کو تم پسند ہو، اگر یہ چیزیں اللہ اور اس کے رسول اور اللہ کے راستے میں جہاد کرنے سے تم کو زیادہ عزیز ہوں تو ذرا صبر کرو، یہاں تک کہ اللہ اپنے حکم کو لے آئے، اور اللہ تعالیٰ نافرمانوں کو ہدایت نہیں فرماتا۔

ان دونوں آیتوں کا مطلب واضح ہے کہ عقیدے اور ایمان کے معاملے میں اور نیکی کے

کاموں میں بسا اوقات خویش و اقارب کنبہ اور برادری، محبت اور دوستی کے تعلقات حائل ہو جایا کرتے ہیں، اس لئے ارشاد فرمایا کہ جن لوگوں کو ایمان سے زیادہ کفر عزیز ہے ایک مومن انہیں کس طرح عزیز رکھ سکتا ہے، مسلمان کی شان نہیں کہ ایسے لوگوں سے رفاقت اور دوستی کا دم بھرے ،خدا اور رسول کے دشمنوں سے تعلقات استوار کرنا یقیناً گنہگار بننا اور اپنی جانوں پر ظلم کرنا ہے، جہاد فی سبیل اللہ اور اعلاء کلمۃ الحق سے اگر یہ خیال مانع ہو کہ کنبہ اور برادری چھوٹ جائے گی، استادی شاگردی یا دنیاوی تعلقات میں خلل واقع ہوگا، اموال تلف ہوں گے، یا تجارت میں نقصان ہوگا، راحت اور آرام کے مکانات سے نکل کر بے آرام ہونا پڑے گا تو پھر ایسے لوگوں کو خدا تعالیٰ کی طرف سے اس کے عذاب کے حکم کا منتظر رہنا چاہیئے، جو اس نفس پرستی، دنیا طلبی اور تن آسانی کی وجہ سے ان پر آنے والا ہے۔

اللہ تعالیٰ کے اس واضح اور روشن ارشاد کو سننے کے بعد کوئی مومن کسی دشمن رسول سے ایک آن کے لئے بھی اپنا تعلق برقرار نہیں رکھ سکتا، نہ اس کے دل میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین کرنے والوں کے کافر ہونے کے متعلق کوئی شک باقی رہ سکتا ہے۔

حرف آخر

دیوبندی مبلغین و مناظرین اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خاں صاحب بریلوی رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے ہم خیال علماء کی بعض عبارات بزعم خود قابل اعتراض قرار دے کر پیش کیا کرتے ہیں۔

اس کے متعلق سردست اتنا عرض کر دینا کافی ہے کہ اگر فی الواقع علماء اہل سنت کی کتابوں میں کوئی توہین آمیز عبارت ہوتی تو علماء دیوبند پر فرض تھا کہ وہ ان علماء کی تکفیر کرتے جیسا

کہ علماء اہل سنت نے علماء دیوبند کی عبارات کفریہ کی وجہ سے تکفیر فرمائی، لیکن امر واقع یہ ہے کہ دیوبندیوں کا کوئی عالم آج تک اعلیٰ حضرت یا ان کے ہم خیال علماء کی کسی عبارت کی وجہ سے تکفیر نہ کرسکا، نہ کسی شرعی قباحت کی وجہ سے ان کے پیچھے نماز پڑھنے کو ناجائز قرار دے سکا، دیکھئے دیوبندیوں کی کتاب "قصص الاکابر" ملفوظات مولوی اشرف علی صاحب تھانوی اشائع کردہ کتب خانہ اشرفیہ دہلی ص ۹۹، ۱۰۰ پر ہے۔

"ایک شخص نے پوچھا کہ ہم بریلی والوں کے پیچھے نماز پڑھیں تو نماز ہو جائے گی یا نہیں؟ فرمایا (حضرت حکیم الامت مدظلہ العالی نے) ہاں ہم ان کو کافر نہیں کہتے"۔

اس کے چند سطر بعد مرقوم ہے:

"ہم بریلی والوں کو اہل ہوا کہتے ہیں اہل ہوا کافر نہیں"

اس سلسلہ میں مولوی اشرف علی صاحب تھانوی کا ایک اور مزیدار ملفوظ ملاحظہ فرمایئے: "الافاضات الیومیہ" جلد پنجم، مطبوعہ اشرف المطابع، تھانہ بھون (ضلع مظفر نگر) ص ۲۲۰ پر ملفوظ نمبر ۲۲۵ میں مرقوم ہے:

ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ دیوبند کا بڑا جلسہ ہوا تھا اس میں ایک رئیس صاحب نے کوشش کی تھی کہ دیوبندیوں اور بریلویوں میں صلح ہو جائے، میں نے کہا ہماری طرف سے کوئی جنگ نہیں، وہ نماز پڑھاتے ہیں ہم پڑھ لیتے ہیں، ہم پڑھاتے ہیں وہ نہیں پڑھتے تو ان کو آمادہ کرو (مزاحاً فرمایا کہ ان سے کہو کہ آ، مادہ! نرآ گیا) ہم سے کیا کہتے ہو۔

اس عبارت سے یہ حقیقت روز روشن کی طرح واضح ہو گئی کہ علماء اہل سنت (جنہیں بریلوی کہا جاتا ہے) دیوبندیوں کے نزدیک مسلمان ہیں، اور ان کا دامن ہر قسم کے کفر و شرک سے پاک ہے، حتیٰ کہ دیوبندیوں کی نماز ان کے پیچھے جائز ہے۔ عبارت منقولہ بالا سے جہاں اصل مسئلہ ثابت ہوا، وہاں علماء دیوبند کے مجدد اعظم، حکیم الامت مولوی اشرف علی صاحب کی تہذیب اور مخصوص ذہنیت کا نقشہ بھی سامنے آ گیا، جس کا آئینہ دار مولوی اشرف علی صاحب کے ملفوظ شریف کا یہ جملہ ہے کہ "ان (بریلویوں) سے کہو کہ آمادہ بر آ گیا"۔

دیوبندی حضرات کو چاہیئے کہ اس جملہ کو بار بار پڑھیں اور اپنے عارف ملت و حکیم امت کے ذوق حکمت و معرفت سے کیف اندوز ہو کر اس کی داد دیں۔

مولوی اشرف علی صاحب تھانوی کے ملفوظ منقول الصدور سے یہ امر بھی واضح ہو گیا کہ بعض اعمال و عقائد مختلف فیہا کی بناء پر متعصبان دیوبند کا اہل سنت (بریلویوں) کو کافر و مشرک قرار دینا اور ان کے پیچھے نماز پڑھنے کو ناجائز یا مکروہ کہنا قطعاً غلط، باطل محض اور بلا دلیل ہے، صرف بغض و عناد اور تعصب کی وجہ سے انہیں کافر و مشرک کہا جاتا ہے، ورنہ در حقیقت اہل سنت (بریلوی) حضرات کے عقائد و اعمال میں کوئی ایسی چیز نہیں پائی جاتی، جس کی بناء پر انہیں کافر و مشرک قرار دیا جا سکے، یا ان کے پیچھے نماز پڑھنے کو مکروہ کہا جا سکے۔

ہمیں امید ہے کہ یہ چند امور جو ہم نے پہلے بیان کر دیئے ہیں، ان شاء اللہ العزیز آئندہ چل کر ہمارے ناظرین کے لئے مشعل راہ ثابت ہوں گے۔

اب آئندہ صفحات میں دیوبندی حضرات اور اہل سنت کا مسلک ملاحظہ فرما کر حق و باطل میں امتیاز کیجئے۔ سید احمد سعید کاظمی غفرلہٗ ۔ ۱۵ / اکتوبر ۱۹۵۷ء

ا۔ دیوبندیوں کا مذہب

دیوبندی حضرات کے مقتداء مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی کے شاگرد رشید مولوی حسین علی صاحب، ساکن واں بھچراں ضلع میانوالی اور ان کے شاگرد و بعض دیگر علماء دیوبند کے نزدیک اللہ تعالیٰ کو اپنے بندوں کے کاموں کا علم پہلے سے نہیں ہوتا بلکہ بندوں کے کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ کو ان کے کاموں کا علم ہوتا ہے۔ دیکھئے مولوی حسین علی صاحب اپنی تفسیر بلغۃ الحیران ۱ مطبوعہ حمایت اسلام پریس لاہور بار اول، صفحہ ۱۵۸،۱۵۷ پر رقم فرماتے ہیں۔

"اور انسان خود مختار ہے اچھے کام کریں یا نہ کریں، اور اللہ کو پہلے اس سے کوئی علم بھی نہیں کہ کیا کریں گے بلکہ اللہ کو ان کے کرنے کے بعد معلوم ہوگا، اور آیات قرآنیہ جیسا کہ ولیعلم اللہ وغیرہ بھی اور احادیث کے الفاظ بھی اس مذہب پر منطبق ہیں"۔

اہل سنت کا مذہب

اہل سنت کے نزدیک علم الٰہی کا منکر خارج از اسلام ہے۔ دیکھئے شرح فقہ اکبر، صفحہ ۲۰۱

"من اعتقد ان اللّٰہ لا یعلم الاشیاء قبل وقوعها فهو كافر ان عد قائله من اهل البدعة"

---

۱ اس تفسیر کے صفحہ ۳ پر آخری سطر ہے۔ ملاحظہ فرمائیے۔

"یہ تقریریں جو آگے آتی ہیں حضرت صاحب (مولوی حسین علی) نے غلام خاں سے قلم بند کروائی ہیں اور بذات خود ان پر نظر فرمائی ہے۔

(بلغۃ الحیران مطبوعہ حمایت اسلام پریس لاہور بار اول، صفحہ ۳)

(ترجمہ) ''جس شخص کا یہ اعتقاد ہو کہ اللہ تعالیٰ کسی چیز کو اس کے واقع ہونے سے پہلے نہیں جانتا وہ کافر ہے اگرچہ اس کا قائل اہل بدعت سے شمار کیا گیا ہو''

آیہ کریمہ ولیعلم اللذین اور اس قسم کی دیگر آیات واحادیث میں مجاہدین وغیر مجاہدین اور مومنین ومنافقین کا امتیاز باہمی مراد ہے اور معنی یہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے منافقین کو مومنین سے اور غیر مجاہدین کو مجاہدین سے ابھی تک جدا نہیں کیا آئندہ (علم الٰہی کے مطابق) انہیں الگ کر دیا جائے گا، یہاں ''علم'' سے ''تمیز'' مراد ہے، ''فلیعلمن اللہ'' بمعنی ''فلیمیز اللہ'' کے ہے، جیسے اللہ تعالیٰ کے قول ''لیمیز اللہ الخبیث من الطیب'' میں خبیث کا طیب سے جدا ہونا منصوص ہے ایسے ہی ان آیات میں (جنہیں مولوی حسین علی نے نفی علم الٰہی کی دلیل سمجھا) مومنین و منافقین اور مجاہدین، غیر مجاہدین کا ایک دوسرے سے الگ ہونا مذکور ہے، دیکھئے بخاری شریف جلد ثانی صفحہ ۷۰۳ پر مرقوم ہے فلیعلمن اللہ علم اللہ ذلک انما ھی بمنزلۃ فلیمیز اللہ کقولہ لیمیز اللہ الخبیث۔ انتھٰی

یہ مطلب ہرگز نہیں کہ معاذ اللہ خدائے علیم وخبیر کو ان کا علم نہیں اللہ تعالیٰ تو ہر چیز کو جانتا ہے۔ [1]

---

[1] اس مقام پر یہ کہنا کہ اس عبارت میں مولوی حسین علی صاحب نے اپنا مذہب بیان نہیں کیا بلکہ معتزلہ کا مذہب نقل کیا ہے، انتہائی مضحکہ خیز ہے، اس لئے کہ جب مولوی صاحب مذکور نے قرآن وحدیث کو اس مذہب پر منطبق مانا تو اس کی حقانیت کو تسلیم کر لیا خواہ وہ معتزلہ کا مذہب ہو یا کسی دوسرے کا قرآن وحدیث جس پر منطبق ہے اس کا انکار کیونکر ہو سکتا ہے۔

۲۔ دیوبندیوں کا مذہب

علماء دیوبند اللہ تعالیٰ کے حق میں کذب کے قائل ہیں، دیکھئے ضمیمہ براہین قاطعہ مطبوعہ ساڈھورہ، صفحہ ۲۷۴۔

''الحاصل امکان کذب سے مراد دخول کذب تحت قدرت باری تعالیٰ ہے''

اور مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی فتاوی رشیدیہ، جلد اول، صفحہ ۱۹ پر تحریر فرماتے ہیں۔

''پس مذہب جمیع محققین اہل اسلام وصوفیائے کرام وعلمائے عظام اس مسئلہ میں یہ ہے کہ کذب داخل تحت قدرت باری تعالیٰ ہے''۔ اھ۔

اہل سنت کا مذہب

اہل سنت کہتے ہیں کہ کذب کے تحت قدرت باری تعالیٰ ہونے سے بندوں کے جھوٹ کی تخلیق اور اس کے باقی رکھنے یا نہ رکھنے پر قدرتِ خداوندی کا ہونا مراد ہے یا یہ مقصد ہے کہ اللہ تعالیٰ بذاتِ خود صفتِ کذب سے متصف ہوسکتا ہے، اگر پہلی شق مراد ہے تو آج تک کسی سُنی نے اختلاف نہیں کیا، پھر یہ کہنا کہ امکان کذب کے مسئلہ میں شروع سے اختلاف رہا ہے[1] ایک محض اور جہالت وضلالت ہے اور اگر دوسری شق مراد ہو تو اس سے بڑھ کر شانِ الوہیت میں کیا گستاخی ہوسکتی ہے کہ معاذ اللہ اللہ تعالیٰ کے متصف بالکذب ہونے کو ممکن قرار دیا جائے، اہل سنت کے نزدیک ایسا عقیدہ کفر خالص ہے۔ اعاذنا اللہ منہا۔

---

[1] براہین قاطعہ، صفحہ ۲ ''امکان کذب کا مسئلہ تو اب جدید کسی نے نہیں نکالا بلکہ قدماء میں اختلاف ہوا ہے۔''

۳۔ دیوبندیوں کا مذہب

کبرا و علماء دیوبند کا مسلک یہ ہے کہ قرآن کریم نے کفار کو اپنی فصاحت و بلاغت سے عاجز نہیں کیا تھا اور فصاحت و بلاغت سے عاجز کرنا علماء دیوبند کے نزدیک کوئی کمال بھی نہیں، چنانچہ مولوی حسین علی صاحب تلمیذ رشید مولوی رشید احمد گنگوہی اپنی کتاب "بلغۃ الحیران" مطبوعہ حمایت اسلام پریس لاہور، طبع اول میں صفحہ ۸۰ پر لکھتے ہیں:

"یہ خیال کرنا چاہیے کہ کفار کو عاجز کرنا کوئی فصاحت و بلاغت سے نہ تھا، کیونکہ قرآن خاص واسطے کفار فصحاء و بلغاء کے نہیں آیا تھا اور یہ کمال بھی نہیں"۔

اہل سنت کا مذہب

اہل سنت کا عقیدہ ہے کہ قرآن کریم نے یقیناً اپنی فصاحت و بلاغت سے کفار فصحاء عرب کو عاجز کیا تھا اور قرآن کی یہ شان اعجاز قیامت تک باقی رہے گی، جو شخص اس اعجاز قرآنی کا منکر ہے اور قرآن کریم کی فصاحت و بلاغت کو کمال نہیں سمجھتا وہ دشمن قرآن، ملحد و بے دین خارج از اسلام ہے۔

۴۔ دیوبندیوں کا مذہب

علماء دیوبند کے نزدیک شیطان اور ملک الموت کا علم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے علم سے زیادہ ہے اور شیطان اور ملک الموت کے لئے محیط زمین کی وسعت علم دلیل شرعی سے ثابت ہے اور فخر عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے اس علم کا ثابت کرنا شرک ہے، دیکھئے "براہین قاطعہ" مصنفہ مولوی خلیل احمد صاحب انبیٹھوی مصدقہ مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی، مطبوعہ ساڈھورہ،

صفحہ ۵۱

''اہل اصل غور کرنا چاہیے کہ شیطان وملک الموت کا حال دیکھ کر علم محیط زمین کا فخر عالم کو خلاف نصوص قطعیہ کے بلا دلیل محض قیاس فاسدہ سے ثابت کرنا شرک نہیں تو کون سا ایمان کا حصہ ہے، شیطان وملک الموت کو یہ وسعت نص سے ثابت ہو ئی فخر عالم کی وسعتِ علم کی کون سی نص قطعی ہے کہ جس سے تمام نصوص کو رد کر کے ایک شرک ثابت کرتا ہے''۔

اسی براہین قاطعہ کے صفحہ ۵۲ پر ہے۔

''اعلی علیین میں روح مبارک علیہ السلام کی تشریف رکھنا اور ملک الموت سے افضل ہونے کی وجہ سے ہرگز ثابت نہیں ہوتا کہ علم آپ کا ان امور میں ملک الموت کے برابر بھی ہو چہ جائیکہ زیادہ''۔

اہل سنت کا مذہب

اہل سنت کا مذہب یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مقابلے میں شیطان کے لئے محیط زمین کا علم ثابت کرنا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس سے اس کی نفی کرنا بارگاہِ رسالت کی سخت توہین ہے۔

اہل سنت کے نزدیک شیطان وملک الموت کے محیط زمین کے علم پر قرآن وحدیث میں کوئی نص وارد نہیں ہوئی، جو شخص نص کا دعویٰ کرتا ہے وہ قرآن وحدیث پر نہایت ہی ناپاک بہتان باندھتا ہے، اسی طرح حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے علم کو نصوص قطعیہ کے خلاف کہنا بھی قرآن و حدیث پر افتراء عظیم ہے قرآن وحدیث میں کوئی ایسی نص وارد نہیں ہوئی جس سے رسول اللہ صلی

اللہ علیہ وسلم کے حق میں محیط زمین کے علم کی نفی ہوتی ہو، بلکہ قرآن وحدیث کے بے شمار نصوص سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ہر چیز کا علم ثابت ہے۔

اہل سنت کا مسلک ہے کہ کسی مخلوق کے مقابلے میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے علم کی کمی ثابت کرنا حضور کی شان اقدس میں بدترین گستاخی ہے۔

۵۔ دیوبندیوں کا مذہب

دیوبندی حضرات کا مذہب ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو نہ اپنی عاقبت کا علم ہے، نہ دیوار کے پیچھے حضور جانتے ہیں۔ اسی براہین قاطعہ کے صفحہ ۵۱ پر ہے:

"خود فخر عالم علیہ السلام فرماتے ہیں: واللہ لا ادری ما یفعل بی و لا بکم۔ اور شیخ عبدالحق روایت کرتے ہیں کہ مجھ کو دیوار کے پیچھے کا بھی علم نہیں"۔

اہل سنت کا مذہب

اہل سنت کا مسلک یہ ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صرف اپنی ہی نہیں بلکہ تمام مومنین و کفار کی بھی عاقبت کا حال جانتے ہیں اور زمین و آسمان کا کوئی گوشہ نگاہ رسالت سے مخفی نہیں۔

واللہ لا ادری والی حدیث سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اپنے اور دوسروں کے انجام کار سے لاعلم ہونے پر استدلال کرنا انتہائی مضحکہ خیز ہے۔ کیا قرآن کریم میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے عسیٰ ان یبعثک ربک مقاما محمودا، اور وللاخرۃ خیر لک من الاولی وارد نہیں ہوا، اور کیا مومنین کے حق میں لیدخل المومنین والمومنات جنت

تجری من تحتها الانهار خلدین فیہا۔ (الآیہ) قرآن مجید میں موجود نہیں؟ پھر سمجھ میں نہیں آتا کہ حضور کے علم کی نفی کس بنا پر کی جاتی ہے، حدیث لا ادری کے معنی صرف یہ ہیں کہ میں بغیر تعلیم خداوندی کے محض انکل سے نہیں جانتا کہ میرے اور تمہارے ساتھ کیا ہوگا، وہی حدیث جو بحوالہ روایت شیخ عبدالحق رحمۃ اللہ علیہ پیش کی گئی ہے اس کے متعلق پہلے تو یہ عرض ہے کہ شیخ عبدالحق صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اگر اس حدیث کو لکھا ہے تو وہ بطور نقل وحکایت کے تحریر فرمایا ہے، اس کو روایت کہنا اپنی جہالت کا ثبوت دینا ہے، پھر لطف یہ ہے کہ یہی شیخ عبدالحق محدث دہلوی اپنی کتاب "مدارج النبوت" (فارسی، جلد اصفحہ ۷) میں اس روایت کا جواب دیتے ہوئے فرماتے ہیں "جوابش آنست کہ ایں سخن اصلی ندارد و روایتی بداں صحیح نشدہ" ایسی بے اصل روایتوں سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے کمالات علمی کا انکار کرنا اہل سنت کے نزدیک بدترین جہالت وضلالت ہے۔

۶۔ دیوبندیوں کا مذہب

دیوبندی مولوی صاحبان کے مقتداء مولوی اشرف علی صاحب تھانوی کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے علم غیب کو زید وعمر، بچوں، پاگلوں بلکہ تمام حیوانوں اور جانوروں کے علم سے تشبیہ دینا، ملاحظہ فرمائیے "حفظ الایمان" مصنفہ مولوی اشرف علی صاحب تھانوی، صفحہ ۸

"پھر یہ کہ آپ کی ذات مقدسہ پر علم غیب کا حکم کیا جانا اگر بقول زید صحیح ہو تو دریافت طلب یہ امر ہے کہ اس غیب سے مراد بعض غیب ہے یا کل غیب اگر بعض علوم غیبیہ مراد ہیں تو اس میں حضور کی ہی کیا تخصیص ہے ایسا علم غیب تو زید وعمرو بلکہ ہر صبی ومجنون بلکہ جمیع حیوانات وبہائم کے لئے بھی حاصل ہے"۔

اہل سنت کا مذہب

اہل سنت کا عقیدہ ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا علم تمام کائنات کے علم سے ممتاز ہے اور اس قسم کی تشبیہ شان نبوت کی شدید ترین توہین و تنقیص ہے۔

۷۔ دیوبندیوں کا مذہب

حضرات علماء دیو بند کے نزدیک نماز میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا خیال مبارک دل میں لانا بیل اور گدھے کے تصور میں غرق ہو جانے سے بدرجہا بدتر ہے۔ دیکھئے علماء دیو بند کی مسلّمہ ومصدقہ کتاب "صراط مستقیم" صفحہ ۸۶، مطبوعہ مجتبائی دہلی۔

"از وسوسۂ زنا خیال مجامعت زوجۂ خود بہتر است و صرف ہمت بسوئے شیخ و امثال آں از معظمین گو جناب رسالت مآب باشند بچندیں مرتبہ بدتر از استغراق در صورت گاؤ خر خود است"۔

اہل سنت کا مذہب

اہل سنت کے مسلک میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا خیال مبارک تکمیل نماز کا موقوف علیہ ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی صورت کریمہ کو دل میں حاضر کرنا مقصد عبادت کے حصول کا ذریعہ اور وسیلۂ عظمیٰ ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا خیال مبارک دل میں لانے کو گائے بیل کے تصور میں غرق ہو جانے سے بدتر کہنا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی وہ توہین شدید ہے جس کے تصور سے مومن کے بدن پر رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں، اہل سنت ایسا کہنے والے کو جہنمی اور ملعون تصور کرتے ہیں۔

۸۔ دیوبندیوں کا مذہب

دیوبند کے معتقد علماء کے نزدیک لفظ "رحمۃ للعلمین" رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت خاصہ نہیں، فتاویٰ رشیدیہ، حصہ دوم، صفحہ ۹ پر تحریر ہے۔

"سوال۔ لفظ رحمۃ للعالمین مخصوص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے یا ہر شخص کو کہہ سکتے ہیں۔

جواب۔ لفظ رحمۃ للعالمین صفت خاصہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نہیں ہے۔

اہل سنت کا مذہب

اہل سنت کے نزدیک رحمۃ للعلمین خاص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا وصف جمیل ہے، اس میں دوسرے کو شریک کرنا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شان کو گھٹانا ہے۔

۹۔ دیوبندیوں کا مذہب

علماء دیوبند کے نزدیک قرآن کریم میں خاتم النبیین کے معنی آخری نبی مراد لینا عوام کا خیال ہے۔ ملاحظہ فرمائیے تحذیر الناس، صفحہ ۳، مصنفہ مولوی محمد قاسم صاحب نانوتوی بانی مدرسہ دیوبند۔

"بعد حمد وصلوٰۃ کے قبل عرض جواب یہ گذارش ہے کہ اول معنی خاتم النبیین معلوم کرنے چاہئیں تاکہ فہم جواب میں کچھ دقت نہ ہو سو عوام کے خیال میں تو رسول اللہ صلعم کا خاتم ہونا بایں معنی ہے کہ آپ کا زمانہ انبیاء سابق کے زمانے کے بعد

اور آپ سب میں آخر نبی ہیں مگر اہل فہم پر روشن ہو گا کہ تقدم یا تاخر زمانی میں بالذات کچھ فضیلت نہیں پھر مقام مدح میں ولکن رسول اللہ و خاتم النبیین فرمانا اس صورت میں کیونکر صحیح ہو سکتا ہے"۔

اہل سنت کا مذہب

اہل سنت کا عقیدہ یہ ہے کہ قرآن کریم میں جو لفظ خاتم النبیین وارد ہوا ہے، اس کے معنی منقول متواتر "آخر النبیین" ہی ہیں، جو شخص اس کو عوام کا خیال قرار دیتا ہے، وہ قرآن کریم کے معنی منقول متواتر کا منکر ہے۔

دیوبندیوں کا مذہب

دیوبندی حضرات کا مذہب یہ ہے کہ اگر بالفرض زمانہ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد بھی کوئی نبی پیدا ہو تو پھر بھی حضور کی خاتمیت میں کچھ فرق نہ آئے گا۔ دیکھئے اسی تحذیر الناس کے صفحہ ۲۸ پر مرقوم ہے۔

"بلکہ اگر بالفرض بعد زمانہ نبوی صلعم بھی کوئی نبی پیدا ہو تو پھر بھی خاتمیت محمدی میں کچھ فرق نہ آئے گا چہ جائیکہ آپ کے معاصر کسی اور زمین میں یا فرض کیجئے اسی زمین میں کوئی اور نبی تجویز کیا جائے"۔

اہل سنت کا مذہب

اہل سنت کا مذہب یہ ہے کہ اگر بالفرض محال بعد زمانہ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کوئی نبی

پیدا ہو تو خاتمیت محمدی میں ضرور فرق آئے گا جیسا کہ بفرضِ محال دوسرا الٰہ پایا جائے تو اللہ تعالیٰ کی توحید میں ضرور فرق آئے گا، جو شخص اس فرق کا منکر ہے وہ نہ توحید باری کو سمجھا، نہ ختم نبوت پر ایمان لایا۔

۱۱۔ دیوبندیوں کا مذہب

دیوبندی علماء کے نزدیک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اردو زبان کا علم اس وقت حاصل ہوا جب حضور کا معاملہ علماء دیوبند سے ہو گیا، اس سے پہلے حضور اردو نہ جانتے تھے، دیکھئے براہین قاطعہ میں مولوی خلیل احمد صاحب انبیٹھوی صفحہ ۲۶ پر لکھتے ہیں۔

"مدرسۂ دیوبند کی عظمت حق تعالیٰ کی درگاہ پاک میں بہت ہے کہ صدہا عالم یہاں سے پڑھ کر گئے اور خلق کثیر کو ظلمات ضلالت سے نکالا یہی سبب ہے کہ ایک صالح فخر عالم علیہ السلام کی زیارت سے خواب میں مشرف ہوئے تو آپ کو اردو میں کلام کرتے دیکھ کر پوچھا کہ آپ کو یہ کلام کہاں سے آ گئی آپ تو عربی ہیں فرمایا کہ جب سے علماء مدرسہ دیوبند سے ہمارا معاملہ ہوا ہم کو یہ زبان آ گئی، سبحان اللہ اس سے رتبہ اس مدرسہ کا معلوم ہوا"۔

اہل سنت کا مذہب

اہل سنت کے نزدیک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اوّل امر سے ہر زبان کے عالم ہیں، جو شخص حضور کے لئے کسی زبان کے علم کو اس اہل زبان سے معاملہ ہونے کے بعد ثابت کرے اور اس کا مسلک یہ ہو کہ حضور کو یہ زبان اس وقت آ گئی جب اس زبان والوں سے

حضور کا معاملہ ہوا، یعنی اس سے پہلے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اس زبان کے عالم نہ تھے، وہ شخص کمالات رسالت کو مجروح کر رہا ہے۔

۱۲۔ دیوبندیوں کا مذہب

دیوبندی حضرات کو ایسی خوابیں نظر آتی ہیں جن میں وہ (معاذ اللہ) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو گرتا ہوا دیکھتے ہیں اور پھر حضور کو گرنے سے روکتے اور بچاتے ہیں، دلیل کے طور پر مولوی حسین علی صاحب شاگرد مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی کا ارشاد بلغۃ الحیران صفحہ ۸ پر دیکھئے۔

"و رأیت انہ یسقط فامسکتہ و اعصمتہ من السقوط"

ترجمہ۔ (اور میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ حضور گر رہے ہیں، تو میں نے حضور کو روکا اور گرنے سے بچالیا)

اہل سنت کا مذہب

اہل سنت کا مسلک ہے کہ ذات جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھ کر حضور کے علاوہ کوئی دوسری چیز مراد نہیں لی جاسکتی، جس نے حضور کو دیکھا اس نے لاریب حضور ہی کو دیکھا، ایسی صورت میں جو شخص یہ کہے کہ (معاذ اللہ) میں نے حضور کو گرتا ہوا دیکھ کر حضور کو گرنے سے بچالیا وہ بارگاہ رسالت میں دریدہ دہن نہایت گستاخ ہے۔

۱۳۔ دیوبندیوں کا مذہب

علماء دیو بند کے مقتداء مولوی اشرف علی صاحب تھانوی نے نہ صرف خواب بلکہ بیداری کی حالت میں بھی لا الہ الا اللہ اشرف علی رسول اللہ اور اللھم صل علی سیدنا و نبینا و مولانا اشرف علی پڑھنے کو اپنے متبع سنت ہونے کا اشارہ غیبی قرار دے کر پڑھنے والے کی حوصلہ افزائی فرمائی، دیکھئے روئداد مناظرہ (شہر) گیا (ضلع صوبہ بہار. بھارت) ماہنامہ الفرقان، جلد ۳ ، شمارہ نمبر ۱۲ کے صفحہ ۸۵ پر دیو بندی حضرات کے مایہ ناز مناظر مولوی منظور احمد سنبھلی نعمانی تحریر فرماتے ہیں۔

"یہ پنجاب کے رہنے والے ہیں، انہوں نے مولانا تھانوی کو ایک طویل خط لکھا ہے، اخیر میں اپنے خواب کا واقعہ ان الفاظ میں لکھتے ہیں، کچھ عرصہ کے بعد خواب دیکھتا ہوں کہ کلمہ شریف لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھتا ہوں لیکن محمد رسول اللہ کی جگہ حضور کا نام لیتا ہوں، اتنے میں دل کے اندر خیال پیدا ہوا کہ تجھ سے غلطی ہوئی کلمہ شریف کے پڑھنے میں، اس کو صحیح پڑھنا چاہئے، اس خیال سے دوبارہ کلمہ شریف پڑھتا ہوں، دل پر تو یہ ہے کہ صحیح پڑھا جائے لیکن زبان سے بے ساختہ بجائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نام کے اشرف علی نکل جاتا ہے حالانکہ مجھ کو اس بات کا علم ہے کہ اس طرح درست نہیں لیکن بے اختیار زبان سے یہی کلمہ نکلتا ہے، دو تین بار جب یہی صورت ہوئی تو حضور کو اپنے سامنے دیکھتا ہوں اور بھی چند شخص حضور کے پاس تھے لیکن اتنے میں میری یہ حالت ہوگئی کہ میں کھڑا کھڑا بوجہ اس کے کہ رقت طاری ہوگئی، زمین پر گر گیا اور نہایت زور کے ساتھ چیخ ماری اور مجھ کو معلوم ہوتا تھا کہ میرے

اندر کوئی طاقت باقی نہیں رہی، اتنے میں بندہ خواب سے بیدار ہو گیا لیکن بدن میں بدستور بے حسی تھی اور اثر نا طاقتی بدستور تھا، لیکن جب حالت بیداری میں کلمہ شریف کی غلطی پر خیال آیا تو اس بات کا ارادہ ہوا کہ اس خیال کو دل سے دور کیا جائے اس واسطے کہ پھر کوئی ایسی غلطی نہ ہو جائے، بایں خیال بندہ بیٹھ گیا اور پھر دوسری کروٹ لیٹ کر کلمہ شریف کی غلطی کے تدارک میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھتا ہوں لیکن پھر بھی یہ کہتا ہوں اللھم صل علی سیدنا ونبینا ومولانا اشرف علی، حالانکہ اب خواب نہیں لیکن بے اختیار ہوں، مجبور ہوں، زبان اپنے قابو میں نہیں"۔

اس خط میں جو لا الہ الا اللہ اشرف علی رسول اللہ اور اللھم صل علی سیدنا ونبینا ومولانا اشرف علی پڑھنے کا واقعہ لکھا ہوا ہے، اس کے جواب میں مولوی اشرف علی صاحب تھانوی نے جو عبارت لکھی وہ ہم اسی "روئداد مناظرہ گیا" سے نقل کرتے ہیں، ملاحظہ فرمائیے "روئداد مناظرہ گیا" صفحہ ۷۸ "اس واقعہ میں تسلی تھی کہ جس طرف تم رجوع کرتے ہو وہ بعونہ تعالیٰ متبع سنت ہے"۔

اہل سنت کا مذہب

اہل سنت کے نزدیک لا الہ الا اللہ اشرف علی رسول اللہ اور اللھم صل علی سیدنا ونبینا ومولانا اشرف علی کے خبیث اور ناپاک الفاظ کلمات کفریہ ہیں، خواب یا بیداری میں یہ الفاظ پڑھنا، پڑھنے والے کے مغضوب الٰہی ہونے کی دلیل ہے، جو شخص بے اختیار ان کو ادا کرتا ہے وہ غلبۂ شیطانی سے مغلوب ہو کر بے اختیار ہوا ہے، اللہ تعالیٰ کی طرف اس سلب اختیار کی

نسبت کرنا اور یہ سمجھنا کہ اللہ تعالیٰ نے اشرف علی تھانوی کے متبع سنت ہونے کی طرف اشارہ کرنے کے لئے اس کے اختیار کو سلب کر لیا تھا اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ کلمات کفریہ اس کی زبان پر جاری کرائے گئے تھے، مزید غضب الٰہی اور عذاب خداوندی کا موجب ہے۔ سبحانک ھذا بہتان عظیم۔

اہل سنت کے نزدیک حالت مذکورہ اغوا اور اضلال شیطان سے ہے، جس سے توبہ کرنا فرض ہے، اگر خدانخواستہ قائل ایسی حالت میں توبہ سے پہلے مرجائے تو ناری اور جہنمی قرار پائے۔

۱۴۔ دیوبندیوں کا مذہب

دیوبندی علماء کے پیشوا مولوی حسین علی صاحب ساکن واں بھچراں ضلع میانوالی کے نزدیک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زید رضی اللہ عنہ کی مطلقہ حضرت زینب رضی اللہ عنہا سے بغیر عدت گزارے نکاح کر لیا، بلغتہ الحیران، صفحہ ۳۶۷ پر ہے۔

"اور قبل الدخول طلاق دو تو اس عورت پر عدت لازم نہ ہوگی، جیسا کہ زینب کو طلاق قبل الدخول دی گئی اور رسول اللہ صلعم نے اس کو بلا عدت نکاح کر لیا"۔

اہل سنت کا مذہب

اہل سنت کے مذہب میں یہ کہنا حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر افتراء ہے کہ حضور نے عدت گزرنے سے پہلے حضرت زینب سے نکاح کر لیا، بلکہ حقیقت یہ ہے کہ حضور علیہ السلام

نے ان کی عدت گزرنے سے پہلے پیغام نکاح تک نہیں بھیجا جیسا کہ مسلم شریف جلد اول صفحہ ۴۶۰ پر حدیث وارد ہے:

"لما انقضت عدة زينب قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لزيد فاذكرها علي الحديث"

یعنی جب حضرت زینب رضی اللہ عنہا کی عدت پوری ہو گئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زید سے فرمایا کہ تم زینب کو میری طرف سے نکاح کا پیغام دو۔ لہذا جو شخص حضور پر یہ افتراء کرتا ہے وہ بارگاہ رسالت کا سخت ترین دشمن اور بدترین گستاخ ہے۔

۱۵۔ دیوبندیوں کا مذہب

دیوبندی علماء کے مذہب میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم بڑے بھائی کی سی کرنی چاہئے۔ تقویت الایمان کے صفحہ نمبر ۴۲ پر ہے۔

"سب انسان آپس میں بھائی ہیں، جو بڑا بزرگ ہو وہ بڑا بھائی ہے سو اس کی بڑے بھائی کی سی تعظیم کیجئے"۔

اہل سنت کا مذہب

اہل سنت کے مذہب میں جس طرح تمام حضرات انبیاء علیہم السلام اپنی امتوں کے روحانی باپ ہیں اسی طرح حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بھی اپنی امت کے روحانی باپ ہیں، اور اسی لئے اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات کو امہات المومنین فرمایا لہذا حضرات انبیاء علیہم السلام بالخصوص حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم و

تکریم ان کی نبوت ورسالت اور ابوۃ روحانیہ کے موافق کی جائے گی، بڑے بھائی کی طرح ان کی تعظیم کرنا، ان کی شان کو گھٹانا اور ان کے حق میں بدترین قسم کی توہین وتنقیص کا مرتکب ہونا ہے۔

۱۶۔ دیوبندیوں کا مذہب

حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق مولوی اسمٰعیل صاحب دہلوی مصنف تقویت الایمان کا عقیدہ ہے کہ معاذ اللہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم مر کر مٹی میں مل گئے، ملاحظہ فرمایئے تقویت الایمان صفحہ ۴۳ پر مرقوم ہے "یعنی میں بھی ایک دن مر کر مٹی میں ملنے والا ہوں"۔

اہل سنت کا مذہب

اہل سنت کے نزدیک انبیاء علیہم السلام باوجود موت عادی طاری ہونے کے حیات حقیقی کے ساتھ زندہ ہوتے ہیں اور ان کے اجسام کریمہ صحیح وسالم رہتے ہیں، حدیث شریف میں وارد ہے "ان اللہ حرم علی الارض ان تا کل احساد الانبیاء فنبی حی یرزق" (مشکوٰۃ، جلد اول صفحہ ۱۲۱) لہٰذا حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں یہ اعتقاد رکھنا کہ معاذ اللہ حضور مر کر مٹی میں مل گئے صریح گمراہی ہے اور حضور کی طرف منسوب کر کے یہ کہنا کہ معاذ اللہ میں بھی مر کر مٹی میں ملنے والا ہوں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر افتراء محض اور شان اقدس میں توہین صریح ہے (العیاذ باللہ)

۱۷۔ دیوبندیوں کا مذہب

مولوی محمد قاسم صاحب نانوتوی بانی مدرسہ دیوبند کے نزدیک جس طرح حضور نبی

کریم صلی اللہ علیہ وسلم متصف بحیات بالذات ہیں بالکل اسی طرح معاذ اللہ دجال بھی متصف بحیات بالذات ہے اور جس طرح حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھ سوتی تھی دل نہیں سوتا تھا اسی طرح دجال کی بھی آنکھ سوتی ہے دل نہیں سوتا۔ ملاحظہ فرمایئے مولوی صاحب مذکور اپنی کتاب آب حیات، مطبع قدیمی واقع دہلی صفحہ ۱۶۹ پر لکھتے ہیں:

''چنانچہ آنحضرت صلعم کا کلام اس ہیچمدان کی تصدیق کرتا ہے فرماتے ہیں تنام عینای ولا ینام قلبی او کما قال لیکن اس قیاس پر دجال کا حال بھی یہی ہونا چاہئے۔ اس لئے جیسے اللہ رسول صلعم بوجہ خشائیت ارواح مومنین جس کی تحقیق سے ہم فارغ ہو چکے ہیں، متصف بحیات بالذات ہوئے ایسے ہی دجال بھی بوجہ خشائیت ارواح کفار جس کی طرف ہم اشارہ کر چکے ہیں متصف بحیات بالذات ہوگا اور اس وجہ سے اس کی حیات قابل انفکاک نہ ہوگی، اور موت ونوم میں استتار ہوگا انقطاع نہ ہوگا اور شاید یہی وجہ معلوم ہوتی ہے کہ ابن صیاد جس کے دجال ہونے کا صحابہ کو ایسا یقین تھا کہ قسم کھا بیٹھتے تھے، اپنی نوم کا وہی حال بیان کرتا ہے جو رسول اللہ صلعم نے اپنی نسبت ارشاد فرمایا یعنی بشہادت احادیث وہ بھی یہی کہتا تھا کہ تنام عینای ولا ینام قلبی''۔

اہل سنت کا مذہب

اہل سنت کے عقیدہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا متصف بحیات بالذات ہونا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ایسا کمال ہے جو حضور کے سوا کسی دوسرے کو حاصل نہیں ہے چہ جائیکہ دجال لعین کے لئے ثابت ہو۔ اہل سنت تمام انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کی حیات کے قائل ہیں مگر

بالذات حیات سے موصوف ہونا حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہی کی شان ہے۔ اسی طرح آنکھ کا سونا اور دل کا نہ سونا بھی ایسی صفت ہے جو انبیاء علیہم السلام کے سوا کسی دوسرے کے لئے کسی دلیل شرعی سے ثابت نہیں، چہ جائیکہ قول دجال کو دلیل شرعی سمجھ کر اس کے لئے بھی یہ وصف نبوت ثابت کر دیا جائے۔

اہل سنت کے مسلک میں اسلام حیات اور موت کفر ہے اس لئے دجال کو اگر منشاء ارواح کفار مانا جائے تو وہ منبع کفر ہونے کی وجہ سے متصف ممات بالذات ہوگا، نہ متصف بحیات بالذات۔ الحاصل حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے خصوصی اوصاف دجال کے لئے ثابت کرنا معاذ اللہ تنقیص شان نبوت ہے۔

۱۸۔ دیوبندیوں کا مذہب

مقتداء علماء دیوبند مولوی اسماعیل صاحب دہلوی کی عبارات میں مقربین بارگاہ ایزدی کی شان میں دریدہ دہنی اور بیباکی سے اشد ترین توہین و تنقیص کے چند نمونے۔

۱۔ تقویت الایمان میں مولوی اسماعیل صاحب دہلوی نے صفحہ ۹ پر لکھا:

"اللہ کے سوا کسی کو نہ مان اور اس سے نہ ڈر"۔

۲۔ تقویت الایمان کے صفحہ ۱۰ پر تحریر کیا:

"ہمارا جب خالق اللہ ہے اور اس نے ہم کو پیدا کیا تو ہم کو بھی چاہئے کہ اپنے ہر کاموں پر اسی کو پکاریں، اور کسی سے ہم کو کیا کام، جیسے جو کوئی ایک بادشاہ کا غلام ہو چکا تو وہ اپنے ہر کام کا علاقہ اسی سے رکھتا ہے، دوسرے بادشاہ سے بھی نہیں رکھتا اور کسی چوہڑے چمار کا تو کیا ذکر"۔

۳۔ تقویت الایمان صفحہ ۱۹ پر تحریر ہے:

"اس کے دربار میں ان کا تو یہ حال ہے کہ جب وہ کچھ حکم فرماتا ہے، تو وہ سب رعب میں آ کر بے حواس ہو جاتے ہیں"۔

۴۔ تقویت الایمان کے صفحہ ۱۶ پر لکھتے ہیں:

"اس شہنشاہ کی تو یہ شان ہے کہ ایک آن میں ایک حکم کن سے چاہے تو کروڑوں نبی اور ولی، جن اور فرشتے جبرائیل اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی برابر پیدا کر ڈالے"۔

۵۔ تقویت الایمان کے صفحہ ۴۲ پر ہے:

"جس کا نام محمد یا علی ہے وہ کسی چیز کا مختار نہیں"۔

۶۔ تقویت الایمان صفحہ ۴۲ پر ہے۔ (نسخہ مطبع فاروقی دہلی صفحہ ۵۱)

"رسول کے چاہنے سے کچھ نہیں ہوتا"۔

اہل سنت کا مذہب

ا۔ اہل سنت کے نزدیک اللہ کے سوا کسی کو نہ ماننا یعنی یہ عقیدہ رکھنا کہ صرف اللہ پر ایمان لانا چاہئے اور کسی پر ایمان لانا جائز نہیں، کفر خالص ہے، دیکھئے تمام امت مسلمہ کا متفق عقیدہ ہے کہ جب تک اللہ، ملائکہ، آسمانی کتابوں، اللہ کے تمام رسولوں، یوم آخرت اور خیر وشر کے منجانب اللہ مقدر ہونے اور مرنے کے بعد اٹھنے پر ایمان نہ لائے، اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتا۔

۲۔ ہر سنی مسلمان کا یہ عقیدہ ہے کہ ہمارے تمام کاموں میں متصرف حقیقی صرف اللہ

تعالی ہے لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ اللہ تعالی کے نبیوں، رسولوں اور اس کے مقرب بندوں سے ہمارا کوئی کام ہی نہ ہو، کتاب وسنت میں بے شمار نصوص وارد ہیں، جن کا مفاد یہ ہے کہ ہمیں اپنے کاموں میں محبوبان خداوندی کی طرف رجوع کرنا چاہئے، دیکھئے اللہ تعالی فرماتا ہے ولو انھم اذظلموا انفسھم جاؤک الآیہ، کاش وہ لوگ جنہوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا آپ کے پاس آجاتے، دوسری جگہ اللہ تعالی نے فرمایا فاسئلوا اھل الذکر ان کنتم لا تعلمون الآیہ، اگر تم نہیں جانتے تو اہل ذکر سے دریافت کرلو، دیکھئے ان دونوں آیتوں میں اللہ تعالی نے اپنے مقرب بندوں سے ہمارا کام وابستہ فرمایا ہے یا نہیں؟۔

اس عبارت میں جو تمام ماسوی اللہ کو چوہڑے چمار سے تعبیر کیا گیا ہے، اہل سنت کے نزدیک یہ مقربین بارگاہ ایزدی کی شان میں بدترین گستاخی ہے، نعوذ باللہ من ذالک۔

۳۔ اہل سنت کے نزدیک انبیاء کرام و ملائکہ مقربین پر خوف وخشیت الہی کا طاری ہونا تو حق ہے مگر انہیں بے حواس کہنا ان کی شان میں بے باکی اور گستاخی ہے، العیاذ باللہ۔

۴۔ اہل سنت کے نزدیک حضرت محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم کی مثل ونظیر کے پیدا کرنے سے قدرت ومشیت ایزدی کا متعلق ہونا محال عقلی ہے، کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم پیدائش میں تمام انبیاء سے حقیقتا اول ہیں اور بعثت میں تمام انبیاء سے آخر اور خاتم النبیین ہیں، ظاہر ہے کہ جس طرح اول حقیقی میں تعدد محال بالذات ہے، اسی طرح خاتم النبیین میں بھی تعدد ممتنع لذاتہ ہے اور اس بنا پر قدرت ومشیت خداوندی کا ناقص ہونا لازم نہیں آتا، بلکہ اسی امر محال کا قبیح ومذموم ہونا ثابت ہوتا ہے کہ وہ اس بات کی صلاحیت ہی نہیں رکھتا کہ اللہ تعالی کی قدرت ومشیت اس سے متعلق ہوسکے۔

۵۔ اہل سنت کا مذہب ہے کہ ملک واختیار بالاستقلال تو خاصہ خداوندی ہے اور ملک واختیار ذاتی کسی فرد مخلوق کے لئے ثابت نہیں، لیکن اللہ تعالیٰ کا دیا ہوا اختیار اور اس کی عطا کی ہوئی ملک عام انسانوں کے لئے دلائل شرعیہ سے ثابت ہے، اور یہ ایسی روشن اور بدیہی بات ہے کہ جس کے تسلیم کرنے میں کوئی مخبوط الحواس بھی تامل نہیں کر سکتا، چہ جائیکہ سمجھدار آدمی اس کا انکار کرے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں علی الاطلاق یہ کہہ دینا کہ وہ کسی چیز کے مالک ومختار نہیں، شان اقدس میں صریح توہین ہے اور ان تمام نصوص شرعیہ اور ادلہ قطعیہ کے قطعاً خلاف ہے، جن سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی ملک اور اختیار ثابت ہوتا ہے۔

۶۔ اہل سنت کا مسلک یہ ہے کہ مقربین بارگاہ ایزدی عبودیت کے اس بلند مقام پر ہوتے ہیں کہ ان کی ذوات قدسیہ مظہر صفات ربانی ہو جاتے ہیں اور بمقتضائے حدیث قدسی بی یسمع و بی یبصر ان کا دیکھنا، سننا، چلنا پھرنا ارادہ ومشیت سب کچھ اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب ہوتا ہے، وہ میدان تسلیم ورضا کے مرد ہوتے ہیں، ان کا چاہنا اللہ کا چاہنا اور ان کا ارادہ اللہ کا ارادہ ہوتا ہے، ایسی صورت میں حضور سید المقربین نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں یہ کہنا کہ "رسول کے چاہنے سے کچھ نہیں ہوتا" عظمت شان رسالت کے منافی ہے، بلکہ مقام نبوت کی توہین وتنقیص ہے، جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صفات الٰہیہ کا مظہر اتم ہیں اور ان کی مشیت مشیت ایزدی کا ظہور ہے، تو اس کا پورا نہ ہونا معاذ اللہ مشیت خداوندی کی ناکامی ہو گی، یہی توہین نبوت اور کفر خالص ہے اور کمالات انبیاء علیہم السلام کی تنقیص اسی لئے کفر ہے کہ کمالات نبوت قطعاً صفات الٰہیہ کا ظہور ہوتے ہیں۔

۱۹۔ دیوبندیوں کا مذہب

دیوبندی حضرات کے مذہب میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف بشر کی سی کی جائے بلکہ اس میں بھی اختصار کیا جائے تقویت الایمان صفحہ ۳۵ پر لکھا ہے:

''یعنی کسی بزرگ کی تعریف میں زبان سنبھال کر بولو اور جو بشر کی سی تعریف ہو وہی کرو سو اس میں بھی اختصار ہی کرو''۔

اہل سنت کا مذہب

اہل سنت کے نزدیک ہر بزرگ کی تعریف اس کی شان اور مرتبہ کے لائق کی جائے گی کہ حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف بشر کی سی ہوتا تو درکنار ملائکہ مقربین سے بھی زیادہ ہوگی، کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا مرتبہ ان سے بلند و بالا ہے۔

۲۰۔ دیوبندیوں کا مذہب

دیوبندی علماء کے مذہب میں انبیاء ورسل ملائکہ معاذ اللہ سب ناکارے ہیں تقویت الایمان صفحہ ۱۵، ۱۶ پر لکھ دیا۔

''اللہ جیسے زبردست کے ہوتے ہوئے ایسے عاجز لوگوں کو پکارنا کہ کچھ فائدہ اور نقصان نہیں پہنچا سکتے، محض بے انصافی ہے کہ ایسے بڑے شخص کا مرتبہ ایسے ناکارے لوگوں کو ثابت کیجئے''۔

اہل سنت کا مذہب

اہل سنت کے نزدیک محبوبانِ خداوندی انبیاء کرام رسل وملائکہ عظام کے حق میں لفظ "ناکارہ" بولنا ان کی شان میں بیہودہ گوئی اور دریدہ دہنی ہے۔نعوذ باللہ من ذالک۔

۲۱۔دیوبندیوں کا مذہب

علماء دیوبند کے نزدیک اللہ تعالیٰ کی بڑی مخلوق انبیاء ورسل کرام علیہم السلام کی شان اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں معاذ اللہ چوہڑے چمارے بھی گری ہوئی ہے۔تقویت الایمان کے صفحہ ۸ پر ہے۔

"اور یقین جان لینا چاہیے کہ ہر مخلوق بڑا ہو یا چھوٹا،وہ اللہ کی شان کے آگے چمارے بھی ذلیل ہے"۔

اہل سنت کا مذہب

اہل سنت کے مذہب میں یہ عبارت حضرات انبیاء کرام واولیاء عظام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی سخت ترین توہین کا نمونہ ہے۔

ہر چھوٹی اور بڑی مخلوق کے الفاظ سے بڑی مخلوق کے معنی رسل کرام اور اولیاء عظام کا ہونا متعین ہوگیا ہے کیونکہ چھوٹی مخلوق کے لفظ سے چھوٹے مرتبہ کی کل مخلوقات عامہ اور ہر بڑی مخلوق کے لفظ سے بڑے مرتبہ کی کل خاص مخلوق کے معنی بغیر تاویل وتامل کے ہر شخص کی سمجھ میں آتے ہیں،ظاہر ہے کہ بڑے مرتبہ کی خاص مخلوق انبیاء علیہم السلام،ملائکہ کرام اور اولیاء عظام ہی ہیں،اب انہیں بارگاہ خداوندی میں معاذ اللہ چوہڑے چمارے زیادہ ذلیل کہنا جس قسم کی شدید توہین ہے محتاج تشریح نہیں۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں اپنے مقرب بندوں کو عباد مکرمون اور کان عند اللہ وجیہا فرما کر انہیں اپنی بارگاہ میں بڑی عزت و بزرگی والا اور ذی وجاہت فرمایا ہے، نیز اپنے پاک بندوں کو منعم علیہم قرار دے کر اور ان اکرمکم عند اللہ اتقاکم فرما کر ان کی شان بڑھائی ہے لیکن اس کے بالمقابل دیو بندی علماء خصوصاً صاحب تقویت الایمان نے انہیں چوہڑے چمار سے زیادہ ذلیل قرار دے کر ان کی توہین و تنقیص کی ہے، اہل سنت اس عبارت کو گندگی اور نجاست تصور کرتے ہیں اور ایسے عقیدہ کو کفر خالص سمجھتے ہیں۔ (اعاذنا اللہ منہ)

۲۲۔ دیو بندیوں کا مذہب

حضرات علماء دیو بند کے نزدیک معاذ اللہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک گنوار کی بات سن کر بے حواس ہو گئے، اسی تقویت الایمان کے صفحہ ۳۱ پر لکھا ہے۔

"سبحان اللہ اشرف المخلوقات محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تو اس کے دربار میں یہ حالت ہے کہ ایک گنوار کے منہ سے اتنی بات سنتے ہی مارے وحشت کے بے حواس ہو گئے"۔

اہل سنت کا مذہب

اہل سنت کا مذہب یہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام کے حواس تمام انسانوں کے حواس سے اقویٰ اور اعلیٰ ہیں، سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں یہ کہنا کہ حضور ایک گنوار کی بات سن کر بے حواس ہو گئے، سخت ترین توہین و تنقیص ہے بارگاہ نبوت میں۔

۲۳۔ دیو بندیوں کا مذہب

علماء دیو بند کے مذہب میں فرشتوں اور رسولوں کو طاغوت کہنا جائز ہے، مولوی حسین علی صاحب، ساکن واں بھچراں اپنی تفسیر بلغۃ الحیران کے صفحہ ۴۳ پر فرماتے ہیں:

"اور طاغوت کا معنی کلما عبد من دون اللہ فھو الطاغوت اس معنی بموجب طاغوت جن اور ملائکہ اور رسول کو بولنا جائز ہوگا"۔

اہل سنت کا مذہب

اہل سنت کے نزدیک فرشتوں اور رسولوں کو طاغوت کہنا ان کی سخت توہین ہے اور ملائکہ و رسل کرام کی توہین کرنے والا خارج از اسلام ہے۔

۴۴۔ دیو بندیوں کا مذہب

دیو بندی حضرات کا مذہب یہ ہے کہ صریح جھوٹ کی ہر قسم سے نبی کا معصوم ہونا ضروری نہیں ہے، مولوی محمد قاسم صاحب نانوتوی بانی مدرسہ دیو بند اپنی کتاب تصفیۃ العقائد مطبوعہ مجتبائی دہلی کے صفحہ ۲۵ پر تحریر فرماتے ہیں۔

"۱۔ پھر دروغ صریح بھی کئی طرح پر ہوتا ہے جن میں سے ہر ایک کا حکم یکساں نہیں، ہر قسم سے نبی کو معصوم ہونا ضروری نہیں۔

۲۔ بالجملہ علی العموم کذب کو منافی شان نبوت بایں معنی سمجھنا کہ یہ معصیت ہے اور انبیاء علیہم السلام معاصی سے معصوم ہیں خالی غلطی سے نہیں"۔ (تصفیۃ العقائد صفحہ ۲۸)

اہل سنت کا مذہب

اہل سنت کے نزدیک حضرات انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام ہر قسم کے کذب و معاصی سے علی العموم معصوم ہیں اور ان کے حق میں کسی معصیت کا تصور یا کسی قسم کے دروغ صریح کو ان کے لئے ثابت کرنا عزت و ناموس رسالت پر بدترین حملہ ہے۔

۲۵۔ دیوبندیوں کا مذہب

حضرات اکابر دیوبند کے نزدیک انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام اپنی امت سے صرف علم میں ممتاز ہوتے ہیں، عملی امتیاز انہیں حاصل نہیں ہوتا، مولوی محمد قاسم صاحب نانوتوی بانی مدرسہ دیوبند اپنی کتاب تحذیر الناس میں صفحہ ۵ پر تحریر فرماتے ہیں۔

''انبیاء اپنی امت سے اگر ممتاز ہوتے ہیں تو علوم ہی میں ممتاز ہوتے ہیں، باقی رہا عمل اس میں بسا اوقات بظاہر امتی مساوی ہو جاتے بلکہ بڑھ جاتے ہیں۔''

اہل سنت کا مذہب

اہل سنت کے مذہب میں انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام اپنی امت سے جس طرح علم میں ممتاز ہوتے ہیں اسی طرح عمل میں بھی پوری امتیازی شان رکھتے ہیں، جو شخص انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کے اس امتیاز کا منکر ہے وہ شان نبوت میں تخفیف کا مرتکب ہے۔

۲۶۔ دیوبندیوں کا مذہب

علماء دیوبند اللہ تعالیٰ کے چھوٹے بڑے سب بندوں کو بے خبر اور نادان کہتے ہیں، دیکھئے تقویت الایمان صفحہ ۳ پر لکھا ہے۔

''ان باتوں میں سب بندے بڑے ہوں یا چھوٹے سب یکساں بے خبر ہیں

اور نادان"۔

اہل سنت کا مذہب

انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کو بے خبر اور نادان کہنا بارگاہ نبوت میں سخت دریدہ دہنی ہے اور ایسا کہنا بدترین جہالت اور گمراہی ہے۔

۲۷۔ دیوبندیوں کا مذہب

حضرات علماء دیوبند انبیاء علیہم السلام کو اپنی امتوں کا سردار کن معنوں میں مانتے ہیں، تقویۃ الایمان صفحہ ۳۵ پر لکھا ہے۔

"جیسا ہر قوم کا چودھری اور گاؤں کا زمیندار سو ان معنوں کو ہر پیغمبر اپنی امت کا سردار ہے"۔

اہل سنت کا مذہب

اہل سنت کا مسلک یہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام کو اپنی امت پر وہ سرداری حاصل ہے جو کسی مخلوق کے لئے ثابت کرنا توہین رسالت ہے۔

۲۸۔ دیوبندیوں کا مذہب

دیوبندی حضرات کے نزدیک مفسرین جھوٹے ہیں، مولوی حسین علی صاحب شاگرد مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی بلغۃ الحیران صفحہ ۱۵ پر لکھتے ہیں۔

"ادخلوا الباب سجدا باب سے مراد مسجد کا دروازہ ہے، جو کہ نزدیک

تھے، اور باقی تفسیروں کا کذب ہے"۔

اہل سنت کا مذہب

اہل سنت کے عقیدہ میں تفسیروں کو کذب کہنے والا خود کذاب ہے۔

۲۹۔ دیوبندیوں کا مذہب

علماء دیوبند کے نزدیک محمد بن عبدالوہاب اور اس کے مقتدی وہابیوں کے عقائد عمدہ تھے، فتاویٰ رشیدیہ حصہ اول صفحہ ۱۱۱ پر ہے۔

"سوال۔ وہابی کون لوگ ہیں اور محمد بن عبدالوہاب نجدی کا کیا عقیدہ تھا اور کون مذہب تھا اور وہ کیسا شخص تھا اور اہل نجد کے عقائد میں اور سنی حنفیوں کے عقائد میں کیا فرق ہے۔

الجواب۔ محمد بن عبدالوہاب کے مقتدیوں کو وہابی کہتے ہیں، ان کے عقائد عمدہ تھے، اور مذہب ان کا حنبلی تھا، البتہ ان کے مزاج میں شدت تھی، مگر وہ اور ان کے مقتدی اچھے ہیں، مگر ہاں جو حد سے بڑھ گئے، ان میں فساد آ گیا، اور عقائد سب کے متحد ہیں، اعمال میں فرق حنفی، شافعی، مالکی، حنبلی کا ہے۔ رشید احمد گنگوہی۔

اہل سنت کا مذہب

اہل سنت کے نزدیک محمد بن عبدالوہاب باغی، خارجی، بے دین وگمراہ تھا، اس کے عقائد کو عمدہ کہنے والے اسی جیسے دشمنان دین ضال ومضل ہیں۔

۳۰۔ دیوبندیوں کا مذہب

مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی پیشوائے علماء دیوبند کے نزدیک کتاب تقویت الایمان نہایت عمدہ کتاب ہے، اس کے سب مسائل صحیح ہیں، اس کا رکھنا پڑھنا اور عمل کرنا عین اسلام ہے، ملاحظہ فرمایئے، فتاوٰی رشیدیہ حصہ اول صفحہ ۱۱۳،۱۱۲۔

"سوال۔ تقویت الایمان میں کوئی مسئلہ ایسا بھی ہے جو قابل عمل نہیں یا کل اس کے مسائل صحیح ہیں......

الجواب۔ بندہ کے نزدیک سب مسائل اس کے صحیح ہیں...... تمام تقویت الایمان پر عمل کرے۔"

اسی طرح فتاوٰی رشیدیہ حصہ اول صفحہ ۲۰ پر ہے۔

"اور کتاب تقویت الایمان نہایت عمدہ کتاب ہے اور رد شرک و بدعت میں لاجواب ہے، استدلال اس کے بالکل کتاب اللہ و احادیث سے ہیں، اس کا رکھنا اور عمل کرنا عین اسلام ہے"۔

اہل سنت کا مذہب

اہل سنت مولوی اسماعیل صاحب دہلوی کی کتاب تقویت الایمان کو تمام انبیاء کرام و اولیاء عظام کی توہین و تنقیص کا مجموعہ قرار دیتے ہیں، در حقیقت یہ محمد بن عبدالوہاب نجدی کی کتاب 'التوحید' کا خلاصہ ہے جس میں تمام امت محمدیہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والتحیہ کو کافر و مشرک کہا گیا ہے، اور دل کھول کر خدا کے مقدس اور محبوب بندوں کی شان میں گستاخیاں کی ہیں۔

۳۱۔ دیو بندیوں کا مذہب

دیو بندی علماء یا شیخ عبد القادر کہنے والوں کو کافر، مرتد، ملعون، جہنمی کہتے ہیں، پھر جو شخص جان بوجھ کر انہیں ایسا نہ کہے، اس کو بھی ویسا ہی کافر، مرتد، ملعون، جہنمی اور زانی قرار دیتے ہیں اور ان کے نکاح کو باطل سمجھتے ہیں، ملاحظہ فرمایئے فتویٰ مندرجہ بلغۃ الحیران صفحہ ۴۔

''یا شیخ عبد القادر یا خواجہ شمس الدین پانی پتی چنانچہ عوام می گویند شرک و کفر است، فتویٰ مولانا مرتضیٰ حسن صاحب ناظم تعلیم دیو بند بحوالہ پرچہ اخبار امرتسر ۱۴ اراکتوبر ۱۹۲۷ء۔

ان عقائد باطلہ پر مطلع ہو کر انہیں کافر، مرتد، ملعون، جہنمی نہ کہنے والا بھی ویسا ہی مرتد و کافر ہے، پھر اس کو جو ایسا نہ سمجھے وہ بھی ایسا ہی ہے، کوکب یمانی علی اولاد الزوانی، کوکب یمانین علی اہلان والخراطین، توضیح المراد لمن تجلد فی الاستمداد، کالا کافران کتابوں میں ثابت کیا گیا ہے کہ ایسے عقائد رکھنے والے کالے کافر ہیں، ان کا نکاح کوئی نہیں، سب زانی ہیں''۔

اہل سنت کا مذہب

اہل سنت کے نزدیک صحت اعتقاد کے ساتھ یا شیخ عبد القادر جیلانی اور اس قسم کے تمام الفاظ ندا کہنا جائز ہیں، جو شخص کہنے والوں کو کافر، مرتد، ملعون، جہنمی اور زانی قرار دیتا ہے، وہ اکابر اولیاء امت کی شان میں گستاخی کر کے خود ملعون جہنمی اور زانی ہے۔

۳۲۔ دیو بندیوں کا مذہب

علماء دیوبند کے نزدیک بزرگان دین کو اللہ تعالیٰ کا بندہ اور اس کی مخلوق مان کر اور ان کے لئے اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی قوت تسلیم کر کے انہیں اپنا سفارشی سمجھنے والے اور ان کی نذر و نیاز کرنے والے (گویا صحابہ کرام سے لے کر آج تک کے تمام مسلمان، اولیاء، علماء، مجتہدین، صالحین) سب کافر و مرتد اور ابوجہل کی طرح مشرک ہیں، تقویت الایمان صفحہ ۴ پر مرقوم ہے۔

''کافر بھی اپنے بتوں کو اللہ کے برابر نہیں جانتے تھے، بلکہ اسی کا مخلوق اور اسی کا بندہ سمجھتے تھے، اور ان کو اس کے مقابل کی طاقت ثابت نہیں کرتے تھے، مگر یہی پکارنا اور منتیں ماننی اور نذر و نیاز کرنی اور ان کو اپنا وکیل اور سفارشی سمجھنا یہی ان کا کفر و شرک تھا، سو جو کوئی کسی سے یہ معاملہ کرے گو کہ اس کو اللہ کا بندہ و مخلوق ہی سمجھے، سو ابوجہل اور وہ شرک میں برابر ہے''۔ [illegible]

اہل سنت کا مذہب

اہل سنت کے نزدیک ایسے لوگوں کو کافر و مشرک کہنا خود کفر و شرک کے وبال میں مبتلا ہونا ہے، مقربین بارگاہ خداوندی کے لئے مقید بالاذن تصرف طاقت و قدرت اور سفارش ثابت کرنا حق اور درست ہے اور اس کا انکار موجب ضلال باعث نکال ہے۔

۳۳۔ دیوبندیوں کا مذہب

اکابر علماء دیوبند کے حسب ذیل عقائد و مسائل مندرجہ ذیل عبارات و حوالہ جات منقولہ میں ملاحظہ فرمائیں۔

۱۔رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے علم غیب کا عقیدہ رکھنا صریح شرک ہے۔

۲۔عرس کا التزام کرے یا نہ کرے بہر حال ناجائز ہے۔

۳۔تاریخ معین پر قبروں پر جمع ہونا بغیر لغویات کے بھی گناہ ہے۔

۴۔متبع سنت اور دیندار کو وہابی کہتے ہیں۔

۵۔تیجہ وغیرہ ناجائز ہے قرآن شریف و کلمہ طیبہ اور درود شریف پڑھ کر ثواب پہنچانا اور چنے تقسیم کرنا سب ناجائز ہے۔

۶۔چالیسواں اور گیارھویں بھی بدعت ہے۔

۷۔کھانے یا شیرینی وغیرہ پر فاتحہ پڑھنا بدعت اور گمراہی ہے اور ایسا کرنے والے سب بدعتی اور گمراہ ہیں۔

''فتاویٰ رشیدیہ حصہ دوم صفحہ ۳ پر ہے۔

۱۔اور یہ عقیدہ رکھنا کہ آپ کو علم غیب تھا صریح شرک ہے۔فقط

۲۔عرس کا التزام کرے یا نہ کرے بدعت اور نادرست ہے۔

۳۔تعیین تاریخ سے قبروں پر اجتماع کرنا گناہ ہے۔خواہ اور لغویات ہوں یا نہ ہوں۔

۴۔اس وقت اور ان اطراف میں وہابی متبع سنت اور دیندار کو کہتے ہیں۔

۵۔نیز فتاویٰ رشیدیہ حصہ اول صفحہ ۱۰۱ پر ہے۔

کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیان شرع متین اس صورت میں کہ فی زمانہ رواج ہے کہ جب کوئی مرجاتا ہے تو اس کے عزیز و اقارب اس روز یا دوسرے روز یا

تیسرے روز یا کسی اور روز جمع ہو کر مسجد یا کسی اور مکان میں قرآن شریف اور کلمہ طیبہ اور درود شریف پڑھ کر بلا تعین شمار ثواب اس پڑھے ہوئے کا متوفی کو بخشتے ہیں اور چنے وغیرہ تقسیم کرتے ہیں تو اس طرح جمع ہونا اور قرآن مجید وغیرہ پڑھنا اور پڑھوانا درست ہے یا نہیں؟ بینوا بالکتاب توجروا فی یوم الحساب حزین بہیر فرمائیں۔

الجواب: صورت مسئولہ کا یہ ہے کہ مجتمع ہونا عزیز و اقارب وغیرہم کا واسطے پڑھنے قرآن مجید کے یا کلمہ کے جمع ہو کر روز وفات میت کے یا دوسرے روز یا تیسرے روز بدعت و مکروہ ہے شرع شریف میں اس کی کچھ اصل نہیں۔

۶۔ اسی طرح فتاویٰ رشیدیہ حصہ سوم ص ۹۲ پر ہے:

سوال: مرنے کے بعد چالیس روز تک روٹی ملا کو دینا درست ہے یا نہیں؟

الجواب: چالیس روز تک روٹی کی رسم کرلینا بدعت ہے۔ ایسے ہی گیارھویں بھی بدعت ہے، بلا پابندی رسم تو وہ ایصال ثواب مستحسن ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

بندہ رشید احمد گنگوہی

۷۔ اس کے علاوہ فتاویٰ رشیدیہ حصہ دوم ص ۱۵۰ پر ہے

مسئلہ: فاتحہ کا پڑھنا کھانے پر یا شرینی پر بروز جمعرات کے درست ہے یا نہیں؟

الجواب: فاتحہ کھانے یا شرینی پر پڑھنا بدعت ضلالت ہے ہرگز نہ کرنا چاہیے

۔فقط رشید احمد

اہل سنت کا مذہب

اہل سنت و جماعت کے عقائد حسب ذیل ہیں۔

ا۔ باعلام خداوندی رسولوں کے لئے علم غیب حاصل ہونے کا عقیدہ عین ایمان ہے۔

۲۔ اہل سنت کے نزدیک بغیر وجوب التزام کے عقیدہ کے التزام کے ساتھ عرس کرنا جائز ہے اور بلا التزام بھی جائز ہے۔

۳۔ تاریخ معین پر مزارات اولیاء اللہ پر مسلمانوں کی حاضری اور بزرگوں کی روحانیت سے فیض حاصل کرنا اہل سنت کے عقائد کی رو سے نہ صرف جائز بلکہ مستحسن ہے، بشرطیکہ وہاں فسق وفجور اور معصیت نہ ہو۔

۴۔ اہل سنت کے نزدیک محمد بن عبدالوہاب کے متبعین کو وہابی کہتے ہیں، جن کے عقائد کی رو سے صرف وہی لوگ مسلمان ہیں جو ان کے ہم مسلک اور ہم مشرب ہوں، باقی تمام مسلمانوں کو وہ کافر ومشرک اور مباح الدم کہتے ہیں۔

۵۔ اہل سنت کے نزدیک تیجہ وغیرہ اور قرآن شریف وکلمہ طیبہ ودرود شریف پڑھ کر اس کا ثواب ارواح مومنین کو پہنچانا اور چنے تقسیم کرنا سب جائز اور موجب رحمت وبرکت ہے، بشرطیکہ یہ امور خلوص اعتقاد اور نیک نیتی سے کیے جائیں۔

۶، ۷۔ چالیسواں، گیارھویں شریف اور کھانے یا شیرینی وغیرہ پر فاتحہ پڑھنا سب جائز اور باعث اجر وثواب ہے، اور ایسا کرنے والے مسلمان صحیح العقیدہ اہل سنت وجماعت ہیں، ان کاموں کو بدعت قرار دینا اور ان کے کرنے والے سنی مسلمان کو بدعتی کہنا سخت گناہ اور

بدعت وضلالت ہے۔

۳۴۔ دیوبندیوں کا مذہب

دیوبندی صاحبان کے نزدیک بدعتی کے پیچھے نماز مکروہ تحریمہ ہے۔ فتاویٰ رشیدیہ حصہ سوم صفحہ ۷۴ پر ہے۔

''سوال۔ بدعتی کے پیچھے نماز ہو جاتی ہے یا نہیں؟

الجواب۔ مکروہ تحریمہ ہے (فی درالمختار باب الامامۃ) واللہ تعالیٰ اعلم، بندہ رشید احمد گنگوہی عفی عنہ

اور اسی فتاویٰ رشیدیہ حصہ سوم کے صفحہ ۵۰، ۵۱ پر ہے۔

سوال۔ جمعہ کی نماز جامع مسجد میں باوجودیکہ امام بدعقیدہ ہے پڑھے یا دوسری جگہ پڑھ لے۔

الجواب۔ جس کے عقیدے درست ہوں اس کے پیچھے نماز پڑھنی چاہیے''۔

اہل سنت کا مذہب

اہل سنت کا مسلک یہ ہے کہ عرس و میلاد کرنے والوں اور کھانے یا شیرینی وغیرہ پر فاتحہ پڑھنے والوں اور گیارھویں کرنے والوں کو بدعتی کہنا اور ان کے پیچھے نماز پڑھنے کو مکروہ تحریمہ جاننا سخت گناہ اور بدترین قسم کی گمراہی ہے۔ اہل سنت کے نزدیک فی زمانہ عرس و فاتحہ کرنے والوں ہی کے پیچھے نماز پڑھنا صحیح ہے۔ ان کے مخالفین مذکورین کے پیچھے جائز نہیں۔

۳۵۔ دیوبندیوں کا مذہب

اکابر حضرات علماء دیوبند کے نزدیک کوئی مجلس میلاد اور کوئی عرس کسی حال میں درست نہیں، مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی فتاویٰ رشیدیہ حصہ دوم صفحہ ۱۵۰ پر رقم فرماتے ہیں۔

''مسئلہ۔ انعقاد مجلس میلاد بدوں قیام بروایت صحیحہ درست ہے یا نہیں؟ بینوا و توجروا۔ رقیمہ نیاز محمد، امتیاز علی طالب علم مدرسہ قصبہ سہنپور، جواب طلب مع حوالہ کتب۔ فقط

الجواب۔ انعقاد مجلس میلاد بہر حال نا جائز ہے، تداعی امر مندوب کے واسطے منع ہے۔ فقط، واللہ تعالیٰ اعلم، اگر پڑھو گے حوالہ کتب معلوم ہو جائیں گے، نہ پڑھو گے تو تقلید سے عمل کرنا۔ فقط والسلام۔ کتبہ الاحقر رشید احمد گنگوہی عفی عنہ۔

سوال۔ جس عرس میں صرف قرآن شریف پڑھا جائے اور تقسیم شیرینی ہو شریک ہونا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب۔ کسی عرس اور مولود شریف میں شریک ہونا درست نہیں اور کوئی سا عرس اور مولود درست نہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم، بندہ رشید احمد گنگوہی عفی عنہ، فتاویٰ رشیدیہ حصہ سوم صفحہ ۹۴

مسئلہ۔ محفل میلاد میں جس میں روایات صحیحہ پڑھی جاویں اور لاف و گزاف اور روایات موضوعہ اور کاذبہ نہ ہوں، شریک ہونا کیسا ہے۔

الجواب۔ نا جائز ہے بسبب اور وجوہ کے، فقط رشید احمد، فتاویٰ رشیدیہ حصہ دوم صفحہ ۱۵۵''

اہل سنت کا مذہب

اہل سنت کے مذہب میں مجلس میلاد پاک افضل ترین مندوبات اور اعلیٰ ترین مستحبات سے ہے اور اعراسِ بزرگان دین بھی اہل سنت کے نزدیک منجملہ مستحبات ہیں، جو شخص یہ کہتا ہے کہ بزرگان دین کے عرس میں کوئی لغویت اور امر ممنوع نہ ہو تب بھی ناجائز اور بدعت ہے، وہ بزرگان دین کا سخت معاند اور ان کے فیوض وبرکات سے محروم اور خائب وخاسر ہے۔

اسی طرح میلاد شریف کو بہر حال ناجائز وبدعت قرار دینا حتی کہ سلام وقیام نہ ہو اور روایات موضوعہ نہ ہوں بلکہ صحیح روایتوں کے ساتھ میلاد شریف پڑھا جائے تب بھی اسے ناجائز اور بدعت وحرام کہنا اہل سنت کے نزدیک بارگاہِ رسالت سے بغض وعناد کی روشن دلیل ہے۔

۳۶۔ دیوبندیوں کا مذہب

دیو بندی علماء کے نزدیک بروایات صحیحہ محرم میں حضرات حسنین علیہما السلام کی شہادت کا بیان، شربت اور دودھ پلانا، سبیل لگانا سب حرام ہے، ملاحظہ فرمائیے فتاویٰ رشیدیہ حصہ سوم صفحہ ۱۱۳۔

''سوال۔ محرم میں عشرہ وغیرہ کے روز شہادت کا بیان کرنا بروایات صحیحہ یا بعض ضعیف بھی و نیز سبیل لگانا چندہ دینا اور شربت دودھ بچوں کو پلانا درست ہے یا نہیں؟

الجواب۔ محرم میں ذکر شہادت حسنین علیہما السلام کرنا اگرچہ بروایات صحیحہ ہو یا سبیل لگانا شربت پلانا یا چندہ سبیل اور شربت میں دینا یا دودھ پلانا سب نادرست اور تشبہ روافض کی وجہ سے حرام ہیں''۔

اہل سنت کا مذہب

اہل سنت کے مسلک میں روایات صحیحہ کے ساتھ محرم وغیرہ میں حضرات حسنین علیہما السلام کا ذکر شہادت باعث رحمت و برکت ہے، اسی طرح شہداء کرام کو ایصال ثواب کے لئے شربت اور دودھ وغیرہ پلانا سب جائز اور مستحسن ہے تشبہ بالروافض کی آڑ لے کر ان امور مستحسنہ کو ناجائز و حرام کہنا مسلمانوں کو حصول خیر و برکت سے محروم رکھنا ہے۔

۳۷۔ دیو بندیوں کا مذہب

اکابر علماء دیو بند کے مذہب میں ہندوؤں کے سودی روپے سے جو پانی پیاؤ (سبیل) لگائی جائے اس کا پانی پینا مسلمانوں کے لئے جائز ہے، دیکھئے فتاویٰ رشیدیہ حصہ سوم صفحہ ۱۱۴ پر ہے:

"سوال۔ ہندو جو پیاؤ پانی کی لگاتے ہیں، سودی روپیہ صرف کر کے، مسلمانوں کو اس کا پانی پینا درست ہے یا نہیں؟

الجواب۔ اس پیاؤ سے پانی پینا مضائقہ نہیں، فقط واللہ تعالیٰ اعلم، رشید احمد گنگوہی عفی عنہ۔"

دیو بندی حضرات کے مسلک میں ہندوؤں کی ہولی اور دیوالی کی پوریاں وغیرہ مسلمانوں کے لئے کھانا حلال طیب ہے، فتاویٰ رشیدیہ حصہ دوم صفحہ ۱۲۳ پر مرقوم ہے۔

"مسئلہ۔ ہندو تہوار ہولی یا دیوالی میں اپنے استاد یا حاکم یا نوکر کو کھیلیں یا پوری یا اور کچھ کھانا بطور تحفہ بھیجتے ہیں، ان چیزوں کا لینا اور کھانا استاد یا حاکم و نوکر

مسلمان کو درست ہے یا نہیں؟

الجواب۔ درست ہے۔فقط"

اہل سنت کا مذہب

اہل سنت کے نزدیک یہ امر اہل بیت اطہار خصوصاً سیدنا امام حسین علیہ السلام کے ساتھ عداوت قلبی کی بین دلیل ہے کہ امام حسین علیہ السلام کی فاتحہ کے شربت کو تشبہ بالروافض کی آڑ لے کر حرام کہا جائے اور اس کے بالمقابل تشبہ بالہنود سے آنکھیں بند کر کے ہندوؤں کے مشرکانہ تہوار ہولی، دیوالی کی پوری کچوری کو جائز وحلال قرار دیا جائے، نیز اہل سنت اس بات کو اہل بیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بدترین دشمنی تصور کرتے ہیں کہ امام حسین علیہ السلام کو ایصال ثواب کے لئے لگائی ہوئی سبیل کے پانی کو ناجائز سمجھا جائے اور اس کے مقابلہ میں ہندوؤں کے سودی روپے سے لگائے ہوئے پیاؤ کا پانی حلال طیب جائز اور پاک مانا جائے، مقام تعجب ہے کہ تشبہ بالروافض تو محوظ رہے اور تشبہ بالکفار والمشرکین بالکل نظر انداز کر دیا جائے، اہل انصاف غور فرمائیں کہ یہ عداوت حسین نہیں تو کیا ہے؟ العیاذ باللہ والی المشتکی:

۳۸۔ دیوبندیوں کا مذہب

علماء دیوبند کے پیشوایان کرام کے مذہب میں زاغ معروف (مشہور کوا جو عام طور پر پایا جاتا ہے) کھانا ثواب ہے، فتاوی رشیدیہ حصہ دوم صفحہ ۱۳۰ کو دیکھئے اس پر لکھا ہے:

"مسئلہ۔ جس جگہ زاغ معروفہ کو اکثر حرام جانتے ہوں اور کھانے والے کو برا کہتے ہوں تو ایسی جگہ اس کوا کھانے والے کو کچھ ثواب ہوگا؟ یا نہ ثواب ہوگا نہ عذاب؟

الجواب۔ ثواب ہوگا، فقط رشید احمد

اہل سنت کا مذہب

اہل سنت کا مذہب یہ ہے کہ پاک غذا پاک لوگوں کے لئے ہے اور خبیث و ناپاک غذا خبیثوں اور ناپاکوں کے لئے ہے۔ زاغ معروف (مشہور کوا) حرام اور خبیث ہے جس کا کھانا مومنین متقین کے لئے جائز نہیں، کوا کھانے والے حرام خور اور عذاب آخرت کے سزاوار ہیں۔

۳۹۔ دیوبندیوں کا مذہب

علماء دیوبند کی نظر میں مولوی رشید احمد گنگوہی بانی اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کے "ثانی" ہیں، ملاحظہ فرمایئے مرثیہ، مصنفہ مولوی محمود الحسن صاحب دیوبندی، مطبوعہ ساڈھورہ صفحہ ۶۔

زباں پہ اہل اہوا کی ہے کیوں اعل ہبل شاید
اٹھا عالم سے کوئی بانی اسلام کا ثانی

اہل سنت کا مذہب

اہل سنت کے نزدیک حضور صلی اللہ علیہ وسلم لاثانی و بے نظیر ہیں اور مرثیہ کا زیر نظر شعر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں توہین و تنقیص ہے۔ اس شعر میں مولوی رشید احمد گنگوہی کو بانی اسلام کا ثانی کہا گیا ہے۔

بانی اسلام سے مراد اللہ تعالیٰ ہوگا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ لہٰذا مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی (معاذ اللہ) اللہ تعالیٰ کے ثانی ہوئے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے۔

ظاہر ہے کہ یہ گنتی اور شمار کا موقع نہیں، اس لئے تسلیم کرنا پڑے گا کہ مولوی محمود الحسن

صاحب دیوبندی نے مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی کو اللہ تعالیٰ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مثل قرار دے کر خدا اور رسول کی شان میں توہین کی۔

تعجب ہے کہ اگر آج کسی جاہل آدمی کو مولوی اشرف علی صاحب تھانوی یا مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی کا ثانی کہہ دیا جائے تو دیوبندیوں کے دل میں فوراً درد پیدا ہوگا کہ اُف ہمارے مقتداؤں کی توہین ہوگئی۔ لیکن یہ خود ایک مولوی کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ثانی کہیں تو انہیں توہین رسول کا قطعاً احساس نہیں ہوتا۔ بلکہ ایسے توہین آمیز کلام کی تاویلات فاسدہ میں ایڑی چوٹی کا زور لگانے لگتے ہیں۔ فاعتبروا یا اولی الابصار۔

۴۰۔ دیوبندیوں کا مذہب

دیوبندیوں کے نزدیک مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی کے حقیر اور چھوٹے سے کالے غلاموں کا لقب "یوسف ثانی" ہے۔ دیکھئے مرثیہ مولوی محمود الحسن صاحب صفحہ ۱۱۔

قبولیت اسے کہتے ہیں مقبول ایسے ہوتے ہیں
عبید سود کا ان کے لقب ہے یوسفِ ثانی

اہل سنت کا مذہب

اہل سنت کا مسلک یہ ہے کہ کسی کو وصف عیب سے تعبیر کر کے یوسف ثانی اس کا لقب قرار دینا سیدنا یوسف علیہ السلام کی شان میں توہین و تنقیص ہے۔ "عبید سود" کے معنی ہیں کالے رنگ کے حقیر اور چھوٹے غلام جن کو دوسرے لفظوں میں "کالے کلوٹے" بھی کہا جا سکتا ہے۔ اگر کسی نے کسی کو یوسفِ ثانی سے تعبیر بھی کیا ہے تو اس کے حسن کو تسلیم کر کے اور اسے حسین قرار

دے کر کہا ہے، لیکن اس شعر میں تو مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی کے غلاموں کو "عیسیٰ ہود" کالے غلطے کہہ کر اور ان کے محقر و مصغر ہونے کا اظہار کر کے پھر انہیں سیاہ فام ماننے کے بعد ان کا لقب یوسف ثانی رکھا ہے، جس میں جمال یوسفی کی صریح توہین ہے۔ العیاذ باللہ۔

۳۱۔ دیوبندیوں کا مذہب

دیوبندی مسلک میں مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی کی مسیحائی سیدنا عیسیٰ بن مریم کی مسیحائی سے بڑھ چڑھ کر ہے، دیکھئے مرثیہ، مصنفہ مولوی محمود الحسن صاحب دیوبندی، صفحہ ۳۳۔

مردوں کو زندہ کیا زندوں کو مرنے نہ دیا
اس مسیحائی کو دیکھیں ذری ابن مریم

اہل سنت کا مذہب

اہل سنت کا مذہب یہ ہے کہ کسی نبی کے معجزات اور کمالات میں کسی غیر نبی کو نبی سے بڑھ چڑھ کر ماننا توہین نبوت ہے، اس شعر میں مردہ اور زندہ سے حقیقی مردہ اور زندہ مراد ہو یا مجازی، ہر صورت میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی توہین ہے، اس لئے کہ مولوی رشید احمد صاحب کی مسیحائی کا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی مسیحائی سے مقابلہ کیا گیا ہے، اور پھر مولوی رشید احمد صاحب کی مسیحائی کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی مسیحائی پر ترجیح دی گئی ہے جو سیدنا مسیح ابن مریم علیہما السلام کی شان میں صریح گستاخی ہے۔ اعاذنا اللہ منہ۔

۳۲۔ دیوبندیوں کا مذہب

دیوبندی حضرات کے نزدیک کعبہ میں بھی گنگوہ کا رستہ تلاش کرنا چاہئے، مولوی محمود

الحسن صاحب دیوبندی اپنے تصنیف کردہ مرثیہ کے صفحہ ۱۳ پر ارشاد فرماتے ہیں: ؎

پھریں تھے کعبہ میں بھی پوچھتے گنگوہ کا رستہ
جو رکھتے اپنے سینوں میں تھے ذوق و شوق عرفانی

اہل سنت کا مذہب

اہل سنت کے نزدیک کعبہ مطہرہ تمام دنیائے انسانیت کا مرکز و مرجع اور سب کے لئے امن و عافیت کا گہوارہ ہے، مرد مومن کا دل خود بخود کعبہ کی طرف کھنچتا ہے، خصوصاً عارف باذوق پر کعبہ کے حقیقی حسن و جمال اور اس کے انوار و تجلیات کا انکشاف ہوتا ہے، ایسی صورت میں جو لوگ کعبہ میں پہنچ کر بھی گنگوہ کا رستہ ڈھونڈتے ہیں وہ علم و عرفان اور ذوق و شوق سے قطعاً محروم ہیں، کعبہ میں پہنچنے کے بعد گنگوہ کا متلاشی ہونا یقیناً کعبہ مطہرہ کی عظمت شان کو گھٹانا ہے۔

ناظرین کرام! تصویر کے دونوں رخ آپ کے سامنے موجود ہیں، اب آپ کو اختیار ہے جسے چاہیں پسند فرمائیں، میں اپنے معبود حقیقی رب کائنات مجیب الدعوات جل مجدہٗ سے بصد تضرع و زاری دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ قبول حق کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔ وھو یھدی الیٰ صراط مستقیم و اخر دعوانا ان الحمد للّٰہ رب العلمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ سید المرسلین و علی الہٖ و صحبہٖ و اولیاء ملتہٖ و علماء امتہٖ اجمعین۔

سید احمد سعید کاظمی غفرلہ

۳۰ مئی ۱۹۵۶ء

مولانا حسین احمد صاحب مدنی اور بعض دیگر علماء دیوبند کے

جماعت اسلامی سے اختلافات عقیدہ و مسلک

کی

حقیقت

از قلم

علامہ عامر عثمانی فاضل دیوبند

برادر زادہ حضرت علامہ شبیر احمد صاحب عثمانی رحمۃ اللہ علیہ

ایڈیٹر ماہنامہ تجلی دیوبند

فرینڈز پبلی کیشنز حسین آگاہی ملتان

جماعت اسلامی کے کسی فرد کی ہو ہی نہیں سکتی کیونکہ اس کا انداز بیان اور اسلوب بداہتہً اب سے کوئی پہلے زمانے کے طرز نگارش کا حامل ہے۔ لیکن جس طرح غصہ، نفرت جوش انتقام اور حرص و ہوس میں سے کوئی سا بھی جذبہ جب اپنی شدت و وسعت کے ساتھ کسی انسان پر طاری ہوتا ہے تو عقل و ہوش اور احساس و وجدان اور بصیرت و بصارت سب مغلوب و ماؤف ہو جاتے ہیں اور اس سے وہ حرکات سرزد ہو جاتی ہیں جن کا ارتکاب وہ عام حالت میں ہرگز نہ کرتا۔ اسی طرح مفتیان کرام کے دماغ پر چھائی ہوئی بغض و عناد کی گھٹا نے ان کی ساری عقل اور بصیرت و دانائی کو مغلوب کر کے یہ وسوسہ ڈال دیا کہ نہ ہو یہ جماعت اسلامی کے کسی فرد کی خامہ فرسائی ہے۔ جب یہ وسوسہ پیدا ہو گیا تو کار گہ عناد میں فتویٰ کفر کے ڈھلنے میں کیا دیر لگتی تھی۔

تفصیل اس اجمال کی سہ روزہ "دعوت" دہلی کی ۱۶ جنوری ۱۹۵۷ء کی اشاعت میں ملاحظہ فرمایئے۔ کسی نے حضرت مولانا قاسم رحمۃ اللہ علیہ کی چند سطریں ان کی کتاب "تصفیۃ العقائد" سے نقل کر کے دارالافتاء دارالعلوم دیوبند کو بھیجیں اور پوچھا کہ ان سطروں کے لکھنے والے کے بارے میں آنجناب کا شرعی فیصلہ کیا ہے؟

خدا جانے کونسی منحوس گھڑی تھی کہ ان عقیل و فہیم مفتیوں کے دماغ میں جنہوں نے ہزاروں فتوے ملک کے کونے کونے کو علم دین کی روشنی پہنچاتے رہے ہیں اور جن کے علم و فضل کی قسمیں تک کھائی گئی ہیں، یہ بات آ گئی کہ ہو نہ ہو یہ عبارت مودودی کی یا اس کے کسی چیلے کی ہے۔ بس پھر کیا تھا آؤ دیکھا نہ تاؤ، مندرجہ ذیل فتویٰ صادر فرما دیا۔

[illegible] الجواب

- انبیاء علیہم السلام معاصی سے معصوم ہیں، ان کو مرتکب معاصی

سمجھنا (العیاذ باللہ) اہلسنت والجماعت کا عقیدہ نہیں، اس کی وہ
تحریر خطرناک بھی ہے اور عام مسلمانوں کو ایسی تحریرات کا پڑھنا
جائز بھی نہیں۔"

فقط واللہ اعلم، سید احمد علی سعید، نائب مفتی دارالعلوم دیوبند

جواب صحیح ہے، ایسے عقیدے والا کافر ہے، جب تک وہ تجدید ایمان اور تجدید نکاح نہ کرے اس سے قطع تعلق کریں۔

مہر دارالافتاء، دیوبند، الہند — مسعود احمد عفا اللہ عنہ

سنا گیا ہے کہ فخر الاماثل محترم و معظم جناب مولانا محمد طیب صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند نے اس فتوے سے متعلق کوئی بہت طویل توضیحی مضمون لکھ کر اشاعت کے لئے اخبارات کو بھیجا ہے، یہ ابھی تک ہماری نظروں سے نہیں گزرا۔ بے شک مذکورہ فتوے سے حضرت العلامہ مولانا محمد قاسم رحمۃ اللہ علیہ کے دامن صافی پر جیسا کچھ بھی بدنما دھبہ افسوسناک طور پر ڈالا گیا ہے اس کو دھونا نہ صرف حضرت موصوف کا فرض ہے، بلکہ ہر اس شخص کا فرض ہے جو حضرت مولانا قاسم کی فضیلت و عظمت سے باخبر ہو، اور جو بدنامی اس فتوے سے دارالعلوم جیسے معزز ادارے کی ہوئی ہے اس کی مناسب تلافی کرنے کے لئے حضرت مہتمم صاحب سے زیادہ موزوں اور بہتر کون ہو سکتا ہے؟

تاہم یہ بات بھی قابل غور ہے کہ حضرت مہتمم صاحب قبلہ صرف یہی تو کر سکتے ہیں کہ فتویٰ مذکور کی غلطی اور حضرت مولانا قاسم کی عبارات کی صحت و صداقت کو خاطر خواہ بیش دلائل سے واضح فرما دیں۔ لیکن یہ چیز فی الحقیقت مناسب تلافی نہیں کرے گی کیونکہ حضرت مولانا قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو خاکم بدہن کافر و گمراہ ہونا تو کجا معمولی غلطیاں

إِنَّ الَّذِينَ يُلْحِدُونَ فِي آيَاتِنَا لَا يَخْفَوْنَ عَلَيْنَا

سلسلة المطبوعات رقم ٣٢

إكفار الملحدين

في ضروريات الدين

للإمام العصر المحدث الكبير الشيخ محمد أنور شاه الكشميري
(المتوفى ١٣٥٢هـ)

قام بنشرها
المجلس العلمي في كراتشي باكستان

على كل أحد . "كتاب الفصل" لابن حزم (١) .

هذا مع سماعهم قول الله تعالى : ﴿ولكن رسول الله وخاتم النبيين﴾ . وقول رسول الله ﷺ : «لا نبي بعدي» . فكيف يستجيز مسلم أن يثبت بعده عليه السلام نبياً في الأرض ؟ حاشا ما استثناه رسول الله ﷺ في الآثار المسندة الثابتة في نزول عيسى بن مريم عليه السلام في آخر الزمان . (٢) . وصح الإجماع على أن كل من جحد شيئاً صح عندنا بالاجماع أن رسول الله ﷺ أتى به فقد كفر ، وصح بالنص أن كل من استهزأ بالله تعالى أو بملك من الملائكة ، أو بنبي من الأنبياء عليهم السلام ، أو بآية من القرآن ، أو بفريضة من فرائض الدين ، فهي كلها آيات الله تعالى بعد بلوغ الحجة إليه ، فهو كافر . ومن قال نبي بعد النبي عليه الصلاة والسلام ، أو جحد شيئاً صح عنده بأن النبي ﷺ قاله فهو كافر (٣) . كتاب "الفصل" لابن حزم (٤) .

أجمع عوام أهل العلم على أن من سب النبي ﷺ يقتل الخ . وحكى الطبري مثله — أي مثل القول بأنه ردة — عن أبي حنيفة وأصحابه فيمن تنقصه ﷺ أو برئ منه أو كذبه الخ . قال محمد بن سحنون : أجمع العلماء على أن شاتم النبي ﷺ المتنقص له كافر ، ومن شك في كفره وعذابه

---

(١) ص — ٢٤٩ ج — ٣

(٢) كتاب الفصل ص ١٨٠ ج — ٤

(٣) وفيه حديث عند أبي داود من باب الرمل من الجهاد، وهو عند الحاكم أيضاً و" الكنز" ص — ١٧١ ج — ٧ .

(٤) ص ٢٥٥ و٢٥٦

نص عليه أبو يوسف في " الأمالي " فقال: أكره أن يكون الإمام صاحب هوى وبدعة، لأن الناس لايرغبون في الصلاة خلفه هل تجوز الصلاة خلفه؟ قال بعض مشائخنا: إن الصلاة خلف المبتدع لاتجوز، وذكر في " المنتقى " رواية عن أبي حنيفة: أنه كان لا يرى الصلاة خلف المبتدع . والصحيح أنه إن كان هوى يكفره لاتجوز ، وإن كان لايكفره تجوز مع الكراهة اه . وهذا " المنتقى " هوالذى نسب إليه في " المسايرة" مسألة عدم إكفار أهل القبلة ، ففسر بعض كلامه بعضه ؛ وفصل كذلك في الشهادة ، ونص في " الخلاصة " أنه صرح به في " الأصل " ، وكذا نقله عنها صاحب " البحر " . ويراجع ما ذكره في " الفتح " من حيلة تحليل المطلقة ثلاثاً .

والتأويل في ضروريات الدين لا يدفع الكفر. "علامــه عبد الحكيم سيالكوتي" على " الخيالي" ، وهو كذلك في " الخيالي " :

و جمعى از فرقه مبتدعه اهل قبله اند در تكفير آنها جرأت نبايد نمود تا زمانيكه انكار ضروريات دينيه ننمايند ورد متواترات احكام شرعيه نكنند ، و قبول ما علم مجيئه من الدين بالضرورة نكنند. "مكتوبات امام ربانى" (١) .

وجعل في "الفتوحات " (٢) التأويل الفاسد كالكفر ؛ فراجعها من الباب التاسع والثمانين ومائتين .

والقول الموجب للكفر إنكار مجمع عليه ، فيه نص ، ولافرق بين أن يصدر عن اعتقاد أو عناد . " كليات أبي البقاء" من لفظ "الكفر".

قال الكمال : والصحيح أن لازم المذهب ليس بمذهب، وإنه لاكفر بمجرد اللزوم لأن اللزوم غير الالتزام . وقد وقع في " المواقف" ما يقتضى

(١) ص ـــ ٣٨ ج ـــ ٣ وص ـــ ٩٠ ج ـــ ٨

(٢) ص ـــ ٨٥٧ ج ـــ ٢

تأويله ليوافقها ، فأما إذا اطردت كلها على وتيرة واحدة صارت بمنزلة النص وأقوى ، وتأويلها ممتنع ، فتأمل هذا . "بدائع الفوائد" (١) .

وهذا يجري في نحو لفظ "التوفي" في عيسى عليه السلام أنه الإستيفاء لا الإماتة، فإن كل ما ورد في حاله في القرآن والحديث اطرد في حياته .

قال حبيب بن الربيع : لأن ادعاءه التأويل في لفظ صراح لا يقبل — "شرح شفاء"(٢) — في من قال: قتل الله رسول الله كذا وكذا . وقال: أردت به العقرب — والعياذ بالله — وأقره الحافظ ابن تيمية بعينه في "الصارم المسلول" (٣) .

فعلم أن التأويل كما لا يقبل في ضروريات الدين كذلك لا يقبل في ما يظهر أنه احتيال في كلام الناس به وتمحل غير واقعي ، وقد كان الأئمة رحمهم الله يعتبرون إرادة التأويل وقصده ، فجاء المتأخرون فاعتبروا إيجاده ، في "جامع الفصولين" وعن مالك رحمه الله أنه سئل عن من أراد أن يضرب أحداً ؟ فقيل له : ألا تخاف الله تعالى ؟ فقال : لا ، قال : لا يكفر ، إذ يمكنه أن يقول : التقوى فيما أفعل له ، ولو قيل له ذلك في معصيته ، فقال : لا أخافه يكفر ، إذ لا يمكنه ذلك التأويل اهـ . ونحوه في "الخانية" في قصة شداد بن حكيم مع زوجته ، وذكرها في "طبقات الحنفية" من شداد عن محمد رحمه الله أيضاً ، وهو أولى بالاعتبار مما ذكره من اعتبار مجرد الامكان ، فإنه لا حجر

---

(١) وأيضاً في ص - ٥ ج - ١ من "البدائع والفوائد" في الفرق بين الرواية والشهادة . منه .

(٢) ص — ٣٧٨ ج — ٤ (٣) ص — ٥٢٩

فيه ، وقالوا فى الإكراه على كلمة الكفر : إن خطر بباله التورية ولم يور كفر ؛ فاعتبروا القصد وإرادة التأويل فى حقه ، وإلا فالتمحل لا يعجز عنه أحد ، فى " الميزان " (١) بإسناد قوى: فوالله إن المؤمن ليجادل بالقرآن فيغلب ، وإن المنافق ليجادل بالقرآن فيغلب ، ألا ذكره من ترجمة الحكم بن نافع .

ولذا قال ابن حجر بعد سياق كلام المصنف : وما ذكره ظاهر موافق لقواعد مذهبنا ، إذ المدار فى الحكم بالكفر على الظواهر ، ولانظر للمقصود ، والنيات ، ولانظر لقرائن حاله ، نعم يعذر مدعى الجهل إن اعتذر لقرب عهده بالإسلام أو بعــده عن العلماء . كما يعلم من كلام " الروضة " انتهى . " خفاجى " شرح " شفاء " (٢) . أى فيا أتى بالسب الثلة مراقبة ، وضبط لسانه، وتهور فى كلامه، ولم يقصد السب .

فإن قيل : كيف تأولت أمر الطائفة التى منعت الزكاة على الوجه الذى ذهبت إليه ، وجعلتهم أهل بغى ؟ وهل إذا أنكرت طائفة من المسلمين فى زماننا فرض الزكاة ، وامتنعوا من أدائها ، يكون حكمهم حكم أهل البغى ؟

قلنا : لا فإن من أنكر فرض الزكاة فى هــذه الأزمان كان كافراً بإجماع المسلمين ، والفرق بين هؤلاء وأولئك أنهم إنما عذروا لأسباب وأمور لا يحدث مثلها فى هذا الزمان .

منها : قرب العهد بزمان الشريعة الذى كان يقع فيه تبديل الأحكام بالنسخ .

---

(١) ص ــ ٢٧٢ ج ــ ١ (٢) ص ٤٢٦ ج ــ ٤

سرى ذلك فى أتباعه الملاعين ، فهم يصنفون فى هجاء عيسى عليه السلام ويشيعونه فى أهل الإسلام ، دع النصارى ، وغرضهم بذلك أن لا يبقى للناس اشتياق إلى عيسى بن مريم عليه السلام ، فيعلموا ذلك الدجال الهذاى المهذار ، خذله الله تعالى . وقد ذكر العلماء أن التهور فى عرض الأنبياء وإن لم يقصد السب كفر ، وليس من شأن المؤمن ، والله يقول الحق وهو يهدى السبيل .

ومما قلت فيه (١)

ألا يا عباد الله قوموا وقوموا خطوباً ألمت ما لهن يدان
وقد كاد يقضى المدى ومثاره وزحزح (٢) خير ما لذالك ثدان
يسب رسول من أولى العزم فيكم تكاد السماء (٣) والأرض تنفطران
ومطهره (٤) من أهل كفر وليه وأبقى لنار بعض كفر أمانى
وحارب قوم ربهم وليه (٥) فقوموا لنصر الله إذ هو دان
وقد عيل صبرى فى انتهاك حدوده فهل ثم داع أو مجيب أذانى
وإذ عز خطب جئت مستنصراً بكم فهل ثم غوث يا لقوم يدانى
لعمرى لقد نبهت من كان نائماً وأسمعت من كانت له أذنان

---

(١) وقد سمى الشيخ إمام العصر هذه القصيدة باسم: "صدع النقاب عن جساسة الفنجاب" . القادرى .

(٢) قد جاء هذا اللفظ لازماً . منه .

(٣) حكاه فى "القاموس" مقصوراً ، اسم جنس . منه .

(٤) ومطهرك من الذين كفروا . منه .

(٥) من آذى ولياً لى فقد آذنته بالحرب . منه .

قولہ تعالیٰ: وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ الْاِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْهُ ۚ

(ترجمہ) جو شخص اسلام کے سوا اور دین اختیار کریگا پھر اس سے قبول نہیں کیا جائیگا

حق پرست علماء کی

مودودیت سے ناراضگی کے اسباب

حضرت

مولانا احمد علی صاحب رحمۃ اللہ علیہ

المشیع

سلسلہ قادریہ راشدیہ

دفتر انجمن خدام الدین دروازہ شیرانوالہ لاہور

بار چہارم　　پنجاب پریس لاہور　　قیمت ۵۰ پیسے

ہیں۔ اور فقط یہی نہیں۔ بلکہ نعوذ باللہ من ذلک اللہ تعالٰے کو جھوٹا ماننا پڑے گا۔ کیونکہ اللہ تعالٰے نے فرمایا ہوا ہے۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی طرف سے نہیں فرمایا کرتے بلکہ میری طرف سے آپ کے دل پر القاء ہوتا ہے۔ پھر آپ فرماتے ہیں۔ اب تبلائے۔ کیا دجال کی احادیث کو غلط کہنے سے سارا دین اسلام تباہ اور برباد نہیں ہو جائے گا۔ انشاء اللہ تعالٰے دین الہٰی سدا زندہ رہے گا۔ اور اسے تسلیم نہ کرنے والے اس کا خمیازہ خود بھگت لیں گے۔

رسول اللہ پر کذب بیانی کا بہتان

"حضور کو اپنے زمانہ میں یہ اندیشہ تھا۔ کہ شاید دجال آپ کے عہد ہی میں ظاہر ہو جائے۔ یا آپ کے بعد کسی قریبی زمانہ میں ظاہر ہو۔ لیکن کیا ساڑھے تیرہ سو برس کی تاریخ نے یہ ثابت نہیں کردیا۔ کہ حضور کا یہ اندیشہ صحیح نہ تھا۔ اب ان چیزوں کو اس طرح نقل و روایت کئے جانا۔ کہ گویا یہ بھی اسلامی عقائد ہیں۔ نہ تو اسلام کی صحیح نمائندگی ہے۔ اور نہ اسے حدیث ہی کا صحیح فہم کہا جا سکتا ہے۔ جیسا کہ میں عرض کر چکا ہوں۔ اس قسم کے معاملات میں نبی کے قیاس و گمان کا درست نہ نکلنا ہرگز منصب نبوۃ پر طعن کا موجب نہیں ہے۔" ماخوذ از ترجمان القرآن ربیع الاول ۱۳۶۵ھ جلد ۲۹

سیاق و سباق سے مودودیوں کی یہ مراد ہوتی ہے۔ کہ اگلی پچھلی عبارتوں کو دیکھ کر پھر اعتراض ہو تو کرنا چاہیے۔

اگر دس سیر دودھ کسی کھلے مونہہ والے دیگچے میں ڈال دیا جائے۔ اور اس دیگچے کے مونہہ پر ایک لکڑی رکھ کر ایک تاگہ میں خنزیر کی ایک بوٹی ایک تولہ کی اس لکڑی میں باندھ کر دودھ میں لٹکا دی جائے۔ پھر کسی مسلمان کو اس دودھ میں سے پلایا جائے وہ کہے گا۔ کہ میں اس دودھ سے ہرگز نہیں پیونگا کیونکہ سب حرام ہوگیا ہے۔ پلانے والا کہے۔ کہ بھائی ۱۰ سیر دودھ کے آٹھ سو تولے ہوتے ہیں۔ آپ فقط اس بوٹی کو کیوں دیکھتے ہو۔ دیکھئے اس بوٹی کے آگے پیچھے دائیں بائیں اور اس کے نیچے چار انچ کی گہرائی میں دودھ ہی دودھ ہے۔ وہ مسلمان یہی کہے گا۔ یہ سارا دودھ خنزیر کی ایک بوٹی کے باعث حرام ہوگیا ہے۔ یہی قصہ مودودی صاحب کی عبارتوں کا ہے جب مسلمان مودودی صاحب کا یہ لفظ پڑھے گا۔ کہ خانہ کعبہ کے ہر طرف جہالت اور گندگی ہے۔ اس کے بعد مودودی صاحب ہزار تعریف کریں۔ مگر جب تک مودودی صاحب اس نعرہ سے توبہ کرکے اعلان نہیں

کریں گے۔ مسلمان کبھی راضی نہیں ہوں گے۔ جب تک کہ یہ خنزیر کی بوٹی اس دودھ سے نہیں نکالیں گے۔

ہوگا اور تیسری صورت میں غلبہ وقوت جہات متعارضہ پر نظر رکھنی چاہیئے اگر جہت منفعت غالب ہے تو منجملہ نافعات اور جہت مضرت غالب ہے تو منجملہ مضرات سمجھا جائے گا پھر اگر منفعت دینی ہے تو حسنات دینی میں شمار کیا جائے گا اور منفعت دنیوی ہے تو حسنات دنیوی میں شمار کیا جائے گا مثلاً اطعام طعام یا تعلیم علوم دنیوی پر منفعت دنیوی اور راحت دنیوی متفرع ہوتی ہے اور تعلیم و تلقین علوم دین پر راحت دینی تو اوّل حسنات و احسانات دنیوی دوم حسنات و احسانات اخروی میں اور فکر و تہذیب قلب جو بغرض وباعث محبت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہے راحت اخروی میں سے ہوں گے اور اس تفاوت کی وجہ سے اوّل کو ثانی سے کچھ نسبت نہ ہوگی مشروعیت قتال کفار اور اس کا حسنات میں داخل ہوجانا اسی قسم میں سے ہے۔ کیونکہ قتال مذکور وقطع عضو فاسد جس میں خیر خواہی بدن باقی ظاہر ہے منجملہ نافعات سمجھا گیا جب اس قدر آزار مقتولین دفع فساد کے لئے ثواب مستحسن ٹھیرا تو کذب صریح جس میں کفار کو دھوکا دینا مدنظر ہو بغرض دفع فساد و اعلاء کلمۃ اللہ کیونکر مستحسن نہ ہوگا۔ اس کا آزار اس آزار سے جس سے بڑھ کر کوئی آزار دنیاوی نہیں یعنی قتل کچھ نسبت نہیں رکھتا جب مرض مذکور پر وہ جائز ہوا تو یہ کیونکر نہ ہوگا اور وہ حسنات میں سے ہوا تو یہ کیونکر نہ ہوگا یہ مسلم کہ دفع فساد قتال مذکور سے حاصل ہوتا ہے اور کذب فی الحرب جو بطور خدیعہ کام آتا ہے چنانچہ ارشاد ہے اَلْحَرْبُ خُدْعَةٌ بغرض سہولت دفع فساد مطلوب ہے اس لئے تا مقدور کذب صریح جائز نہ ہوگا تعریضات سے کام لیا جائے گا بلکہ انبیاء کرام گر تعریضات کو بھی مکروہ سمجھیں جیسا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے قصے سے مترشح ہے تو کچھ عجب نہیں ہاں جس جگہ دفع فساد خود کذب پر ہی موقوف ہو جیسا کبھی اصلاح بین الناس میں ہوتا ہے تو پھر یہ تامل بیجا ہے بالجملہ علی العموم کذب کو منافی شان نبوت بایں معنی سمجھنا کہ یہ معصیت ہے اور انبیاء علیہم السلام معاصی سے معصوم ہیں خالی غلطی سے

(جملہ حقوق محفوظ)

كِتَابٌ أُحْكِمَتْ آيَاتُهُ ثُمَّ فُصِّلَتْ مِنْ لَدُنْ حَكِيمٍ حَمِيدٍ

الحمد للہ کہ دریں ایام سعادت فرجام کتاب مستطاب مجموعہ لاجواب
تفسیر کلام مجید و شرح قرآن حکیم بطرز جدید و وجہ لطیف و انیق المبنٰی

بُلْغَةُ الْحَيْرَان
فِي
رَبْطِ آيَاتِ الْفُرْقَان

از زبدۃ المفسرین عمدۃ المحدثین رئیس الفقہاء حضرت مولانا حسین علی صاحب الوانی
تلمیذ رشید مولانا رشید احمد القطب الگنگوہی قدس سرہ و مولانا محمد مظہر نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ
بانی مظاہر العلوم سہارنپور

[illegible]

[illegible]

مولانا فاضل لاثانی یار محمد ملتانی

الشاه احمد سعيد اجازة والشاه ابو سعيد اجازة والشاه عبد العزيز اجازة والشاه ولي الله الدهلوي قال ولي الله الدهلوي قرأت القرآن كله على محمد فاضل السندي قال قرأته على الشيخ المقرئ عبد الخالق قال قرأت على الشيخ البقري والبقري قرأ على الشيخ عبد الرحمن اليمني قرأ على والده الشيخ شحادة اليمني قرأ على الشيخ ابي نصر الطبلاوي قرأ على الشيخ الاسلام زكريا قرأ على رضوان العقبي ورضوان ابي نعيم العقبي قرأ على سيدنا علي محمد بن محمد بن علي بن يوسف الجزري صاحب كتاب النشر قال الجزري قرأت القرآن على ابي العباس احمد بن الحسين قال قرأت على والدي قرأ على ابي محمد القاسم قال قرأت على احمد بن علي واحمد بن سعيد ومحمد بن ايوب قال كل منهم قرأت على علي بن محمد الخياط قرأ على سليمان بن نجاح قال قرأت على مؤلف التيسير ابي عبد الله الداني قرأ على طاهر بن غلبون قرأ على ابي الحسن علي بن محمد المقرئ قرأ على احمد بن سهل قرأ على عبيد بن الصباح قرأ على حفص قرأ على عاصم واخذ عاصم القرآن عن عبد بن حبيب وعن زر بن حبيش وابو عبد الرحمن بن حبيب عن عثمان بن عفان وعلي بن ابي طالب وابي بن كعب وزيد بن ثابت وابن مسعود عن النبي صلى الله عليه وسلم واخذ زر عن عثمان بن عفان وابن مسعود عن النبي صلى الله عليه وآله واصحابه وسلم عليهم اجمعين.

مبشرات

رأيت سيدي محمد عثمان ... تفسير القرآن ضياء الكريم لكشف ... تفسير جميع القرآن قال نعم ورأيت أني ألبست التفسير ... ورأيت ... عليه الصلاة والسلام ... في ... ورأيت ... في ... ورأيت ابن عباس رضي الله تعالى عنه ... تفسير القرآن ... الى ... ورأيت ... رسول الله صلى الله عليه وسلم ... ورأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم ... عليه ... المبارك ... الحرام ثم ... رسول الله صلى الله عليه وسلم ... والسلام عليك يا رسول الله ... صلى الله عليه وسلم ... ورأيت ... ورأيت ... قيل لي ... في التوحيد ... الامام الرباني ... فقال لي ... بيان مسئلة التوحيد ... ورأيت الانبياء ... من آدم الى نبينا صلى الله عليه وعليهم السلام ... الله تعالى ... بفضله ورحمته وعلم المقدرة في ... والله عليم بما ... .

تصحیح

... صاحب ... مولانا ... جناب حافظ محمد صادق صاحب ... خطیب جامع مسجد ... لاہور۔

راقم بندہ عبداللہ المستعان

لف النشر الترتیب مرتب ہے۔ حاصل یہ ہوا کہ میں نے جن کو مثل بنایا ہوا تھا واسطے توضیح تمہید کے اور واسطے بیان کرنے مہمات کے کر
سکے جو دعوی کہ آپ نے کر کے تسلیم کر لیتے اور ان کو یہی نے اور یہی تین فرق سورت فاتحہ کے آخر میں ذکر کئے گئے تھے۔ اس جگہ ان کا
حال بیان کرنے کے واسطے علی سبیل لف النشر الترتیب ذکر اعادہ کیا گیا ہے اور دونوں طرح ان کی مثالیں بیان کی گئیں علی سبیل
لف النشر الترتیب۔ جو متقین کی دونوں مثالوں یعنی وَوَقُودُهَا النَّاسُ سے بِحَقِيقَتِهِ وَالنَّجَاةِ مرتب کیا گیا۔ علی سبیل اللف النشر مرتب
اب يَا أَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوا رَبَّكُمُ سے لے کر إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ تک دو امر بیان کئے بعد توضیح تمہید کے ایک تو دعوی اصلی اور
اس کے واسطے دلائل عقلیہ اور دوسرا صداقت رسول صلعم۔ دعوی اصلی اعْبُدُوا رَبَّكُمُ یعنی ایک اسی کی عبادت کرو۔ اور دلائل
عقلیہ الَّذِي خَلَقَكُمْ سے لے کر وَأَنْتُمْ تَعْلَمُونَ تک ہیں کیونکہ ہم نے اصل میں ثابت کیا گیا ہے کہ دعوی کے بعد دلائل سے صلاحیت
ہوتی ہے واسطے سابق کے۔ حاصل یہ ہے کہ انبیاء اور تمہارے باپ دادا کو پیدا کرنے والا اور تربیت کنندہ وہی ہے۔ اور
فَلَا تَجْعَلُوا لِلَّهِ أَنْدَادًا سے نتیجہ نکالا گیا ہے۔ اور دلائل بیان کرنے کے نتیجہ نکالنے کی وجہ یہ ہے کہ اعتراض پیدا ہوتا۔ اعْبُدُوا رَبَّكُمُ
پر کہ ہم اللہ کی عبادت تو کرتے ہیں پھر یہ حکم کیوں دیا گیا۔ جواب یہ ہے کہ خدا کی عبادت کرتے تھے اور غیر خدا کی عبادت بھی کرتے تھے
لہذا فَلَا تَجْعَلُوا لِلَّهِ أَنْدَادًا سے نتیجہ نکالا گیا ہے اعْبُدُوا رَبَّكُمُ کی واسطے دفع کرنے اس اعتراض کے۔ اور وَإِنْ كُنْتُمْ فِي رَيْبٍ
سے لے کر إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ تک صداقت رسول بیان کی گئی ہے یعنی تم کو اس کتاب منزل علی الرسول میں کوئی شک ہو تو
تم اپنے معبودوں کو بھی حاضر طلب کر لو جو تم جانتے ہو اور سب مل کر اس کتاب جیسی کوئی کتاب بنا لاؤ۔ تحقیق مقام یہاں تقریر ہے
کہ مضمون پر بحث کرتے ہیں [illegible] کرنا چاہئے کہ کفار عاجز
کر کوئی فصاحت اور بلاغت سے دکھا کر قرآن کی طرح واسطے کفار عرب کے نہیں آیا تھا۔ اور یہ کمال بھی نہیں ہے بلکہ
کمال تو اس میں ہے کہ ایسے مضمون والی کتاب [illegible] ہو لاکر اگر تم صادق ہو
تو تم اپنے مضمون والی کتاب کوئی لے آؤ۔ [illegible] فَإِنْ لَمْ تَفْعَلُوا سے لے کر [illegible] تک
تخویف بیان کی گئی۔ دونوں دعووں کے واسطے اور بعد دعووں کی بشارت دی گئی ہے دعوی مع الدلائل اور صداقت رسول صلعم
کو بیان ہو گئی ہے تخویف اور بشارت کے ساتھ آگے دعوی سے متعلقات بیان کئے گئے ہیں۔ اور إِنَّ اللَّهَ لَا يَسْتَحْيِي أَنْ يَضْرِبَ
مَثَلًا مَا بَعُوضَةً سے لے کر أُولَئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ تک دعوے کے متعلق کلام ہے یعنی کفار کے شبہ کا جواب دیا گیا کہ وہ
کہتے تھے کہ مچھر مکھی جیسے کی بات کرنا ہمیں پسند نہیں ہے یہ منزل من اللہ نہیں ہے اس واسطے کہ اللہ کو حقیر جیسے اشیاء سے مثال
بیان کرنے کی کیا ضرورت ہے۔ کیا رب کی تعظیم نہیں ہے واسطے کفار وغیرہ کے۔ معانی الفاظ مَاذَا أَرَادَ اللَّهُ بِهَذَا مَثَلًا
کیا ارادہ کیا ہے اس بات بیان کرنے کے [illegible] آگے ایک اور بھی بات ہے۔ حمد کرتے ہیں اللہ تعالیٰ
كَيْفَ تَكْفُرُونَ بِاللَّهِ سے لے کر وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ تک متعلق دعوی اصلی یعنی اعْبُدُوا رَبَّكُمُ اور فَلَا تَجْعَلُوا لِلَّهِ أَنْدَادًا سے
تعلق رکھتے ہے یعنی کس طرح سے اللہ کے انداد بناتے ہو۔ حالانکہ یہ بھی حیثیت تمہارا یہی ہے اور خالق الکل شیء اور عالم کل شیء بھی

اٰمَنُوْا وَالَّذِیْنَ هَادُوْا سے ... تک یعنی اسے بنی اسرائیل مومن کہلانے سے کوئی مومن نہیں بن سکتا بلکہ
وہ ہے جو کوئی ایمان لائے یعنی اللہ کو واحد لاشریک سمجھے اور اسی کی عبادت کرے اور آخرت پر ایمان لائے۔ معانی الالفاظ۔
فَاقْتُلُوْا اَنْفُسَکُمْ یعنی ہم جنس اپنوں کو۔ اُدْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا۔ [illegible] جو شریک تھے اور ان کی تفسیر کا کلام
ہے۔ فَبَدَّلَ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا قَوْلًا غَیْرَ الَّذِیْ قِیْلَ لَهُمْ یعنی حل کیا۔ بیان نوع ثانی۔ وَاِذْ اَخَذْنَا مِیْثَاقَکُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَکُمُ
الطُّوْرَ سے ... وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ تک دوسرا نوع ہے اس میں پہلے یہاں بنی اسرائیل موجودہ کے آباء اجداد کی بیان
ہیں۔ طریقہ اول۔ وَاِذْ اَخَذْنَا مِیْثَاقَکُمْ سے ... لِّلْمُتَّقِیْنَ تک حاصل یہ ہے کہ تمہارے آباء اجداد نے
احکام بیان کر کر تسلیم کر لیے پھر انہوں نے اعراض کیا حالانکہ تم معتقد ہیں کی نسبت کا حال تو جانتے ہو کہ جو ہمارے حکم کی مخالفت
کرتا ہے تو اس کا کیا حال ہوتا ہے اسی طرح تمہارے ساتھ بھی ہوگا [illegible] سے کہ وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا کُنْتُمْ تَکْتُمُوْنَ تک
ہے حاصل یہ کہ تم کو بھی تمہارے آباء اجداد کو ایک گائے ذبح کرنے کا حکم دیا انہوں نے مخالفت کی چالیس برس کے بعد
[illegible] کیا۔ کہ ثانی الادراک [illegible] وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا سے کہ [illegible] تک ہے۔ حاصل یہ ہے کہ
تمہارے آباء اجداد کو [illegible] دکھایا گیا کہ [illegible] کو زندہ کر دیا گیا [illegible] ہو گئے۔
تحقیق امور ضروریہ۔ [illegible] وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ الَّذِیْنَ اعْتَدَوْا [illegible] ہوتا ہے کہ بنی اسرائیل موجودہ کے
آباء اجداد کا بیان ہو رہا ہے۔ لہٰذا وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ الَّذِیْنَ اعْتَدَوْا میں بھی خطاب انہی کو ہوگا حالانکہ [illegible] کی نسبت [illegible]
ان سے پہلے ہوا۔ الجواب۔ [illegible]
[illegible] یہ وارد ہوتا ہے [illegible] تمہارے اور [illegible] نہیں بن سکتا [illegible] سے تو لوگ
ان زمانے والے ہیں اور شاہ ولی اللہ صاحب سے [illegible] سے مراد ہو کر
[illegible] [illegible] کا معنی یہ ہے [illegible] ہیں
میں ... ہے یعنی [illegible] سے [illegible]
ہے اول کی [illegible] ذبح کرنے کا حکم کیوں ہوا تھا۔ الجواب
مفسرین نے تو یہ کہا ہے کہ انہوں نے نفس کو قتل کیا تھا [illegible] اپنے [illegible] ذبح کر کے اس قتیل کو زندہ
تو زندہ ہو جائے گا اور پھر اپنے قاتل کا نام بتائے گا [illegible] کی طرف راجع ہوگی لیکن اصل یہ ہے؟
غلط ہے کیونکہ [illegible] ذبح اور [illegible] کے درمیان چالیس برس کا فاصلہ گیا تھا [illegible] معلوم ہوتا
ہے کہ [illegible] مستقل ہیں اور ذبح بقرہ کی [illegible] اور بقرہ کو معبود بنایا ہوا تھا۔ قال سف
للملک [illegible] تعالٰی [illegible] یعبدون [illegible] کے بت بنانے ہوتے تھے۔ اور
وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا [illegible] ہے۔ اور [illegible] کی ضمیر [illegible] دونوں راجع کرنے جائز ہیں

اب رہ گئے اللہ ولی الذین آمنوا [illegible] واعلم ان اللہ علی
کل شیء قدیر تک ماحصل یہ کہ [illegible] باقی اس قصہ میں اختلاف ہے کہ آیا وہ شخص تھا
یا [illegible] سے [illegible] واذ قال ابراہیم
سے لے کر واعلم ان اللہ عزیز حکیم تک [illegible]
[illegible] شعر

[illegible]

[illegible]

تحقیق لفظی [illegible]
[illegible]
[illegible] من الظلمات الی النور [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] الذین ینفقون اموالہم فی سبیل اللہ [illegible]
[illegible] یا ایہا الذین آمنوا انفقوا [illegible]
[illegible]
[illegible] الذین ینفقون
فی سبیل اللہ [illegible]
[illegible]
[illegible] یا ایہا الذین آمنوا انفقوا [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيرٌ وَبَشِيرٌ جو مضمون بیان کیا گیا واسطے بیان کرنے حال رسول صلعم کے اس سبب امور میں جانب امر ہے۔ اور میں محقق بشیر
ہوں موقنوں کے واسطے اور نذیر ہوں۔ قولہ وَأَنِ اسْتَغْفِرُوا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوبُوا إِلَيْهِ معنی یہ ہے بخشش مانگو رب اپنے سے [illegible] الخ
خاصہ یعنی طلب مغفرت سابق امور سے کرو اور رجوع میں امر ہی کی بابت کرو۔ قولہ يُمَتِّعْكُم مَّتَاعًا حَسَنًا کا معنی یہ ہے [illegible]
متاع دینا ہے کیونکہ کلام پاک کا قاعدہ ہے کہ پہلے سبب کا ذکر کیا جاتا ہے وجہ اس کے سبب کلام حصر ہوتی ہے پس الا
تعبدوا الا اللہ میں حصر ہوا تو بجائے اس کے سبب میں حصر ہوگا [illegible] ذی فضل ہے یعنی
ہے کو ہر صاحب فضل کو فضل اس کا۔ قولہ وَإِن تَوَلَّوْا فَإِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ كَبِيرٍ تولوا کے صیغہ میں اختلاف ہے
والے نے کہا ہے کہ صیغہ مضارع کا ہے اور ایک تا محذوف کی گئی ہے [illegible] حذف کرنے کی ضرورت
نہیں بلکہ صیغہ ماضی معلوم کا ہے لیکن اس وقت [illegible] ﷺ [illegible] اگر اعراض کیا انہوں
نے میں کام کرو کہ میں خوف کرتا ہوں تم پر عذاب بڑے دن کا [illegible] جیسا کہ فَإِنَّهُمْ
[illegible] أَلَا إِنَّهُمْ يَثْنُونَ صُدُورَهُمْ [illegible] قولہ لِيَسْتَخْفُوا مِنْهُ اصل میں ليستخفو
ہے یعنی استفہام کا [illegible] ان کی غرض پوشیدہ ہونا: تھا لیکن
مقصود ان کا باتیں پوشیدہ کرنی نہیں [illegible] استفہام [illegible] واسطے تعجب کے کیا گیا
ہے۔ أَلَا حِينَ يَسْتَغْشُونَ ثِيَابَهُمْ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّونَ [illegible] کے ساتھ یعنی اس خاص وقت میں
تمہارا [illegible] اور [illegible] طلب مغفرت کرو
اور رجوع [illegible] کی طرف [illegible] یعنی نہیں کہ اس پر واجب ہے کیونکہ
اس پر کوئی شے واجب نہیں ہے [illegible] کے ساتھ متعلق نہیں کر
لازم آنے کہ [illegible] باتیں اور کتاب میں لکھی ہوئی ہیں [illegible] اس کا معنی یہ ہے کہ تمہارے تمام
اعمال لکھے ہوئے ہیں فرشتے [illegible] مقام کا یہ ہے [illegible] لکھا جاتا ہے اور اس کے مطابق
دنیا میں امور ہوتے ہیں۔ [illegible] عذاب [illegible]
کیا ہوا گناہوں سے اور [illegible] معلوم ہوتا کہ کیا ہے اسی واسطے
مساہمہ والے اس کا جواب [illegible] کے واسطے بہت پہلے
سے ہیں لیکن کوئی [illegible] واجب [illegible] اس تقدیر پر [illegible] کیونکہ اس تقدیر
پھر یہ ہے کا معنی کیا ہے۔ بلکہ لازم آتا ہے [illegible] ہیں کہ پہلے [illegible] لکھا جاتا ہے
سبب [illegible] اس کا ہی لازم ہے اور [illegible] اور ابھی نہیں
کیا اس کا لازم نہیں ہے کیونکہ اصل میں دونوں ہی نہیں ہے [illegible] اچھے کام کریں یا نہ کریں۔ اور اسد کو

پہلے اس سے کوئی علم بھی نہیں [illegible] کرنے کے بعد معلوم ہوگا اور آیات قرآنیہ جیسا کہ ولیعلم اللہ الذین وغیرہ کا
بھی اور احادیث کے الفاظ بھی اس مذہب پر [illegible] مطابق نہیں ہیں ان کا معنی صحیح کرتے ہیں اور
اہل سنت جماعت [illegible] اور معنی کان کا ماضی والا نہیں
تاکہ یہ معنی ہو جائے کہ تھا عرش اس کا پانی پر [illegible] پہلے تو پانی پر تھا۔ بلکہ معنی یہ ہے کہ عرش [illegible] بھی
پانی پر ہے [illegible] حدیث البخاری [illegible] عدم احتیاج اثر
تعالیٰ کا یعنی اللہ تعالیٰ کسی طرف محتاج نہیں ہے [illegible]
ہوتا نہیں [illegible] عدم احتیاج سے قول [illegible] دیکھو کفار [illegible] جواب میں [illegible]
[illegible] معنی [illegible] کذب [illegible]
[illegible] تفسیر ابن عباس [illegible] اس جگہ معنی [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

[illegible]

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

مکیۃ

سُوْرَةُ النَّبَاِ

[illegible]

فَاسْئَلُوْا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ

فتاویٰ رشیدیہ کامل

مبوّب بطرزِ جدید

از افاضات مبارک

حضرت مولانا الحاج الحافظ رشید احمد صاحب گنگوہیؒ

❋ ❋ ❋

ناشران

ایچ ایم سعید کمپنی ادب منزل پاکستان چوک کراچی

اس پر پڑتی ہے ورنہ لعنت کرنے والے پر رجوع کرتی ہے پس جب تک کسی کا کفر پر مرنا محقق نہ ہو جاوے اس پر لعنت نہیں کرنا چاہیئے کہ اپنے اوپر عود لعنت کا اندیشہ ہے لہذا یزید کے وہ افعال ناشائستہ جو موجب لعن کے ہیں بعض جس کو تحقیق اخبار سے اور قرائن سے معلوم ہو گیا کہ وہ ان مفاسد سے راضی خوش تھا اور ان کو مستحسن شمار جانتا تھا اور بدون توبہ کے مر گیا تو وہ لعن کے جواز کے قائل ہیں اس مسئلہ یوں ہی ہے اور جو علماء اس میں تردد رکھتے ہیں کہ اول میں وہ مومن تھا اس کے بعد اُن افعال کا وہ مستحل تھا یا نہ تھا اور ثابت ہوا یا نہ ہوا تحقیق نہیں ہوا پس بدون تحقیق اس امر کے لعن جائز نہیں لہذا وہ فریق علماء کا بوجہ حدیث منع لعن مسلم کے لعن سے منع کرتے ہیں اور یہ مسئلہ حق ہے پس جواز لعن وعدم جواز کا مدار تاریخ پر ہے اور ہم مقلدین کو احتیاط سکوت میں ہے کیونکہ اگر لعن جائز ہے تو لعن نہ کرنے میں کوئی حرج نہیں۔ لعن نہ فرض ہے نہ واجب نہ سنت نہ مستحب فقط مباح ہے اور جو وہ محل نہیں تو خود مبتلا ہونا معصیت کا اچھا نہیں فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

شاہ اسمٰعیل شہید کے متعلق رائے

سوال:- جناب مولوی محمد اسمٰعیل صاحب مرحوم جو ہمراہ سید احمد صاحب علیہ الرحمۃ کے شہید ہوئے تھے۔ ان کو مردود کہنا اور بے ایمان کافر کہنا درست ہے یا نہیں۔ اور اگر نادرست ہے تو مردود اور بے ایمان کہنے والے کا کیا حکم ہے اور تقویۃ الایمان جو تصنیف مولانا مرحوم کی ہے اس کا مطالعہ کرنا اور پڑھنا اور پڑھانا اچھا ہے یا بُرا۔

جواب:- مولوی محمد اسمٰعیل صاحب رحمۃ اللہ علیہ عالم متقی اور بدعت کے اکھاڑنے والے اور سنت کے جاری کرنے والے اور قرآن وحدیث پر پورا عمل کرنے والے اور خلق اللہ کو ہدایت کرنے والے تھے اور تمام عمر اسی حالت میں رہے آخر کار فی سبیل اللہ جہاد میں کفار کے ہاتھ سے شہید ہوئے پس جس کا ظاہر حال ایسا ہو وہ ولی اللہ اور شہید ہے حق تعالیٰ فرماتا ہے ۔ ان اولیاءہ الا المتقون[1] اور کتاب تقویۃ الایمان نہایت عمدہ کتاب ہے اور رد شرک و بدعت میں لاجواب ہے استدلال اس کے بالکل کتاب اللہ اور احادیث سے ہیں اس کا رکھنا اور پڑھنا اور عمل کرنا عین اسلام ہے اور موجب اجر کا ہے اس کے رکھنے کو جو بُرا کہتا ہے وہ فاسق اور بدعتی ہے۔ اگر اپنے جاہل

[1] اللہ کے ولی متقیوں کے سوا کوئی نہیں۔

دہلوی ولی کامل محدث فقیہ بندۂ مقبولین حق تعالیٰ کے تھے تو کوئی ان دونوں کو کافر یا بدجانتا ہے وہ خود شیطان ملعون حق تعالیٰ کا ہے اور اگر کسی کا باپ یا والدہ نماز جماعت سے منع کرے یا وعظ سننے سے کسی عالم مقبول متدین کے منع کرے تو قول والدین کا ہرگز نہ مانے بلکہ ان کاموں کو کرتا رہے اور دفع وسوسہ شیطانی کے واسطے لاحول اور استغفار پڑھا کرو۔ فقط والسلام

تقویۃ الایمان کے بعض جملوں کی تشریح

سوال:۔ تقویۃ الایمان کے صفحہ ۲۰ میں ہے "یہ یقین جان لینا چاہیے کہ ہر مخلوق بڑا ہو یا چھوٹا وہ خدا کی شان کے آگے چمار سے بھی زیادہ ذلیل ہے" اس عبارت کے مضمون کا کیا مطلب ہے مولانا علیہ الرحمۃ نے کیا مراد لیا ہے۔

جواب:۔ اس عبارت سے مراد حق تعالیٰ کی بے نہایت بڑائی ظاہر کرنا ہے کہ اس کی سب مخلوقات اس کی جیسی وجہ کی ہو اس سے کچھ مناسبت نہیں رکھتی کمہار مٹی کا برتن بناوے اگرچہ خوبصورت پسندیدہ ہو اس کو اچھا ہے مگر تو کہنے کا بھی حق نہیں ہے اور کوئی مساوات کسی وجہ سے برتن کو کمہار سے نہیں ہوتی۔ پس حق تعالیٰ کی ذات پاک جو خالق محض قدرت سے اس کے ساتھ کیا نسبت و درجہ کسی خلق کا ہو سکتا ہے چمار کو شہنشاہ دنیا سے ولد آدم ہونے میں مناسبت و مساوات ہے اور شہنشاہ نہ خالق و رازق چمار کا ہے تو چمار کو تو شہنشاہ سے مساوات بعض وجوہ سے ہے بھی مگر حق تعالیٰ کے ساتھ اس قدر بھی مناسبت کسی کو نہیں نہ کوئی عزت برابری کی نہیں ہو سکتی۔ فخر عالم علیہ السلام باوجودیکہ تمام مخلوق سے برتر و معزز و بے نہایت عزیز ہیں۔ کہ کوئی مثل ان کے نہ ہوا نہ ہوگا مگر حق تعالیٰ کی ذات پاک کے مقابل میں وہ بھی بندہ مخلوق ہیں تو یہ سب حق ہے مگر کم فہم اپنی کج فہمی سے اعتراض بیہودہ کر کے شان حق تعالیٰ کو گھٹاتے ہیں اور سکانام محبت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رکھتے ہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

تقویۃ الایمان کے مسائل

سوال:۔ تقویۃ الایمان میں کوئی مسئلہ ایسا بھی ہے۔ جو قابل عمل نہیں یا کل اس کے مسائل صحیح اور علماء دین کو مقبول ہیں اور یہ بات مشہور ہے کہ مولوی اسمٰعیل صاحب شہید نے اپنے انتقال کے وقت بہت سے آدمیوں کے روبرو بعض مسائل تقویۃ الایمان سے توبہ کی ہے آپ نے بھی کہیں یہ بات سنی ہے یا محض افتراء ہے اور جو مولانا مرحوم کا معتقد نہ ہو اور ان کو خوش عقیدہ اور بزرگ نہ

جانے وہ بدعتی اور فاسق ہے یا نہیں اور مولوی صاحب شہید مقلد تھے یا عامل بالحدیث اور اگر مقلد تھے تو کون سے امام کے حنفی تو شاید نہ ہوں چونکہ سنا ہے کہ رفع یدین اور آمین بالجہر کرتے تھے اور اکثر غیر مقلد مولانا موصوف کو عامل بالحدیث جانتے ہیں اور اسی وجہ سے ان کو زیادہ مانتے ہیں اور انہیں کے قول کو زیادہ سند میں لاتے ہیں بہ نسبت اور علماء کے اور انہیں کو اپنے زمانے کا مجتہد بتاتے ہیں حالانکہ اس زمانہ میں اور بہت سے علماء عظام موجود تھے اور انہیں کو اکثر موقع پر حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب رحمۃ اللہ علیہ پر ترجیح دیتے ہیں اور اکثر مسائل حضرت شاہ صاحبؒ کے نہیں مانتے اور ان کے کل مسائل مقبول جانتے ہیں۔ ان باتوں سے تو معلوم ہوتا ہے کہ مولوی اسمٰعیل صاحب مقلد نہیں تھے۔ عامل بالحدیث تھے۔ اور بعض علماء یہ فرماتے ہیں کہ نہیں مقلد تھے غیر مقلد ہرگز نہیں تھے بعض یہ کہتے ہیں کہ ان کو مرتبہ اجتہاد کا تھا اسی وجہ سے انہوں نے تقلید نہیں کی اس کا خلاصہ حال جو ہو تحریر فرما دیجئے اور مولوی صاحب کے عقیدے میں اور محمد بن عبدالوہاب کے عقیدہ میں کچھ فرق تھا یا یہ دونوں صاحب ایک ہی مسلک کے ہیں اور حضرت سید صاحب شہید رحمۃ اللہ علیہ کہ جو ان کے مرشد ہیں یہ بھی عالم اور مقلد تھے یا نہیں اور حضرت سید صاحب کے خلفاء میں اور بھی کوئی ان سے زیادہ لائق خلیفہ ہوا یا سب سے زیادہ سر آوردہ یہی حضرت تھے اور جو مسائل تقویۃ الایمان میں مختلف ہیں ان پر عمل کرے یا نہ کرے اور مولوی صاحب موصوف سے سلسلہ صوفیت کے نہ چلنے کی کیا وجہ ہے حالانکہ مولوی صاحب خود سید صاحب کے بیعت ہوئے ہیں اور ان سے بھی آدمی غالباً مرید ہوئے ہوں گے اور مولوی صاحب ممدوح علماء میں شمار کئے گئے ہیں یا صوفیہ میں۔

جواب:۔ بندہ کے نزدیک سب مسائل اس کے صحیح ہیں اگرچہ بعض مسائل میں بظاہر تشدد ہے اور تو بہ کرنا ان کا بعض مسائل سے محض افتراء اہل بدعت کا ہے اور اگر ان کو بزرگ جانے بوجہ حالات ان کے حسن کے تو معذور ہے اور اگر کتاب کے خلاف عقیدہ رکھتا ہے تو وہ مبتدع فاسق ہے۔ اور وہ یہ فرماتے تھے کہ جب تک حدیث صحیح غیر منسوخ ملے اس پر عامل ہوں ورنہ ابوحنیفہ کی رائے کا مقلد ہوں اور سید صاحب کا بھی یہی مشرب تھا اور محمد بن عبدالوہاب کے عقائد کا مجھ کو مفصل حال معلوم نہیں اور نہ خلفاء سید صاحب کا اور مولوی اسمٰعیل صاحب وعظ و رد بدعت میں مصروف رہے پھر جہاد میں جا کر شہید ہو گئے سلسلہ بیعت کا کہاں جاری کرتے اور تمام تقویۃ الایمان پر عمل کرے فقط۔

نقل خط حضرت سیدنا حاجی امداد اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ مہاجر مکہ مکرمہ زاد اللہ شرفہ
در مسئلہ امکان کذب بر دفع شبہات مولوی نذیر احمد خاں صاحب رامپوری

(شبہ) براہین قاطعہ میں یہ لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ سے کذب ممکن ہے اس مسئلہ کی وجہ سے کتب الٰہیہ میں احتمال جھوٹ کا پیدا ہو سکتا ہے یعنی مخالفین کہہ سکتے ہیں کہ شاید یہ قرآن ہی جھوٹا ہے اور اس کے احکام بے فائدہ ہیں اور براہین قاطعہ کی اس تحریر کی وجہ سے بہت لوگ گمراہ ہو گئے۔ از فقیر امداد اللہ چشتی فاروقی عفی اللہ عنہ۔ بحضرت مولوی نذیر احمد خاں صاحب بعد سلام تحیہ اسلام آنکہ آپ کا خط آیا مضمون سے مطلع ہوا ہر چند کہ بعض وجوہ سے لازم تحریر جواب نہ تھا مگر بغرض اصلاح اور توضیح مطلب براہین قاطعہ باختصار کچھ لکھا جاتا ہے شاید اللہ تعالیٰ نفع پہنچاوے اِنْ اُرِیْدُ اِلَّا الْاِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہِ ۔

جواب:۔ واضح ہو کہ امکان کذب کے جو معنی آپ نے سمجھے ہیں وہ تو بالاتفاق مردود ہیں یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف وقوع کذب کا قائل ہونا باطل ہے اور خلاف ہے نص صریح وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰہِ حَدِیْثًا وَاِنَّ اللّٰہَ لَا یُخْلِفُ الْمِیْعَادَ وغیرہا آیات کے وہ ذات پاک مقدس ہے شائبہ نقص کذب وغیرہ سے۔ رہا اختلاف علماء کا جو دربارہ وقوع و عدم وقوع خلاف وعید ہے جس کو صاحب براہین قاطعہ نے تحریر کیا ہے۔ وہ دراصل کذب نہیں صورت کذب ہے اس کی تحقیق میں طول ہے الحاصل امکان کذب سے مراد دخول کذب تحت قدرت باری تعالیٰ ہے یعنی اللہ تعالیٰ نے جو وعدہ وعید فرمایا ہے اس کے خلاف پر قادر ہے اگرچہ وقوع اس کا نہ ہو امکان کو وقوع لازم نہیں بلکہ ہو سکتا ہے کہ کوئی شے ممکن بالذات ہو اور کسی وجہ خارجی سے اس کو استحالہ لاحق ہوا ہو۔ چنانچہ اہل عقل پر مخفی نہیں پس مذہب جمیع محققین اہل اسلام و صوفیائے کرام و علماء عظام کا اس مسئلہ میں یہ ہے کہ کذب داخل تحت قدرت باری تعالیٰ ہے پس جو شبہات آپ نے وقوع کذب پر متفرع کئے تھے وہ مندفع ہو گئے کیونکہ وقوع کا کوئی قائل نہیں یہ مسئلہ دقیق ہے عوام کے سامنے بیان کرنے کا نہیں اس کی حقیقت کے ادراک سے اکثر افہام نارسا قاصر ہیں۔ آیات و احادیث کثیرہ سے یہ مسئلہ ثابت ہے ایک ایک مثال قرآن و حدیث کی لکھی جاتی ہے ایک جگہ ارشاد جناب باری ہے قُلْ ھُوَ الْقَادِرُ عَلٰی اَنْ یَّبْعَثَ عَلَیْکُمْ عَذَابًا الآیۃ دوسری جگہ ارشاد فرمایا وَمَا کَانَ اللّٰہُ

لہ اور اللہ تعالیٰ سے بڑھ کر [illegible]

نہیں کہ مقصود حکایت ہے دیکھو کہ حیات فخر عالم علیہ السلام میں بھی لوگ دور دور اپنے بیوت میں اور مکہ اور بلاد بعیدہ میں خطاب کے لفظ سے پڑھتے تھے جیسا وہاں خطاب درست تھا اب کیا وجہ ہے جو حرام ہو علم غیب نہ وہاں تھا نہ یہاں بلکہ آپ کو جب بھی ملائکہ پہنچاتے تھے اور اب بھی لہٰذا صیغہ کو خطاب سے بدلنا کوئی ضرور نہیں اور اس میں تقلید بعض صحابہؓ کی ضرور نہیں ورنہ خود آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام ارشاد فرماتے ہیں کہ بعد میرے انتقال کے خطاب مت کرنا بہرحال صیغہ خطاب رکھنا اولیٰ ہے کہ اصل تعلیم اس طرح ہے اور مراد بعض صحابہ کی کس مصلحت کی وجہ سے تھی یا اجتہاد تھا یا استحساناً تھا نہ وجوباً اسی واسطے جملہ فقہاء ائمہ اربعہ کے مذہب اس صیغہ کو نقل فرماتے ہیں اور تبدیل صیغہ کی ضرورت نہیں لکھتے فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

بلا عقیدہ غیب نبی کو پکارنا

سوال: اشعار اس مضمون کے پڑھنے یا رسول کبریا فریاد ہے ؏ یا محمد مصطفےٰ فریاد ہے۔ مدد کر بہر خدا حضرت محمد مصطفےٰ میری تم سے ہر گھڑی فریاد ہے۔ کیسے ہیں۔

جواب: ایسے الفاظ پڑھنے محبت میں اور خلوت میں بایں خیال کہ حق تعالیٰ آپ کی ذات کو مطلع فرما دیوے یا محض محبت سے بلا کسی خیال کے جائز ہیں۔ اور بعقیدہ عالم الغیب اور فریادرس ہونیکے شرک ہیں اور مجامع میں منع ہیں کہ عوام کے عقیدہ کو فاسد کرتے ہیں لہٰذا مکروہ ہونگے فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا علم غیب

سوال: قصبہ ہذا میں ایک میاں صاحب وارد ہوئے ہیں۔ پیری مریدی کرتے ہیں مولانا فضل الرحمن صاحب گنج مرادآبادی قدس سرہ کے مرید خلیفہ حاجی عالم صوفی حافظ اپنے کو بتلاتے ہیں رفتہ رفتہ ان کی بزرگی کا شہرہ ہوا عوام کے سامنے وعظ و نصیحت فرماتے ہیں رسول مقبول احمد مجتبےٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو عالم الغیب بتلاتے ہیں کہ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو علم غیب تھا۔

جواب: حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو علم غیب نہ تھا نہ کبھی اس کا دعویٰ کیا اور کلام اللہ شریف اور بہت سی احادیث میں موجود ہے کہ آپ عالم الغیب نہ تھے اور یہ عقیدہ رکھنا کہ آپ کو علم غیب تھا صریح شرک ہے فقط والسلام۔

رحمۃ للعالمین

سوال:۔ لفظ رحمۃ للعالمین مخصوص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے یا ہر شخص کو کہہ سکتے ہیں۔

جواب:۔ لفظ رحمۃ للعالمین صفت خاصہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نہیں ہے بلکہ دیگر اولیاء وانبیاء اور علماء ربانیین بھی موجب رحمت عالم ہوتے ہیں اگرچہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سب میں اعلیٰ ہیں لہٰذا اگر دوسرے پر اس لفظ کو بتاویل بول دیوے تو جائز ہے فقط۔

شفاعت کبریٰ

سوال:۔ شفاعت کبریٰ کا وعدہ آپ سے اللہ تعالیٰ نے کیا، لیکن باقی اذن من جانب اللہ ہوتا ہے یا نہیں یا بدون اجازت و حکم خداوند ذوالجلال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم شفاعت کریں گے۔

جواب:۔ کوئی شفاعت بغیر اذن کے نہیں ہو سکتی من ذا الذی یشفع عندہ الا باذنہ ترجمہ کون ہے ایسا جو شفاعت کرسکے اس کے پاس بدون اذن کے پس اس ذات ذوالمجد والکبریاء کی بارگاہ میں کسی کو جرأت زبان ہلانے کی بدون اجازت کے نہیں ہوسکے گی فقط۔

حضور کے والدین کا اسلام

سوال:۔ ہمارے حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے والدین مسلمان تھے یا نہیں۔

جواب:۔ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے والدین کے ایمان میں اختلاف ہے حضرت امام صاحب کا مذہب یہ ہے کہ ان کا انتقال حالت کفر میں ہوا ہے فقط۔

مزارات اولیاء سے فیض

سوال:۔ مزارات اولیاء رحمہم اللہ سے فیض حاصل ہوتا ہے یا نہیں اگر ہوتا ہے تو کس صورت سے

جواب:۔ مزارات اولیاء سے کاملین کو فیض ہوتا ہے مگر عوام کو اس کی اجازت دینی ہرگز جائز نہیں ہے اور تحصیل فیض کا طریقہ کوئی خاص نہیں ہے جب جانے والا اہل ہوتا ہے تو اس طرف سے حسب استعداد فیضان ہوتا ہے مگر عوام میں ان امور کا بیان کرنا خود شرک کا دروازہ کھولنا ہے فقط۔

اولیاء کی کرامات

سوال:۔ مولانا روم فرماتے ہیں ؎

ہست قدرت اولیاء را از الٰہ — تیر جستہ باز گرداند ز راہ[1]

---

[1] اولیاء کو خدا تعالیٰ کی طرف سے قدرت حاصل ہے کہ چھوٹے ہوئے تیر کو راستہ سے پھیر دیتے ہیں۔

وہابیوں کے عقائد

سوال:۔ وہابی مذہب یہ کون فرقہ ہے مردود ہے یا مقبول اور عقائد ان کے مذہب والوں کے مطابق اہل سنت والجماعت ہیں یا مخالف کسی امام کی تقلید کرتے ہیں یا نہیں۔

جواب:۔ اس وقت اور ان اطراف میں وہابی متبع سنت اور دیندار کو کہتے ہیں باقی بندہ آپ کو دعاگو ہے سب امور کے نے دست بردار ہے فقط والسلام۔

فرعون کا جھوٹ

سوال:۔ بعض شخص کہتے ہیں کہ فرعون جھوٹ نہ بولتا تھا۔ اس کی کیا اصل ہے۔

جواب:۔ مذکورہ سب مذہب جھوٹا اور باطل انا ربکم الاعلیٰ خود کذب صریح ہے یہ عوام کی بفوات ہے کہ جھوٹ نہیں بولتا تھا شرک اور دعویٰ ربوبیت سے زیادہ کونسا جھوٹ ہوتا ہے فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

خلوص دل سے توبہ کرنا

سوال:۔ ہزار بار گناہ صغیرہ و کبیرہ کئے اور ہزاروں بار توبہ کی ہے اور پھر قصد تھا کہ اب گناہ نہ کروں گا مگر پھر شیطان نے گرا دیا اب پھر دل سے توبہ کرتا ہے تو قبول ہوگی یا نہیں۔

جواب:۔ توبہ جب خالص دل سے کرے گا قبول ہوگی خواہ کتنی ہی بار ٹوٹی ہو۔

بیوہ عورت کا نکاح نہ کرکے عبادت کرنا

سوال:۔ مسئلہ عورت جو بیوہ ہو دوسرا نکاح نہ کرے اور عبادت اور پرہیزگاری میں رہے عنداللہ اس کو اجر ہے یا نہیں۔

جواب:۔ عورت بیوہ اگر نکاح نہ کرے اور عبادت میں مصروف رہے تو عبادت کا ثواب اس کو ملے گا فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

اہل قبور سے دعا کرنا

سوال:۔ دعا کرنا اہل قبور سے ممنوع ہے جیسا کہ ایضاح الحق میں مولانا شہید مرحوم شاہ عبدالعزیز صاحب علیہ الرحمۃ سے نقل فرماتے ہیں و نیز بحکم رئیس العلماء حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب قدس سرہ کہ استمداد و استعانت طلب نماز از اموات از جنس بدعات شمردہ باوجود آنچہ صاحب استیعاب

قول صحیح من غیر شک و شبہۃ ومن شک فیہ فقد کفر محمد عبد الجبار عفی عنہ محمد یٰسین بن ابی محمد عبد الرحیم الرحمٰن شیرکوٹی

الجواب صحیح والمجیب نجیح مدرس مدرسہ رنگی [محمد یٰسین عفی عنہ]

الجواب صحیح کتبہ عبد الواحد بن عبد اللہ غزنوی الحق لا یتجاوز عما قال ہذا الجواب

وانا ابو عبید احمد اللہ عفی عنہ محدث امرتسری کتبہ عبد الجبار بن عبد اللہ الغزنوی

ہذا الجواب صحیح عبد الرحمٰن ابن مولوی غلام العلی المرحوم اشاعۃ القرآن

الجواب صحیح ابو الحق محمد الدین عفی عنہ [احمد بن عبد اللہ الغزنوی]

وکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنۃ جواب صحیح اور بالکل صحیح ہے [محمد عبد الرحمٰن البہاری] [ابو الحق محمد ایوب]

الجواب الوفا ثناء اللہ کفاہ اللہ خادم مدرسہ تائید الاسلام امرتسر [ثناء اللہ محمود ہے]

مولود خوانی مطلقاً وغیرہ رسوم وعادات جہلا صوت فوت میں جو اوپر مذکور ہوئے سب بدعت وضلالت اور صریح گمراہی ہیں کل بدعۃ ضلالۃ وکل ضلالۃ فی النار وماذا بعد الحق الا الضلال ومن لم یقبل علیہ الخ

اللہم ارنا الحق حقا وارنا الباطل باطلا[1] [عبد الحق الغزنوی مباہل اہل باطل]

الجواب حق وماذا بعد الحق الا الضلال ابو یعلی عبد الاعلیٰ غزنوی۔

لقد من اجاب فقد الجواب بندہ عبد الغفور۔ [عبد الغفور سفیدبازی] الجواب صحیح [محمد عبد العزیز]

ذکر ولادت اور ایصال ثواب میت کو جائز اور مستحب ہے لیکن جس طرح جہلا زمانہ نے قیام وغیرہ متفرق قیدیں نکالی ہیں یہ بدعت سیئہ ہیں اور اصرار کرنا بدعت کیا ہے اور بعض وقت نوبت کفر تک پہنچتی ہے۔

حکیم محمد ضیاء الدین عفی عنہ بقلم بندہ احمد [حکیم محمد ضیاء الدین خلیفہ حضرت حافظ ضامن صاحب شہید]

بدون قیام کے مجلس میلاد کا انعقاد

سوال: انعقاد مجلس میلاد بدون قیام بروایت صحیح درست ہے یا نہیں۔

جواب: انعقاد مجلس مولود ہر حال ناجائز ہے تداعی امر مندوب کے واسطے منع ہے فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

---

[1] ہر بدعت گمراہی ہے اور ہر گمراہی آگ میں ہے حق کے بعد بجز گمراہی کے اور کیا ہے اور جو قبول نہ کرے وہ مجھ سے مباہلہ کرے اے اللہ ہم کو حق دکھا حق کے طور پر اور باطل دکھا باطل کے طور پر۔

مجالس میلاد وعرس وسوم وچہلم

سوال:۔ سوئم چہلم وغیرہ کی مجلس بتخصیص دن کے منع ہے یا بالکل ہی ترک کرنا چاہیے اور اس مجلس میں جانا چاہیے یا نہیں۔

جواب:۔ مجالس مروجہ زمانہ ہذا میلاد وعرس وسوم چہلم بالکل ہی ترک کرنا چاہیے کہ اکثر معاصی اور بدعات سے خالی نہیں ہوتی فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

مجلس میلاد کا نہ کرنا

سوال:۔ زید نے بکر سے دریافت کیا کہ مجلس میلاد مروجہ حال جائز ہے یا نہیں اور اس میں شریک ہونا کیسا ہے بکر خود بھی مجلس میلاد کرتا تھا اور آئندہ سال کو ارادہ بکر کا بھی ترک مجلس کا تھا۔ بخیال اس کے کہ خرچ زائد ہوتا تھا اور اپنے اعتقاد میں ناجائز جانتا تھا مگر منع نہ مجلس کا بوجہ اس کے تھا کہ اس وجہ سے کوئی مجھ کو طعنہ نہ دیوے گا جبکہ میں اس مجلس کو نہ کروں گا بہانہ شرع کا ہو جاوے گا اور خود نہ شریک ہونا مجلس کا اس وجہ سے ترک کیا کہ لوگ معترض ہوں گے اول تو ان خیالات سے مانع ہوا بعدہ بہ نیت خالصاً للہ مانع ہوا لہٰذا اس سبب بکر کو ترک بدعت سابق وحال وانکار بدعت سے ثواب ہوگا یا نہیں اور باعث ریا تو نہیں ہے۔

جواب:۔ بہرحال گناہ سے محفوظ رہا جب سے قصد ترک کیا بہتر ہوا گر بعزم ترک گناہ کا ہوا فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

محفل میلاد جس میں صحیح روایات پڑھی جائیں

سوال:۔ محفل میلاد جس میں روایات صحیحہ پڑھی جاویں اور لاف وگزاف اور روایات موضوعہ اور کاذبہ نہ ہوں شریک ہونا کیسا ہے۔

جواب:۔ ناجائز ہے بسبب اور وجوہ کے۔

فتویٰ مولوی احمد رضا خاں صاحب در باب میلاد شریف

فتویٰ ملی در باب عدم جواز مجلس مولود مروجہ جواز مجموعہ فتاویٰ قلمی مولوی احمد رضا خاں صاحب منقول از باب النظر صفحہ ۹۱، ۹۲، ۹۳، ۹۴۔ موصولہ از مولوی عبدالصمد صاحب رامپوری۔

استفتاء:۔ اس مسئلہ میں کہ مجلس میلاد حضور خیر العباد علیہ الوف تحیۃ الی یوم التناد میں جو شخص کہ

محمدی سنی ۱۳۰۰ حنفی
عبد المصطفیٰ احمد رضا خان

کتبہ عبدہ المذنب احمد رضا البریلوی عفی عنہ بمحمد المصطفیٰ النبی الامی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

عرس میں شرکت

سوال: جس عرس میں صرف قرآن شریف پڑھا جاوے اور تقسیم شیرینی ہو شریک ہونا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: کسی عرس اور مولود میں شریک ہونا درست نہیں اور کوئی سا عرس و مولود درست نہیں۔ فقط

ہر سال عرس کرنا

سوال: جناب مولانا فضل الرحمن صاحبؒ کا عرس گنج مراد آباد میں ہر سال تاریخ معینہ پر ہوتا ہے بذریعہ اشتہار تاریخ عرس تشہیر بھی کی جاتی ہے خاص مریدان سلسلہ کو بذریعہ خطوط اطلاع بھی دی جاتی ہے تاریخ معینہ پر لوگوں کا اجتماع ہو کر قرآن خوانی ہوتی ہے اور ایصال ثواب کیا جاتا ہے قوالی راگ سماع مزامیر و دیگر خرافات وغیرہ روشنی بھی نہیں ہوتی ہے لہذا بیان کر کے ثواب با صواب مرحمت فرماویں کہ میاں صاحب موصوف کے یہاں کا عرس بموجب شرع شریف جائز و درست ہیں یا باطل لغویات سے ہیں اگر ناجائز و نادرست نزد شارع علیہ السلام ہیں تو ایسے شخص اور ایسے عقیدہ رکھنے والے کی امامت درست ہے یا نہیں اور صحابہ پر طعن و مردود و ملعون کہنے والا اور رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کو علم الغیب جاننے والے باوجود دیکھے قرآن و حدیث کثیرہ سے ثابت ہے کہ آنحضرت کو علم غیب نہ تھا اور پھر واقف کار لوگوں کا سمجھانا اور میاں صاحب کا اصرار اپنے عقائد پر ان کو کس درجہ کا گنہگار بناتا ہے اور وہ اپنے اس کبیرہ کے سبب سنت جماعت کے خارج ہووے گا یا نہیں ایسا عرس جس میں سب التزام ہو تاریخ تعین بھی ہو اجتماع بھی ہو پر قوالی راگ مزامیر سماع و ناجائز مجمع عورتوں کا نہ ہو جائز و درست ہے یا نہیں۔

جواب: عرس کا التزام کرے یا نہ کرے بدعت و نادرست ہے تعین تاریخ سے قبروں پر اجتماع کرنا گناہ ہے خواہ اور لغویات ہوں یا نہ ہوں اور جو شخص صحابہ کرام میں سے کسی کی تکفیر کرے وہ ملعون ہے ایسے شخص کو امام مسجد بنانا حرام ہے اور وہ اپنے اس گناہ کبیرہ کے سبب سنت جماعت سے خارج نہ ہوگا۔ از بندہ محمد یحییٰ السلام علیکم علم غیب کے متعلق دو تین رسالے میرے پاس موجود ہیں اور حضرت کی کتاب براہین قاطعہ میں یہ بحث اور بحث عرس وغیرہ خوب مدلل مذکور ہے والسلام۔

ایصال ثواب و صدقات کرنا اور تعین آب و طعام بھی خلل شریعت ہے یا کچھ روا ہے اور ہر غنی اور فقیر کو اس کا کھانا اور تبرک جاننا اور جو غنی یا سید اس کو نہ لیوے تو مطعون کریں اور برا جانیں اور فی الجملہ ریا کو اس میں بہت دخل ہوتا ہے تو ایسی صورت میں امید ثواب کی ہو سکتی ہے یا نہیں اور یہ کل امور بدعات و معصیت میں یا نہیں۔

جواب: ذکر شہادت کا ایام عشرہ محرم میں کرنا بمشابہت روافض کے منع ہے اور ماتم و نوحہ کرنا حرام ہے۔ فی الحدیث نہی عن المراثی الحدیث[1] اور خلاف روایات بیان کرنا سب ابواب میں حرام ہیں۔ تقسیم صدقات تخصیص ان ایام کرنا اگر یہ جانتا ہے کہ آج ہی زیادہ ثواب ہے تو بدعت ضلالہ ہے علیٰ ہذا تخصیص کسی طعام کی کسی یوم کے ساتھ کرنا لغو ہے اور صدقہ کا طعام غنی کو مکروہ اور سید کو حرام ہے اس پر طعن کرنا فسق ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

پیران پیر کی گیارہویں

سوال: تبارک اور حبیبی اور گیارہویں پیران پیر کی کرنا درست ہے یا نہیں۔

جواب: تبارک و حبیبی بدعت ہیں ان کی کوئی اصل شرع میں نہیں اور ایصال ثواب بروح حضرت قدس سرہ درست ہے اور تعیین تاریخ کر کے پس و پیش نہ کرے بدعت ہے فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

ایام محرم میں کتب شہادت کا پڑھنا

سوال: کتاب ترجمہ سر الشہادتین یا دیگر کتب شہادت خاص شہادت کی رات کو پڑھنا کیسا ہے حسب خواہش نمازیان مسجد یا کسی کے مکان پر۔

جواب: ایام محرم میں سر الشہادتین کا پڑھنا منع ہے حسب مشابہت مجالس روافض کے۔

محرم میں سبیل لگانا دودھ کا شربت پلانا

سوال: محرم میں عشرہ وغیرہ کے روز شہادت کو بیان کرنا مع اشعار بروایت صحیح یا بعض ضعیفہ بھی وغیرہ سبیل لگانا اور چندہ دینا اور شربت دودھ بچوں کو پلانا درست ہے یا نہیں۔

جواب: محرم میں ذکر شہادت حسین علیہ السلام کرنا اگرچہ بروایات صحیح ہو یا سبیل لگانا شربت پلانا یا چندہ سبیل اور شربت میں دینا یا دودھ پلانا سب نادرست اور تشبہ روافض کی وجہ سے حرام ہیں فقط۔

---

[1] حدیث میں ہے کہ آپ نے مرثیوں سے منع فرمایا ہے۔

تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی۔

فاتحہ کا موجودہ طریقہ

سوال:۔ سامنے کھانا یا کچھ شیرینی رکھ کر ہاتھ اٹھا کر فاتحہ اور قل ہو اللہ پڑھنا درست ہے یا نہیں کہ جس کو عرف عام میں فاتحہ کہتے ہیں۔

جواب:۔ فاتحہ مروجہ شرعاً درست نہیں ہے بلکہ بدعت سیئہ ہے کذا فی الیعین وفتاویٰ سمرقندی فقط محمد قاسم علی عفی عنہ [محمد قاسم علی] الجواب صحیح والمجیب نجیح عبداللطیف عفی عنہ محدث مراد آباد و شاگرد مولانا محمد اسحق [محمد عبداللطیف] سہنسپوری [محمد سالم علی]

کھانے یا شیرینی پر فاتحہ

سوال:۔ فاتحہ کا پڑھنا کھانے پر یا شیرینی پر بروز جمعرات کے درست ہے یا نہیں۔

جواب:۔ فاتحہ کھانے یا شیرینی پر پڑھنا بدعت ضلالت ہے ہرگز نہ کرنا چاہیئے۔

تیجہ کا حکم

سوال:۔ تیجہ، ساتواں، دسواں، چالیسواں، اقتداء مذکورہ امام ابو حنیفہؒ کے مذہب اور فقہ کی کسی معتبر کتب میں ہیں اور ان کا کرنا جائز ہے یا نہیں۔

جواب:۔ تیجہ، دسواں وغیرہ سب بدعت ضلالہ ہیں کہیں اس کی اصل نہیں نفس ایصال ثواب چاہیئے ان قیود کے ساتھ بدعت ہی ہے جیسا کہ اوپر کے جواب میں مرقوم ہو چکا ہے اور ہر بلاد میں کھانا ایام میں کھلانا یہ رسم ہے اور منع ہے فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

سوم وغیرہ کرنا

سوال:۔ فی زمانہ رواج ہے کہ جب کوئی مرجاتا ہے تو اس کے عزیز و اقارب اس کے دفن کے دوسرے روز یا تیسرے روز یا کسی اور روز جمع ہو کر مسجد میں یا کسی اور مکان میں قرآن شریف اور کلمہ طیبہ اور درود شریف وغیرہ پڑھ کر بلا تعین شمار ثواب اس پڑھے ہوئے کا متوفی کو بخشتے ہیں اور چنے وغیرہ تقسیم

(بقیہ حاشیہ):۔ عادت نہیں تھی کہ میت کے لیے وقت نماز کے علاوہ جمع ہوں اور قرآن پڑھیں اور ختم کریں نہ قبر پر اور نہ کسی جگہ اور یہ تمام بدعت ہے اور مکروہ ہے اہل میت کی تعزیت اور تسلی دینا اور صبر کے لئے کہنا سنت ہے اور مستحب لیکن یہ جو آج کل سوم یا تیسرے دن کا جمع ہونا اور دوسرے تکلفات کا کرنا اور یتامی کے حق سے بغیر وصیت کے مال صرف کرنا بدعت ہے اور

میں تو اس طرح پر جمع ہونا اور قرآن مجید وغیرہ پڑھنا اور پڑھوانا درست ہے یا نہیں۔

جواب: مجتمع ہونا عزیز و اقارب وغیرہم کا واسطے پڑھنے قرآن مجید کے یا کلمہ طیبہ کے جمع ہو کر روز وفات میت کے یا دوسرے روز یا تیسرے روز بدعت مکروہ ہے شرع شریف میں اس کی کچھ اصل نہیں ہے۔ کتاب نصاب الاحتساب میں لکھا ہے ان ختم القرآن جمعا بالجماعة ویسمی بالفارسیة سیپارہ خواندن مکروہ[1] اور فتاویٰ بزازیہ میں مرقوم ہے۔ یکرہ اتخاذ الطعام فی الیوم الاول والثالث وبعد الاسبوع ونقل الطعام الی القبر فی المواسم واتخاذ الدعوة لقراءة القرآن وجمع الصلحاء والفقراء للختم ولقراءة سورة الانعام او الاخلاص[2] اور رد المحتار میں لکھا ہے۔ ومن المنکرات الکثیرة کایقاد الشموع والقنادیل التی توجد فی الافراح وکدق الطبول والغناء بالاصوات الحسان واجتماع النساء والمردان واخذ الاجرة علی الذکر وقراءة القرآن وغیر ذلک مما هو مشاهد فی هذه الازمان وما کان کذلک فلا شک فی حرمته وبطلان الوصیة به ولا حول ولا قوة الا بالله العلی العظیم[3]

این است حکم صورت مسئولہ[4]

تحریر یافت محمد قاسم علی عفی عنہ — الجواب صحیح محمد عبد اللطیف عفی عنہ — الجواب صحیح محمد مقیم الدین عفی عنہ

الجواب صحیح محمد عبد الغنی سنسپوری

(مہر) محمد قاسم علی خلف مولانا عالم علی — (مہر) محمد عبد الغنی

فتویٰ مولانا احمد رضا خان صاحب بریلوی موصولہ از مولوی عبد الصمد صاحب رامپوری کہ مجموعہ فتاویٰ قلمی مولوی احمد رضا خان صاحب منقول از جلد رابع کتاب الحظر والاباحۃ صفحہ ۳۶

---

[1] اور قرآن کو پکار کر پڑھ کر جماعت کے ساتھ ختم کرنا جس کو فارسی میں سیپارہ پڑھنا کہتے ہیں مکروہ ہے۔ [2] اور پہلے اور تیسرے دن اور ہفتے کے بعد کھانا پکانا اور مواسم کے وقت قبر کے پاس کھانا لے جانا اور قرات قرآن کے لئے دعوت دینا اور ختم کے لئے صلحاء و فقراء کو جمع کرنا اور سورہ انعام و اخلاص کو پڑھنا مکروہ ہے۔ [3] اور بہت سی برائیاں جیسے موم بتیاں اور قندیلوں کو جلانا جیسے خوشیوں کے موقع پر ہوتا ہے اور جیسے ڈھول بجانا اور خوش آوازی سے گانا اور عورتوں اور مردوں کا جمع کرنا اور ذکر و قرات قرآن وغیرہ پر اجرت کا لینا جو آج کل اس زمانہ میں دیکھا جاتا ہے اور جو اس طرح ہو تو اس کی حرمت میں کوئی شک نہیں اور اس کی وصیت کا باطل کرنا ضروری ہے۔ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔ [4] صورت مسئولہ کا یہ حکم ہے جو لکھا گیا۔

بلا تعین یوم تصدق موتیٰ کے لئے مساکین کو کھانا کھلانا

سوال: کھانا تیار کرنا واسطے تصدق موتیٰ کے بلا تعین یوم کے فقراء و مساکین کو جمع کر کے کھلا دینا جائز ہے یا نہیں مدلل ارقام فرماویں۔

جواب: بلا تعین کھانا تقسیم کرنا یا دینا بطور صدقہ کے جائز ہے کیونکہ صدقہ کرنا طعام کا کسی کے نزدیک ناجائز نہیں ثواب اس کا میت کو پہنچتا ہے باتفاق البتہ عبادت بدنی میں خلاف امام شافعیؒ اور امام مالکؒ کا ہے مالی میں کسی کا خلاف نہیں قال فی الهداية الاصل فی هذا الباب ان الانسان[1] له ان يجعل ثواب عمله لغيره صلوٰة اوصوما اوصدقة اوغيرها الخ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

بلا تعین یوم و ذکر تیجہ

سوال: سوم یعنی تیجہ جو موتیٰ کے واسطے کیا جاتا ہے تو اس میں کیا برائی ہے اگر تعین تاریخ اور تاکد موجب فساد ہے تو اگر وہ ہو جاوے مثلاً پہلے روز ہو یا دوسرے یا جو تھے یا پانچویں یا چھٹے روز ہو شمار کے واسطے خواہ چنے ہوں خرما ہو یا املی کے بیج ہوں یا تسبیح ہو یا اور کوئی چیز ہو اور اس میں مال بھی یتیموں کا صرف نہ ہو تو بھی جائز ہے یا نہیں۔

جواب: اگر بلا تعین یوم کے جمع ہو کر ختم قرآن کریں یا کلمہ طیبہ اور ایصال ثواب اسکا کریں تو جائز ہے اکثر علماء کے نزدیک اگرچہ علامہ مجد الدین فیروز آبادی ایصال ثواب میت کے اجتماع کو بھی بدعت لکھتے ہیں سفر السعادت میں۔

جواز تیجہ کے وجوہ پر بحث

سوال: زید بدعات مثل تیجہ وغیرہ کا معتقد نہیں اکثر لوگ اس خیال سے ان بدعات کو اختیار کرتے ہیں کہ چند لوگ جمع ہو جاویں گے اور باعث اتفاق ہوگا اور کلام وغیرہ بھی زیادہ پڑھا جاوے گا اور اگر مقرر نہ کیا جاوے تو دشواری ہوتی ہے پس ان لوگوں کا عقیدہ کیسا ہے اور اگر زید شریک مجلس مذکور ہو جاوے تو کیسا ہے فقط۔

جواب: جو بدعات مثل تیجہ وغیرہ کے ہیں ان کا کرنا کسی وجہ سے درست نہیں قاعدہ شریعت

---

[1] بلاشبہ قاعدہ کلیہ اس باب میں اصل یہ ہے کہ انسان اپنے عمل کا ثواب اپنے غیر کے لئے قرار دے خواہ وہ نماز ہو کہ روزہ یا صدقہ وغیرہ

جواب:۔ اگر کھانا اہل میت نے ایسے لوگوں کے واسطے جو نوحہ گر جمع ہیں کر انکو کھلاویں تو حدیث میں آیا ہے کہ یہ نوحہ میں داخل ہیں پس یہ حرام ہے اور اگر دوسرے لوگ میت والے کو کھانا کھلاویں تاکہ کھانے کے بعد اس کا غم کم ہو تو درست ہے فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

مرنے کے بعد چالیس دن تک روٹی دینا

سوال:۔ مرنے کے بعد چالیس روز تک روٹی ملا کو دینا درست ہے یا نہیں۔

جواب:۔ چالیس روز تک روٹی کی رسم کرلینا بدعت ہے ایسے ہی گیارہویں بھی بدعت ہے بلا پابندی رسم وقیود ایصال ثواب مستحسن ہے فقط۔

بلا چندہ کے حافظ کا خود مٹھائی تقسیم کرنا

سوال:۔ اگر بلا چندہ فراہم کئے حافظ خود اپنے پاس سے شیرینی تقسیم کرے تب کیسا ہے۔

جواب:۔ اگر حافظ بلا قیود مذکورہ بالا شیرینی تقسیم کرے تو درست ہے فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

ختم قرآن کے لئے چندہ کرکے شیرینی منگوانا

سوال:۔ چندہ فراہم کرکے بروز ختم قرآن شریف جو نماز تراویح میں پڑھا جاتا ہے شیرینی لاکر تقسیم کرنا کیسا ہے۔

جواب:۔ چندہ کرکے اس طرح شیرینی تقسیم کرنا درست نہیں ہے علی الخصوص اس جگہ کہ اس شیرینی کا التزام کرلیویں اور اس کے تارک کو ملامت کریں نادرست ہے فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

رجبی کا حکم

سوال:۔ رجب کے مہینے میں تبارک الذی چالیس دفعہ پڑھ کر مردے کی روح کو ثواب پہنچانا یہ جائز ہے یا نہیں۔ سوال نمبر ۲ جو کہ مدینہ شریف میں رجبی ہوتی ہے سو وہاں کی طرح یہاں پر ہندوستان میں بھی بہت سے لوگ ۲۶ رجب ۲۷ شب کو محفل مولود شریف یا ختم قرآن شریف یا نفل وغیرہ یا کچھ کھانا پکا کر یا کچھ شیرینی تقسیم کرکے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ارواح مبارک کو ثواب پہنچانا جائز ہے یا نہیں اور ۲۷ تاریخ روزہ رکھنا کیسا ہے۔

جواب:۔ ان دونوں امر کا التزام نادرست اور بدعت ہے اور وجوہ ان کے ناجائز کے اصلاح الرسوم براہین قاطعہ اور راہ سنت میں درج ہیں فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

جواب: صلوٰۃ غوثیہ کی حقیقت ہم کو معلوم نہیں اور صلوٰۃ معکوس فی الحقیقت نماز نہیں بلکہ مجاہدہ ہے اور صلوٰۃ بول کا ثبوت صحاح حدیث سے نہیں۔

صلوٰۃ الرغائب وغیرہ کا حکم

سوال: صلوٰۃ الرغائب رجب کے اول جمعہ کی شب کو اور صلوٰۃ نصف شعبان اور صلوٰۃ الفی بہیئت مخصوصہ ثابت ہیں یا نہیں۔ در صورت عدم ثبوت ان کا فاعل کس درجہ کا گنہگار ہوگا کبیرہ کا یا صغیرہ کا فقط۔

جواب: یہ نمازیں بایں قیود جو مروج ہیں بدعت ضلالہ ہیں جس کا مآل گناہ کبیرہ کا ہے۔ اگرچہ نفس صلوٰۃ نفل مندوب ہے۔ شرح اس کی براہین قاطعہ میں دیکھو فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۱ تاریخ کو نذر اللہ کر کے غرباء و امراء کو کھانا کھلانا

سوال: ایک شخص ہر مہینے کی گیارہ تاریخ کو گیارہویں کرتا ہے نذر اللہ اور کھانا پکا کر غرباء اور امراء سب کو کھلاتا ہے اور اپنے دل میں یہ سمجھتا ہے کہ جو چیز نذر غیر اللہ ہو وہ حرام ہے اور میں جو گیارہویں کرتا ہوں یا توشہ کرتا ہوں کہ جو منسوب ہے طفیل حضرت بڑے پیر صاحبؒ اور حضرت شاہ عبدالحق صاحبؒ کے ہرگز ان حضرات کی نذر نہیں کرتا بلکہ محض نذر اللہ کرتا ہوں صرف اس غرض سے کہ یہ حضرت کیا کرتے تھے ان کے عمل کے موافق عمل کرنا موجب خیر و برکت ہے اور جو شخص ان حضرات کی یا اور کسی کی نذر کریگا سوائے اللہ جل شانہ وہ حرام ہے کبھی حلال نہیں تو اب دریافت طلب یہ امر ہے کہ ایسے عقیدے والے کو گیارہویں یا توشہ کرنا جائز ہے یا نہیں اور موجب برکت بھی ہے یا نہیں اور اس کھانے کو مسلمان دیندار تناول فرمائیں یا نہیں۔

جواب: ایصال ثواب کی نیت سے گیارہویں کو توشہ کرنا درست ہے مگر تعین یوم و تعین طعام کی بدعت اس کے ساتھ ہوتی ہے اگرچہ فاعل اس تعین کو ضروری نہیں جانتا مگر دیگر عوام کو موجب ضلالت کا ہوتا ہے لہٰذا تبدیل یوم و طعام کیا کرے تو پھر کوئی خدشہ نہیں۔

تین برس کے بچہ کی فاتحہ

سوال: تین برس کے بچے کی فاتحہ دو دن کی ہونا چاہیے یا سوم کی ہونا چاہیے بینوا توجروا۔

جواب: شریعت میں ثواب پہنچانا ہے دو دن کے روز ہو خواہ دیگر دن باقی یہ تعین عرفی ہیں جب

چاہئیں کریں انہیں دنوں کی گنتی ضروری جاننا جہالت و بدعت ہے واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

کتبہ عبدہ المذنب احمد رضا البریلوی عفی عنہ بمحمدن المصطفےٰ النبی الامی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

تیجہ کس کی رسم ہے

سوال:۔ میت کے بعد تیسرے دن قل پڑھنا چند ملایان اور اقربا و احباب کو جمع کرکے سورہ ملک اور تین قل اور آیت مغفرت یغفر اور ماکان محمد ابا احد الآیہ پڑھ کر ہاتھ اٹھا کر ارواح اموات کو ثواب پہنچانا اس سے فارغ ہو کر ملایان کو کسی قدر غلہ دینا اور چلا جانا ثابت ہے یا نہیں۔

جواب:۔ تیسرے دن کا مجمع میت کے واسطے اولاً مشابہت ہنود کی کہ ان کے یہاں تیجہ ضروری رسم جاری ہے حرام ہوگا بسبب مشابہت کے قال علیہ السلام من تشبہ بقوم فھو منھم[1] الحدیث ثانیاً تقرر کرنا تیسرے دن کا یہ خود بدعت ہے اس کی کچھ اصل شرع میں نہیں ثالثاً جو کچھ ملا اکٹھے ہو کر پڑھتے ہیں بطمع فلوس پڑھتے ہیں کہ ورثہ میت بھی مانتے ہیں کہ ملا کو اس قدر دینا ہوگا اور ضروری جانتے ہیں چنانچہ معین ہے اور ملا بھی جانتے ہیں کہ ہم کو یہ ملے گا گویا کہ معین و مقرر ہو رہا ہے اور شرع میں جو چیز کہ معروف و معین ہوتی ہے اس کو مثل زبان فرمائے گئے کے فرمایا ہے المعروف کالمشروط قاعدہ فقہ کا مسئلہ ہے پس جو کچھ ملاؤں کو دیا جاتا ہے وہ اجرت ان کے پڑھ جانے کی ہوئی اور جو پڑھا گیا کہ اجرت پر ہوتی ہے اس کا ثواب نہ پڑھنے والے کو ہوتا ہے اور نہ مردے کو لہٰذا یہ فعل ان کا باطل اور لینا دینا دونوں حرام اور موجب ثواب کا نہیں بلکہ گناہ ہے مردہ کو اس کا ثواب نہیں ہوتا ہے اور دینے والے اور لینے والے دونوں گنہگار ہوتے ہیں لہٰذا اس کام کا ترک بھی واجب ہے اور اگر ایصال ثواب پہنچانا منظور ہے تو ہر شخص اپنے مکان پر پڑھ کر پہنچا دے اور تیسرے دن کا کیوں انتظار کیا جائے نفس ایصال ثواب کو کوئی منع نہیں کرتا ہے اگر بلاتعین ہو مگر ان قیود خصوصیات کے ساتھ بدعت ہوگیا ہے اور ثواب بھی نہیں پہنچتا ہے فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

بروز ختم مسجد میں روشنی

سوال:۔ بروز ختم قرآن شریف کے ضرورت سے زیادہ روشنی کرنا کیسا ہے۔

جواب:۔ ضرورت سے زائد روشنی کرنا اور پھر اس کے ساتھ اس کو ضروری سمجھنا اسراف و

---

[1] نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کسی قوم کے ساتھ مشابہت کرے وہ انہی میں سے ہوگیا۔

محمد عبدالوہاب نجدی کا مذہب

سوال:۔ عبدالوہاب نجدی کیسے شخص تھے۔

جواب:۔ محمد بن عبدالوہاب کو لوگ وہابی کہتے ہیں وہ اچھا آدمی تھا سنا ہے کہ مذہب حنبلی رکھتا تھا اور عامل بالحدیث تھا بدعت و شرک سے روکتا تھا مگر تشدید اس کے مزاج میں تھی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

وہابی کا عقیدہ

سوال:۔ وہابی کون لوگ ہیں اور عبدالوہاب نجدی کا کیا عقیدہ تھا اور کون مذہب تھا اور وہ کیسا شخص تھا، اور اہل نجد کے عقائد میں اور سُنّی حنفیوں کے عقائد میں کیا فرق ہے۔

جواب:۔ محمد بن عبدالوہاب کے مقتدیوں کو وہابی کہتے ہیں ان کے عقائد عمدہ تھے اور مذہب ان کا حنبلی تھا۔ البتہ ان کے مزاج میں شدت تھی مگر وہ اور ان کے مقتدی اچھے ہیں مگر ہاں جو حد سے بڑھ گئے ان میں فساد آگیا ہے اور عقائد سب کے متحد ہیں۔ اعمال میں فرق حنفی، شافعی، مالکی، حنبلی کا ہے۔

حبیب حسن واعظ سہارنپوری

سوال:۔ یہاں پر ایک شخص واعظ حبیب حسن سہارنپوری آئے تھے انھوں نے اکثر مضامین و مسائل رطب و یابس فرمائے اور حضور کی نسبت جو پوچھا جاتا تھا تو سکوت کرتے تھے اگر ان کا حال معلوم ہو تو مطلع فرمایئے کہ کس عقائد کے ہیں اور کس استعداد کے ہیں یہاں تو ایک فعل کے تین چار فاعل پڑھتے تھے زیادہ حد ادب اس امر سے بالضرور اطلاع نہ فرمایا جائے فقط۔

جواب:۔ حبیب حسن کوئی واعظ سہارنپوری بندہ کو معلوم نہیں اور کوئی عالم وہاں اس نام کا ہے لوگوں نے باوجود جہل کے اردو کتب دیکھ کر وعظ کا حیلہ دنیا کی معاش کے واسطے اختیار کر لیا ہے۔ خلق کو گمراہ کرتا ہے حق تعالیٰ پناہ دیوے اگر بندہ کو معلوم ہوتا تو صاف لکھتا مگر یہاں کوئی مولوی اس نام کا نہیں وہاں کے سب علماء سے بندہ واقف ہے فقط والسلام۔

حضرت معاویہ کا یزید کو خلیفہ بنانا

سوال:۔ حضرت معاویہؓ نے اپنے روبرو یزید پلید کو ولی عہد کیا ہے یا نہیں۔

جواب:۔ کفار سے سلام نہ کرے مگر بضرورت مباح ہے۔

آریہ سماج کا لکچر سننا

سوال:۔ آریہ سماج کا لکچر سننا اور اس موقع پر کہ سڑک پر ہو رہا ہو ایک کھلے مکان میں کھڑا ہو جاوے تو گناہ تو نہیں ہے۔

جواب:۔ آریہ کے وعظ کو نہ سنے کہ احتمال فساد دین کا ہے مگر جو عالم ہے اور رد کرے تو کھڑا ہونا جائز ہے ورنہ منع ہے فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

انگریزی ادویہ

سوال:۔ اکثر ادویات انگریزی مثل عرق وغیرہ جو تیار ہو کر آتی ہے بظاہر اس میں اختلاط شراب بوجہ سرعت نفوذ تاثیر کے یا دفع قلت مقدار جو خصائص شراب سے ہے اور بعض واقف لوگوں سے بعض عرق و بسکٹ وغیرہ میں اختلاط شراب معلوم ہوا بھی ہے ایسی حالت میں استعمال اس کا منع ہے یا نہیں۔

جواب:۔ جس میں خلط شراب یا نجس شئے کا ہے اس کا استعمال باوجود علم کے حرام ہے۔ اور لاعلمی میں معذور ہے واللہ تعالیٰ اعلم۔

بسکٹ نان پاؤ کا مسئلہ

سوال:۔ جو نان پاؤ یا بسکٹ وغیرہ خمیر تاڑی ہو جو منجملہ مسکرات ہے کھانا اس کا جائز ہے یا نہیں

جواب:۔ یہ مسئلہ مختلف ہے امام محمدؒ کی روایت نجاست و حرمت کی ہے اور شیخین کی جواز کی تحقیق اور فتویٰ بھی دونوں جانب ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

ہندوؤں کا ہدیہ قبول کرنا

سوال:۔ ہنود تہوار ہولی یا دیوالی میں اپنے استاذ یا حاکم یا نوکر کو کھلیں یا پوری یا اور کچھ کھانا بطور تحفہ بھیجتے ہیں ان چیزوں کا لینا اور کھانا استاد و حاکم و نوکر مسلمان کو درست ہے یا نہیں۔

جواب:۔ درست ہے۔

ہندوؤں کی شادی میں جانا

سوال:۔ ہندوؤں کی شادی برات میں جانا جائز ہے یا نہیں ان کے مسرت رسم سے جو حالات معلوم ہوتے ہیں ان کو ٹھیک جاننا درست ہے یا نہیں۔

جواب: یہ دونوں امر نادرست اور حرام ہیں مرتکب ان کا فاسق ہے واللہ تعالیٰ اعلم۔

ولایتی قند اور تر و خشک مٹھائی کا حکم

سوال: ولایتی قند اور مٹھائی تر یا خشک کھانی درست ہے یا نہیں۔

جواب: جس کی نجاست یا حرمت تحقیق ہو یا غالب گمان ہو وہ نہ کھاوے اور جس کا حال معلوم نہ ہو اُس کا کھانا پینا درست ہے فقط۔

ہندوؤں کے پیاؤ کا پانی پینا

سوال: ہندو جو پیاؤ پانی کی لگاتے ہیں سود کا روپیہ صرف کر کے مسلمانوں کو اس کا پانی پینا درست ہے یا نہیں

جواب: اس پیاؤ سے پانی پینا مضائقہ نہیں۔

حضرت حسینؓ کی مجلس غم منانا

سوال: مجلس غم مقرر کرنا جیسے شہادت حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ یا وفات نامہ وغیرہ خصوصاً روز عاشورہ میں یا بوجہ غم کے مجلس مقرر کرنا جائز ہے یا نہیں بینوا توجروا۔

جواب: غم کی مجلس کرنی کسی واسطے درست نہیں کہ غم صبر کرنا ہے اور غم کے رفع کرنے کیواسطے تعزیت و تسلیہ اسی واسطے کیا جاتا ہے تو اسکے خلاف غم پیدا کرنا خود معصیت ہوگا اور شہادت حسین کا ذکر مجمع کر کے سوا اسکے مشابہت روافض کی بھی ہے اور تشبّہ ان کا حرام ہے لہذا عقد مجلس غم کسی کا درست نہیں فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

رافضیوں سے مراسم رکھنا

سوال: رافضی سے انس رکھنا اور اتحاد رکھنا اور رسم دوستی اور کھانا اور اُس کی تعظیم کرنا اور اس کے یہاں موت کھانا باوجودیکہ اُس سے دین و دنیا کا کوئی مطلب ہو جائز ہے یا نہیں اور جو شخص بلا ضرورت رافضی سے اتحاد رکھے وہ کیسا ہے اور ثقات کو اُس کی میت میں اکل و شرب بلا کراہت جائز ہے یا نہیں۔

جواب: روافض خوارج اور سب فساق سے بلا ضبط مودت کا حرام ہے مگر بسبب معاملہ ناچاری کے معذور ہے اور ان کے مودت کرنے والا مداہن فی الدین عاصی ہے۔

حسینؓ کی تصویر گھر میں رکھنا

سوال: مورتیوں امام حسین علیہ السلام کا گھر میں رکھنا کیسا ہے اور اُن کا فروخت کرنا اچھا ہے یا نہیں اور آگ میں جلا دینا مناسب ہے یا نہیں۔

گھوڑوں کو خصی کرانا

سوال: گھوڑوں کا خصی کرنا یعنی بدھیا کرنا بباعث زینت کے شرعاً جائز ہے یا نہیں۔

جواب: گھوڑے اور بکرے وغیرہ کو خصی کرنا درست ہے۔

جوں کو گرم پانی یا دھوپ میں مارنا

سوال: جوں کا مارنا گرم پانی میں یا دھوپ میں جائز ہے یا نہیں۔

جواب: جوں کا مارنا گرم پانی میں یا دھوپ میں جائز ہے کچھ حرج نہیں فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حلال کوا کھانا

سوال: جس جگہ زاغ معروفہ کو اکثر حرام جانتے ہوں اور کھانے والے کو برا کہتے ہوں تو ایسی جگہ
اس کوا کھانے والے کو کچھ ثواب ہوگا یا نہ ثواب ہوگا نہ عذاب۔

جواب: ثواب ہوگا۔

بھڑوں کا جلانا

سوال: بھڑوں کا جلانا منع ہے مگر بعض جگہ کہ جہاں بھڑیں آدمی کو ستاتے ہیں اور کاٹتے ہیں اور
بغیر جلانے کسی تدبیر سے دور نہ ہوں تو ایسے موقع پر جلانا جائز ہے یا نہیں۔

جواب: اگر دوسری تدبیر نہ ہو تو جلانا درست ہے۔

ملفوظات

(۱) یہ گلبدنی کپڑے ریشمی ہی ہیں ان کا حکم ریشمی کا ہی ہے مگر یہ موٹا ریشم ہے اور معروف ریشم اور ریشم
علیحدہ قسم ہے پس اگر تانا بانا دونوں ریشم کے یا بندہ کے ہوں خواہ صرف بانا ریشم کا ہو تو دونوں صورتوں میں
درست ہے اور اگر دونوں ریشمی نہ ہوں بلکہ صرف تانا ریشمی ہو تو درست ہے جیسا ریشم کا بھی یہی حکم ہے
اصل یہ کہ بندہ ریشم ہے چھال نہیں ہے فقط واللہ اعلم۔

(۲) مجھے کوئی وظیفہ ایسا معلوم نہیں کہ جس سے ذوق و شوق پیدا ہو البتہ دنیا سے بے رغبتی اور اللہ کی
طرف توجہ کرنا اس کے لئے مفید ہے جس شئے کی ماں باپ کی طرف سے بصراحت یا بدلالت اجازت ہو اس
میں مضائقہ نہیں ہے اور بلا مرضی ان کے مال میں تصرف درست نہیں۔

(۳) ایسے ظروف جن کا استعمال سب زن و مرد کو حرام ہے بنانے نہیں چاہئیں کہ بالآخر سبب معصیت

مراہق کی امامت

سوال:۔ مراہق کتنی عمر کا ہوتا ہے اور اس کی امامت جائز ہے یا نہیں۔

جواب:۔ مراہق کی امامت نادرست ہے اور تیرہ چودہ برس کا لڑکا مراہق ہے۔

جامع مسجد کا امام بدعتی و فاسق ہو تو کیا کیا جائے

سوال:۔ اگر جامع مسجد کا امام بدعتی ہو یا فاسق ہو اس وجہ سے اپنی مسجد محلہ میں جمعہ کر لینا اولیٰ ہے یا نہیں اور اگر بدعتی امام کے پیچھے مقتدی بھی بدعتی ہوں تو ان کی نماز بھی مکروہ تحریمی ہوگی یا نہیں۔

جواب:۔ بدعتی کی اقتداء سے اپنا جمعہ اور جماعت الگ کر لینا بہتر ہے بدعتی کے پیچھے اس جیسوں کی نماز بھی مکروہ ہے۔ فقط۔

بدعتی کی امامت

سوال:۔ بدعتی کے پیچھے نماز ہو جاتی ہے یا نہیں۔

جواب:۔ مکروہ تحریمہ ہے۔

رسول اللہ کو غیب داں جاننے والے کی امامت

سوال:۔ جو شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو غیب داں جانے اس کے پیچھے نماز درست ہے یا نہیں

جواب:۔ جو شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو علم غیب جو خاصہ حق تعالیٰ ہے ثابت کرتا ہو اس کے پیچھے نماز نادرست ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

مشرک بدعتی فاسق کی امامت

سوال:۔ مشرک بدعتی گور پرست ظالم فاسق نیز متکبر جو مسلمانوں کی برائیاں ہر کلام سے کرے اور مسجد میں کنارہ کر بٹھاوے اور حاضر کرے ان سب کے پیچھے نماز درست ہے یا نہیں۔

جواب:۔ ہر مسلمان کے پیچھے جس کے معاصی کفر تک نہ پہنچے ہوں نماز ہو جاتی ہے مگر ہر دو ثواب بہت کم ہوتا ہے۔ اور جس کی نوبت کفر تک پہنچ گئی ہو اس کے پیچھے نماز نہیں ہوتی۔

حاشیہ: جو کفر ہے اس کی اقتداء جائز نہیں۔ رد المحتار م۔

بدعتی کی امامت کا حکم

سوال:- بدعتی کے پیچھے نماز درست ہے یا نہیں۔

جواب:- بدعتی کے پیچھے نماز پڑھنا مکروہ تحریمی ہے۔ فقط۔

بدعقیدہ شخص کی امامت

سوال:- جمعہ کی نماز جامع مسجد میں باوجودیکہ امام بدعقیدہ ہو پڑھے یا دوسری جگہ پڑھے۔

جواب:- جس کے عقیدے درست ہوں اس کے پیچھے نماز پڑھنی چاہیئے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

دائی کے شوہر کی امامت

سوال:- ایک شخص کی بیوی پیشہ دائی کا کرتی ہے اور بے پردہ باہر پھرتی ہے اس کے پیچھے نماز درست ہے یا نہیں۔

جواب:- جس کی بیوی دائی ہے اس کے پیچھے نماز درست ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

بدعتی کے پیچھے جمعہ پڑھنا

سوال:- اگر بدعتی امام کے پیچھے جمعہ پڑھا ہو تو اس کا اعادہ کرے یا نہیں اگر اعادہ کرے تو کس طرح پڑھے۔

جواب:- اگر بدعتی امام کے پیچھے جمعہ پڑھا ہو تو اس کا اعادہ نہ کرے۔ فقط۔

امام کا جماعت شروع کرنے میں کسی کا انتظار کرنا

سوال:- جو امام مسجد ایسا ہو کہ جس وقت تک مسجد میں ایک یا دو شخص مخصوص نہ جا رہے ہوں جماعت کا وقت معمولی بھی گزرنے کے قریب ہو اور وقت میں بھی تاخیر ہوتی ہو مگر اپنے کسی نفع کے باعث یا تعلقات کے سبب سے ان اشخاص کا انتظار کرے اور بغیر ان کے جماعت میں تاخیر کرے تو اس کے پیچھے نماز پڑھنا کیسا ہے۔

جواب:- اگر بوجہ دنیا کے کسی دنیادار رئیس کا انتظار کرتا ہے اور حاضرین کی رعایت نہیں کرتا تو امام و مکبر گنہگار ہیں۔ مگر نماز اس کے پیچھے ہو جاتی ہے۔

(جملہ حقوق محفوظ)

فَاسْئَلُوْا اَھْلَ الذِّکْرِ اِنْ کُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ

الحمد للہ والمنۃ کہ ذخیرہ حسنات و مجموعہ برکات یعنی گنجینہ

فتاویٰ رشیدیہ مبوب

حصہ اول

من افادات طیبات عالم اجل فاضل اکمل مخزن اسرار شریعت

معدن رموز طریقت حضرت مولانا المولوی الحافظ الحاج

رشید احمد الگنگوہی رحمۃ اللہ علیہ

ملنے کا پتہ

محمد سعید اینڈ سنز ناشران و تاجران کتب

(سابق) مطبع سعیدی قرآن محل مقابل مولوی مسافرخانہ کراچی

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس صورت میں کہ فی زمانہ رواج ہے کہ جب کوئی مر جاتا ہے تو اس کے عزیز و اقارب اس روز یا دوسرے روز یا تیسرے روز یا دسویں روز جمع ہو کر مسجد میں یا کسی ویرانہ یا مکان میں قرآن شریف اور کلمہ طیبہ اور درود شریف وغیرہ پڑھ کر یا بے شمار ثواب اس پڑھے ہوئے کا متوفی کو بخشتے ہیں اور چنے وغیرہ تقسیم کرتے ہیں تو اس طرح پر جمع ہونا اور قرآن مجید وغیرہ پڑھنا اور پڑھوانا درست ہے یا نہیں۔ بینوا بالکتاب توجروا فی یوم الحساب من الملک الوہاب۔

الجواب۔ صورت مسئولہ کا یہ ہے کہ مجتمع ہونا عزیز و اقارب وغیرہم کا واسطے پڑھنے قرآن مجید کے یا کلمہ طیبہ کے جمع ہو کر روز وفات میت کے یا دوسرے روز یا تیسرے روز بدعت و مکروہ ہے شرع شریف میں اس کی کچھ اصل نہیں ہے۔ کتاب نصاب الاحتساب میں لکھا ہے۔ ان ختم القرآن جهرا بالجماعة ويسمى بالفارسية سيپاره خواندن مكروه۔ اور فتاویٰ بزازیہ میں مرقوم ہے يكره اتخاذ الطعام في اليوم الاول والثالث وبعد الاسبوع ونقل الطعام الى القبر في المواسم واتخاذ الدعوة لقراءة القرآن وجمع الصلحاء والفقراء للختم او لقراءة سورة الانعام او الاخلاص اور رد المحتار میں لکھا ہے۔ ومن المنكرات الكثيرة كايقاد الشموع والقناديل التي توجد في الافراح وكدق الطبول والغناء بالاصوات الحسان واجتماع النساء والمردان واخذ الاجرة على الذكر وقراءة القرآن وغير ذلك مما هو مشاهد في هذه الازمان وما كان كذلك فلا شك في حرمته وبطلان الوصية به ولا حول ولا قوة الا بالله العلي العظيم۔ یہ ہے حکم صورت مسئولہ کا تحریر یافت فقط محمد قاسم علی عفی عنہ

الجواب صحیح محمد عبد اللطیف عفی عنہ

الجواب صحیح محمد نعیم الدین عفی عنہ

الجواب صحیح محمد عبد الغنی سنبھلی (مہر: محمد عبد الغنی)

(مہر: محمد قاسم علی خلف مولانا ماہر علی)

امام مسجد جامع مرادآباد

فتویٰ مولوی احمد رضا خاں صاحب بریلوی موسومہ مولوی عبد الحمید صاحب ... مجموعہ فتاویٰ کی قلمی

مولوی احمد رضا خاں صاحب منقول از جلد رابع کتاب الحظر والاباحۃ صفحہ ۱۴۴

سوال۔ تین برس کے بچہ کی فاتحہ روز جمعہ کو ہونا چاہیے یا سوم کو ہونا چاہیے بینوا توجروا

الجواب۔ جس وقت بھی ثواب پہنچتا ہے دوسرے دن ہو تو اور تیسرے دن باقی تعین عرفی ہیں

ؒ یہ فتویٰ برائے اطلاع مجوزین بدعات تحریر کیا جاتا ہے کیونکہ جو لوگ ان امور میں سے بعض کو شمار کئے جاتے ہیں وہ مولانا ممدوح کے ہمیں کی موافقت کرتے ہیں لہذا ان بدعات کو چھوڑ دیں۔ اور ان سے باز آئیں۔

جب چاہیں کریں نہیں دنوں کی تعیین ضروری جاننا جہالت و بدعت ہے واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم کتبہ عبدہ المذنب احمد رضا البریلوی عفی عنہ بمحمد المصطفیٰ النبی الامی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

استفتاء کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مجلس مولود خوانی سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم بایں ہیئت کہ روشنی و فرش و شیرینی و اظہار حاجت و امردان خوش الحان و راگ خواندہ اشعار غیر مقیدات بالخصوص قیام کی ذکر ولادت اسی محفل میں ثابت اور جائز ہے یا نہیں اور شریک ہونا علمائے دین کو ایسی مجالس میں جائز ہے یا نہیں و نیز عیدین و روز شب برأت وغیرہ میں آگے طعام سامنے رکھ کر ہاتھ اٹھا کر فاتحہ وغیرہ پڑھ کر ایصال ثواب کرنا ثابت و جائز ہے یا نہیں و نیز خاص روز سوم میت کے جمع ہو کر بالخصوص کلمہ طیبہ و ختم قرآن مجید مع چنے وغیرہ تقسیم کرنا ثابت و جائز ہے یا نہیں و نیز دہم و چہلم وغیرہ میت کا کرنا ثابت و جائز ہے یا نہیں۔ بینوا بالکتاب و توجروا یوم الحساب۔ مرسلہ بندہ عزیز الدین عفی عنہ از مراد آباد محلہ [illegible] ۱۳۰۳ھ

الجواب۔ مجلس مروجہ مولود کہ جس کو سائل نے لکھا ہے بدعت و مکروہ ہے اگرچہ نفس ذکر ولادت فخر عالم علیہ الصلوٰۃ کا مندوب ہے مگر بسبب انضمام ان قیود کے یہ مجلس ممنوع ہو گئی کہ قاعدہ فقہ کا ہے کہ مرکب حلال و حرام سے حرام ہو جاتا ہے پس روشنی بدعت ہے [illegible] چراغ جلانا اسراف ہے [illegible] شریف [illegible] امردان خوش الحان کا [illegible] حکم بالحق فرمایا [illegible] اور قیام بالخصوص ایسی ذکر ولادت کی محفل میں ہونا بدعت ہے پس حضور ایسی محفل کا باعث ان امور بدعت و مکروہ تحریمہ کے مکروہ تحریمی اور بدعت ہوگا خواہ عالم لوگ جاویں یا مفتی جاوے بلکہ مفتی کو زیادہ تر موجب وبال کا ہے کہ وہ [illegible] اور اپنے فعل سے گمراہ کنندہ خلق کثیر کا ہوتا ہے اور فاتحہ میں ہاتھ اٹھا کر پڑھنا طعام شیرینی [illegible] ایصال ثواب کے واسطے کہیں ثابت نہیں [illegible] فعل ہنود سے ہے اور یہ امر شرع میں حرمت مشابہت کا ہے لہٰذا یہ ممنوع بھی حرام ہوگا من تشبہ بقوم فھو منھم الحدیث۔ اور سوم و دہم و چہلم [illegible] ہنود کی ہیں ان تخصیص ایام میں مشابہت بھی ہوئی اور تخصیص ایام کی بدعت بھی ہے سب بسبب ان تخصیصات کے بدعت و مکروہ تحریمی ہیں۔ اگرچہ اصل ایصال ثواب بدون کسی تخصیص و مشابہت کے درست ہے اور تفصیل ان جملہ مسائل کی بسط کے ساتھ براہین قاطعہ میں ہے اس میں ملاحظہ کریں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ الاحقر رشید احمد گنگوہی عفی عنہ

رشید احمد

تقویۃ الایمان

یعنی

توحید کی حقیقت اور شرک کی مذمت

تالیف

حضرت مولانا شاہ اسمٰعیل شہیدؒ

ولادت [illegible] اور شہادت [illegible]

ناشر } فاروقی کتب خانہ بیرون لوہاری دروازہ
گلی مسجد جامع اہلحدیث مولانا عبدالتوابؒ ملتانی قدیر آباد
ملتان شہر

قیمت [illegible] روپیہ

جھوٹا اور اللہ کا منکر۔ اور اللہ صاحب نے سورۂ مومنون میں فرمایا ہے۔

قُلْ مَنْ بِيَدِهِ مَلَكُوتُ	کہہ کون ہے وہ شخص کہ جس
كُلِّ شَيْءٍ وَهُوَ يُجِيرُ وَلَا	کے ہاتھ میں ہے۔ تصرف ہر چیز
يُجَارُ عَلَيْهِ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ	کا اور وہ حمایت کرتا ہے۔ اور
سَيَقُولُونَ لِلَّهِ قُلْ فَأَنَّىٰ	اس کے مقابل کوئی حمایت نہیں
تُسْحَرُونَ ﴿۸۹﴾	کر سکتا جو تم جانتے ہو سو وہ کہیں

گے کہ اللہ ہے۔ کہہ پھر کہاں سے خبطی ہو جاتے ہو۔

یعنی جب کافروں سے بھی پوچھئے کہ سارے عالم میں تصرف کس کا ہے اور اس کے مقابل کوئی حمایتی کھڑا ہو سکے تو وہ بھی یہی کہیں گے کہ یہ اللہ ہی کی شان ہے۔ پھر اوروں کو ماننا محض خبط ہے۔

اس آیت سے معلوم ہوا کہ اللہ صاحب نے کسی کو عالم میں تصرف کرنے کی قدرت نہیں دی اور کوئی کسی کی حمایت نہیں کر سکتا۔ اور یہ بھی معلوم ہوا کہ پیغمبر خدا کے وقت میں کافر بھی اپنے بتوں کو اللہ کی برابر نہیں جانتے تھے بلکہ اسی کا مخلوق اور اسی کا بندہ سمجھتے تھے۔ اور ان کو اس کے مقابل کی طاقت ثابت نہیں کرتے تھے۔ مگر یہی پکارنا اور منتیں ماننی اور نذر و نیاز کرنی اور ان کو اپنا وکیل اور سفارشی سمجھنا یہی ان کا کفر و شرک تھا۔ سو جو کوئی کسی سے یہ معاملہ کرے گو کہ اس کو اللہ کا بندہ و مخلوق ہی سمجھے سو

ابوجہل اور وہ شرک میں برابر ہے۔ سو سمجھنا چاہیئے کہ شرک اسی پر موقوف نہیں۔ کہ کسی کو اللہ کے برابر سمجھے اور اس کے مقابل جانے بلکہ شرک کے معنے یہ کہ جو چیزیں اللہ نے اپنے واسطے خاص کی ہیں اور اپنے بندوں کے ذمے نشان بندگی کے ٹھیرائے ہیں۔ وہ چیزیں اور کسی کے واسطے کرنی جیسے سجدہ کرنا اور اس کے نام کا جانور کرنا اور اس کی منت ماننی اور مشکل کے وقت پکارنا اور ہر جگہ حاضر و ناظر سمجھنا اور قدرت تصرف کی ثابت کرنی۔ سو ان باتوں سے شرک ثابت ہو جاتا ہے۔ گو کہ پھر اللہ سے چھوٹا ہی سمجھے اور اس کا مخلوق اور اسی کا بندہ اور اس بات میں اولیاء اور انبیاء میں اور جن اور شیطان میں اور بھوت اور پری میں کچھ فرق نہیں یعنی جس سے کوئی یہ معاملہ کرے گا وہ مشرک ہو جاوے گا خواہ انبیاء و اولیاء سے خواہ پیروں شہیدوں سے خواہ بھوت و پری سے چنانچہ اللہ صاحب نے جیسا بت پوجنے والوں پر غصہ کیا ہے۔ ویسا ہی یہود و نصاریٰ پر حالانکہ وہ اولیاء و انبیاء سے یہ معاملہ کرتے تھے۔ چنانچہ سورۂ براءت میں فرمایا۔

اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَ	ٹھیرایا انھوں نے مولویوں کو اور
رُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ	درویشوں کو مالک اپنا ورے
دُوْنِ اللّٰهِ وَالْمَسِيْحَ	اللہ کے۔ اور مسیح بیٹے مریم کو
ابْنَ مَرْيَمَ وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا	اور حالانکہ ان کو یہی حکم ہوا تھا

ہیں۔ جو کوئی کسی کو ایسا تصرف ثابت کرے اور اس سے مرادیں مانگے۔ اور اس
توقع پر نذر و نیاز کرے، اور اس کی منتیں مانے، اور اس کو مصیبت کے وقت
پکارے ایسا کرنے سے مشرک ہو جاتا ہے۔ اور اس کو اِشراک فی التصرف
کہتے ہیں۔ یعنی اللہ کا سا تصرف ثابت کرنا محض شرک ہے۔ پھر خواہ یوں سمجھے۔
کہ ان کاموں کی طاقت ان کو خود بخود ہے۔ خواہ یوں سمجھے کہ اللہ نے اُن کو
ایسی طاقت بخشی ہے ہر طرح سے شرک ثابت ہوتا ہے۔

۳۔ اِشراک فی العبادۃ

تیسری بات یہ کہ بعضے کام تعظیم کے اللہ نے اپنے لیے خاص کیے ہیں۔ کہ ان کو
عبادت کہتے ہیں۔ جیسے سجدہ اور رکوع، اور ہاتھ باندھ کر کھڑے ہونا۔ اور اس
کے نام پر مال خرچ کرنا اور اس کے نام کا روزہ رکھنا اور اس کے گھر کی طرف دور
دور سے قصد کر کے سفر کرنا۔ اور ایسی صورت بنا کر چلنا کہ ہر کوئی پہچان لے کہ یہ
لوگ اس گھر کی زیارت کو جاتے ہیں۔ اور رستے میں اس مالک کا نام پکارنا۔ اور
نامعقول باتیں نہ کرنا۔ اور شکار سے بچنا۔ اور اسی قید سے جا کر طواف کرنا۔ اور
اس گھر کی طرف سجدہ کرنا۔ اور اسی کی طرف جانور لے جانا اور وہاں منتیں ماننی
اس پر غلاف ڈالنا۔ اور اس کی چوکھٹ کے آگے کھڑے ہو کر دعا مانگنی اور التجا
کرنی، اور دین و دنیا کی مرادیں مانگنی اور ایک پتھر کو بوسہ دینا۔ اور اس کی
دیوار سے اپنا منہ اور چھاتی ملنا۔ اور اس کا غلاف پکڑ کر دعا کرنی، اور اس کے

لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ اِنَّ الشِّرْكَ — بیٹے مت شریک بنا اللہ کا
لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ ۝ — بیشک شریک بنانا بڑی بے انصافی ہے۔

یعنی اللہ صاحب نے لقمان کو عقلمندی دی تھی۔ سو انھوں نے اس سے سمجھ کہ بے انصافی یہی ہے۔ کہ کسی کا حق اور کسی کو پکڑا دیجیے۔ اور جس نے اللہ کا حق اس کی مخلوق کو دیا۔ تو بڑے سے بڑے کا حق لے کر ذلیل سے ذلیل کو دے دیا جیسے بادشاہ کا تاج ایک چمار کے سر پر رکھ دیجیے۔ اس سے بڑی بے انصافی کیا ہوگی (اور یہ یقین جان لینا چاہیے کہ ہر مخلوق بڑا ہو یا چھوٹا وہ اللہ کی شان کے آگے چمار سے بھی ذلیل ہے) اس آیت سے معلوم ہوا کہ جیسے شرع کی راہ سے یہ معلوم ہوتا ہے۔ کہ شرک سب سے بڑا گناہ ہے۔ ویسے ہی عقل کی راہ سے بھی یہی معلوم ہوتا ہے کہ شرک سب عیبوں سے بڑا عیب ہے۔ اور یہی حق ہے۔ اس واسطے کہ آدمی میں بڑے سے بڑا عیب یہی ہے۔ کہ اپنے بڑوں کی بے ادبی کرے۔ سو اللہ سے بڑا کوئی نہیں اور شرک اس کی بے ادبی ہے۔

• قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَمَا اَرْسَلْنَا — فرمایا اللہ تعالیٰ نے۔ اور نہیں بھیجا
مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا — ہم نے تجھ سے پہلے کوئی رسول مگر
نُوْحِيْٓ اِلَيْهِ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ — کہ اس کو یہی حکم بھیجا کہ بیشک بات
اَنَا فَاعْبُدُوْنِ ۝ — یوں ہے کہ کوئی بندگی کے لائق نہیں
(سورۃ انبیاء) — سوائے میرے سو بندگی کرو میری۔

علم اسی نکتہ میں ہے۔ کہ توحید خوب درست کیجئے۔ اور شرک سے دور بھاگئے نہ اللہ کے سوا کسی کو حاکم سمجھئے کہ کسی چیز میں کچھ تصرف کرتا ہے۔ نہ کسی کو اپنا مالک ٹھہرائیے۔ کہ اس سے اپنی کوئی مراد مانگئے اور اپنی حاجت اس کے پاس لے جائیے۔

وَأَخْرَجَ أَحْمَدُ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ شَيْئًا وَإِنْ قُتِلْتَ وَحُرِّقْتَ۔

مشکوٰۃ کے باب الکبائر میں لکھا ہے کہ امام احمد رح نے ذکر کیا کہ معاذ بن جبل نے نقل کیا کہ فرمایا مجھ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہ شریک ٹھہرا اللہ کا کسی کو اگرچہ مارا جائے تو یا جلایا جائے۔

یعنی اللہ کے سوا کسی کو نہ مان اور اس سے مت ڈر کہ شاید کوئی جن یا بھوت کچھ ایذا پہنچا دے۔ سو جیسے مسلمان کو ظاہری بلاؤں پر صبر کرنا چاہئے اور ان کے ڈر سے اپنا دین نہ بگاڑنا چاہئے۔ اسی طرح جن اور بھوتوں کی بھی ایذا پر صبر کرنا چاہئے اور ان سے ڈر کر ان کو نہ ماننا چاہئے۔ اور یہ سمجھنا چاہئے کہ فی الحقیقت تو ہر کام اللہ ہی کے اختیار میں ہے۔ مگر وہ بھی کبھی اپنے بندوں کو جانچتا ہے۔ اور بروں کے ہاتھوں سے بھلوں کو ایذا پہنچاتا ہے۔ تاکہ کچوں اور پکوں میں فرق ہو جائے۔ اور مومن اور منافق جدا جدا معلوم ہو جاویں۔ سو جیسے ظاہر میں نیکوں کو فاسقوں کے ہاتھ سے اور مسلمانوں کو کافروں کے ہاتھ سے اللہ کے ارادے سے

یعنی جیسے کہ اللہ کو سمجھتے ہیں، کہ وہ ہر جگہ حاضر و ناظر ہے۔ اور سب کام
اس کے اختیار میں ہیں۔ سو ہر مشکل کے وقت یہی سمجھ کر اس کو پکارتے ہیں۔ سو
سو کسی اور کو اس طرح کا سمجھ . . . .
کر پکارنا نہ چاہئے کیونکہ یہ سب سے بڑا گناہ ہے۔ اول تو یہ بات محض غلط ہے
کہ کسی کو کچھ حاجت بر لانے کی طاقت ہووے یا ہر جگہ حاضر و ناظر ہو۔ دوسرے
یہ کہ جب ہمارا خالق اللہ ہے اور اس نے ہم کو پیدا کیا۔ تو ہم کو بھی چاہئے۔ کہ
اپنے ہر کام پر اسی کو پکاریں اور کسی سے ہم کو کیا کام، جیسے جو کوئی ایک بادشاہ
کا غلام ہو چکا تو وہ اپنے ہر کام کا علاقہ اسی سے رکھتا ہے۔ دوسرے بادشاہ
سے بھی نہیں رکھتا۔ اور کسی چوہڑے چمار کا تو کیا ذکر ہے۔

اخرج الترمذی عن انس	مشکوۃ کے باب الاستغفار میں لکھا ہے کہ
قال قال رسول اللہ صلی اللہ	ترمذی نے ذکر کیا کہ انس نے نقل کیا کہ
علیہ وسلم قال اللہ تعالی	پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ صاحب
یا ابن آدم انک لو لقیتنی	نے فرمایا ہے کہ اے آدم کے بیٹے بیشک
بقراب الارض خطایا ثم	جو تو مجھ سے ملے دنیا بھر گناہوں کے ساتھ پھر
لقیتنی لا تشرک بی شیئا	مجھ سے ملے اس طرح کہ شریک نہ کرتا ہو میرا کسی کو تو
لاتیتک بقرابها مغفرة	بیشک میں آؤں تیرے پاس اتنی ہی بخشش لے کر

یعنی اس دنیا میں سب گنہگاروں نے گناہ کیے ہیں کہ فرعون بھی اس دنیا

اسی کے اختیار میں ہوتا ہے۔ جب چاہے تو کھولے جب چاہے نہ کھولے۔ اسی طرح ظاہر کی چیزوں کو دریافت کرنا لوگوں کے اختیار میں ہے جب چاہیں کریں جب چاہیں نہ کریں۔ سو اس طرح غیب کا دریافت کرنا اپنے اختیار میں ہو کہ جب چاہے کیجئے یہ اللہ صاحب ہی کی شان ہے۔ کسی نبی ولی کو، جن و فرشتے کو، پیر و شہید کو، امام امام زادے کو، بھوت و پری کو، اللہ صاحب نے یہ طاقت نہیں بخشی کہ جب جی چاہیں غیب کی بات معلوم کر لیں۔ بلکہ اللہ صاحب اپنے ارادے سے کبھی کسی کو جتنی چاہتا ہے خبر دیتا ہے۔ سو اپنے ارادے کے موافق نہ ان کی خواہش پر۔ چنانچہ حضرت پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسا اتفاق ہوا ہے کہ کسی بات کے دریافت کرنے کی خواہش ہوئی اور وہ بات معلوم نہ ہوئی۔ پھر جب اللہ صاحب کا ارادہ ہوا تو ایک آن میں بتا دی چنانچہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت میں منافقوں نے حضرت عائشہؓ پر تہمت لگائی اور حضرت کو اس سے بڑا رنج ہوا۔ اور کئی دن تک بہت تحقیق کیا پر کچھ حقیقت معلوم نہ ہوئی۔ اور بہت فکر و غم میں رہے۔ پھر جب اللہ تعالیٰ کا ارادہ ہوا۔ تو بتا دیا کہ منافق جھوٹے ہیں اور عائشہؓ پاک ہیں۔

سو یقین یوں رکھنا چاہئے۔ کہ غیب کے خزانے کی کنجی اللہ ہی کے پاس ہے۔ اس نے کسی کے ہاتھ نہیں دی۔ اور کوئی اس کا خزانچی نہیں مگر اپنے ہی ہاتھ سے قفل کھول کر اس میں سے دیتا جس کو چاہے بخش دے اس کا ہاتھ کوئی نہیں پکڑ سکتا۔

اس آیت سے معلوم ہوا۔ کہ جو کوئی یہ دعوے کرے کہ میرے پاس ایسا

کہ دل کا احوال جب چاہیں معلوم کر لیں۔ یا جس غیب کا احوال جب چاہیں معلوم کر لیں۔ کہ وہ جیتا ہے یا مر گیا۔ یا کس شہر میں ہے۔ یا کس حال میں ہے یا جس آئندہ بات کو جب ارادہ کریں تو دریافت کر لیں کہ فلاں کے ہاں اولاد ہوگی یا نہ ہوگی، یا اس سوداگری میں اس کو فائدہ ہوگا یا نہ ہوگا۔ یا اس لڑائی میں فتح پاوے گا یا شکست کہ ان باتوں میں سب بندے بڑے ہوں یا چھوٹے سب یکساں بے خبر ہیں اور نادان۔ سو جیسے سب لوگ کبھی کچھ بات عقل سے یا قرینے سے کہہ دیتے ہیں پھر کبھی ان کی بات موافق پڑ جاتی ہے۔ اسی طرح یہ بڑے لوگ بھی جو بات عقل اور قرینے سے کہتے ہیں سو ان میں کبھی درست ہو جاتی ہے۔ کبھی چوک، ہاں مگر جو اللہ کی طرف سے وحی یا الہام ہو سو اس کی بات نرالی ہے۔ مگر وہ ان کے اختیار میں نہیں۔

أَخْرَجَ الْبُخَارِيُّ عَنِ الرُّبَيِّعِ	مشکوٰۃ کے باب اعلان النکاح میں لکھا ہے کہ
بِنْتِ مُعَوِّذِ بْنِ عَفْرَاءَ	ربیع نے نقل کیا ہے کہ جب میری شادی ہوئی
قَالَتْ جَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ	تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَخَلَ حِينَ	اور میرے بچھونے پر بیٹھے جیسا تو بیٹھا
بُنِيَ عَلَيَّ فَجَلَسَ عَلَى فِرَاشِي	ہے چند لڑکیاں دف بجاتے
فَجَعَلَتْ جُوَيْرِيَاتٌ لَنَا يَضْرِبْنَ	تھیں اور ان بزرگوں کا ذکر
بِالدُّفِّ وَيَنْدُبْنَ	کرتے تھیں جو بدر میں مارے
مَنْ قُتِلَ مِنْ آبَائِي يَوْمَ	گئے تھے

يَسْتَطِيعُونَ	اور نہیں طاقت رکھتے۔

یعنی اللہ کی ہی تعظیم کرتے ہیں۔ ایسے لوگوں کی کہ ان کا کچھ اختیار نہیں اوران کی روزی پہنچانے میں کچھ دخل نہیں رکھتے۔ نہ آسمان سے مینہ برسادیں نہ زمین سے کچھ اگادیں اوران کو کسی قسم کی کچھ قدرت نہیں۔

اس آیت سے معلوم ہوا۔ کہ یہ جو بعض عوام الناس کہتے ہیں کہ انبیاء واولیاء یا امام و شہیدوں کو عالم میں تصرف کرنے کی قدرت تو ہے۔ لیکن اللہ کی تقدیر پر وہ شاکر ہیں۔ اور اس کے ادب سے دم نہیں مارتے اگر چاہیں۔ تو ایک دم میں الٹ پلٹ کر دیں۔ لیکن شرع کی تعظیم کرکے چپ بیٹھے ہیں۔ سو یہ بات سب غلط ہے۔ بلکہ کسی کام میں نہ بالفعل ان کو دخل ہے نہ اس کی طاقت رکھتے ہیں۔

وَلَا تَدْعُ مِنْ دُوْنِ	سورہ یونس میں آیا ہے اور مت پکار
اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُكَ وَلَا	سوائے اللہ کے ایسوں کو کہ فائدہ
يَضُرُّكَ فَاِنْ فَعَلْتَ	دیویں تجھ کو نہ نقصان۔ سو اگر کیا
فَاِنَّكَ اِذًا مِّنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝	تو نے یہ تو بے شک تو بے انصاف ہے

یعنی اللہ جیسے زبردست کے ہوتے ہوئے ایسے عاجز لوگوں کو پکارنا کہ کچھ فائدہ اور نقصان نہیں پہنچا سکتے۔ محض بے انصافی ہے کہ ایسے بڑے شخص کا مرتبہ ایسے ناکارے لوگوں کو ثابت کیجیے۔

یعنی جو کوئی کسی سے مراد مانگتا ہے اور مشکل کے وقت پکارتا ہے۔
اور وہ اس کی حاجت روا کر دیتا ہے۔ سو یہ بات اسی طرح ہوتی ہے۔ کہ
یا تو وہ خود مالک ہو یا مالک کا ساجھی ہو یا مالک پر اس کا دباؤ ہو جیسے بڑے
بڑے امیروں کا کہنا بادشاہ دب کر مان لیتا ہے۔ کیونکہ وہ اس کے بازو ہیں
اور اس کی سلطنت کے رکن۔ ان کے ناخوش ہونے سے سلطنت بگڑتی ہے
یا اس طرح کہ مالک سے سفارش کرے اور وہ اس کی سفارش خواہ مخواہ قبول
کر لے۔ پھر دل سے خوش ہو یا ناخوش جیسے بادشاہزادی یا بیگمات کہ بادشاہ
ان کی محبت سے ان کی سفارش رد نہیں کر سکتا۔ سو چار و ناچار ان کی سفارش
قبول کر لیتا ہے۔ مگر جن کو اللہ کے سوا یہ لوگ پکارتے اور ان سے مرادیں
مانگتے ہیں وہ نہ تو مالک ہیں آسمان و زمین میں ایک ذرہ بھر چیز کے اور نہ کچھ
اُن کا ساجھا ہے۔ اور نہ اللہ کی سلطنت کے رکن ہیں اور نہ اس کے بازو کہ
ان سے دب کر ان کی بات مان لے۔ اور نہ بغیر پروانگی سفارش کر سکتے
ہیں۔ کہ خواہ مخواہ اس سے دلوا دیں۔ بلکہ اس کے دربار میں ان کا تو یہ حال
ہے۔ کہ جب وہ کچھ حکم فرماتا ہے۔ وہ سب رعب میں آ کر بے حواس ہو جاتے
ہیں۔ اور ادب اور دہشت کے مارے دوسری بار اس بات کی تحقیق اس
سے نہیں کر سکتے بلکہ ایک دوسرے سے پوچھتا ہے۔ اور جب اس بات کی
تحقیق آپس میں کر لیتے ہیں۔ سوائے آمنّا و صدّقنا کے کچھ نہیں کہہ سکتے۔ پھر

... کا شفیع سمجھے وہ اصل مشرک ہے۔ اور بڑا جاہل کہ اس نے خدا کے معنے کچھ
بھی نہیں سمجھے اور اس مالک الملک کی قدر نہ پہچانی اس شہنشاہ کی تو یہ شان ہے کہ ایک
آن میں ایک حکم کن سے چاہے تو کروڑوں نبی اور ولی اور جن و فرشتے
جبرائیل اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی برابر پیدا کر ڈالے۔ اور ایک دم میں سارا
عالم عرش سے فرش تک الٹ پلٹ کر ڈالے اور ایک نیا عالم اس جگہ قائم کرے کہ اس
کے تو محض ارادے ہی سے ہر چیز ہو جاتی ہے۔ کسی کام کے واسطے کچھ اسباب
اور سامان جمع کرنے کی کچھ حاجت نہیں۔ اور جو سب اگلے پچھلے اور آدمی اور
جن بھی سب اس کے جبرائیل اور پیغمبر ہی سے ہو جاویں تو اس مالک الملک کی
سلطنت میں ان کے سبب سے کچھ رونق بڑھ نہ جاوے گی۔ اور جو سب شیطان
اور دجال ہی ہو جاویں۔ تو اس کی کچھ رونق گھٹنے کی نہیں۔ وہ ہر صورت
میں بڑوں کا بڑا ہے۔ اور بادشاہوں کا بادشاہ۔ اس کا کوئی کچھ بگاڑ
سکے نہ سنوار سکے۔

دوسری صورت یہ ہے کہ کوئی بادشاہزادوں میں سے یا بیگماتوں
میں سے یا کوئی بادشاہ کا معشوق اس چور کا سفارشی ہو کر کھڑا ہو جاوے
اور چوری کی سزا نہ دینے دیوے اور بادشاہ اس کی محبت سے لاچار ہو کر
اس چور کی تقصیر معاف کر دے تو اس کو شفاعت محبت کہتے ہیں۔ یعنی بادشاہ
نے محبت کے سبب سے سفارش قبول کر لی۔ اور یہ بات سمجھی کہ ایک بار غصہ

کاموں کے وقت پکارتے ہیں۔ پھر اسی طرح ایک مدت میں یہ رسم جاری ہو جاتی ہے۔ حالانکہ وہ سب محض اپنے غلط خیال میں ہیں کچھ ان کی حقیقت نہیں۔ وہاں نہ اللہ کے سوا کوئی سچا اور نہ کسی کا یہ نام ہے۔ تو اس کو کسی کاروبار میں کچھ دخل نہیں۔ یہ سب خیال ہی خیال ہے۔ اس نام کا کوئی شخص وہاں مالک اور مختار نہیں جو ان کاموں کا مختار ہے۔ اس کا نام اللہ ہے۔ محمد یا علی نہیں۔ اور جس کا نام محمد یا علی ہے وہ کسی چیز کا مختار نہیں۔ سو ایسا شخص کہ اس کا نام محمد یا علی ہو اور اس کے اختیار میں عالم کے سب کاروبار ہوں۔ ایسا حقیقت میں کوئی شخص نہیں۔ بلکہ محض اپنا خیال ہے سو اس قسم کے خیال باندھنے کا اللہ نے تو حکم نہیں دیا۔ اور کسی کا حکم اس کے مقابل معتبر نہیں۔ بلکہ اللہ نے ایسے خیال باندھنے سے منع کیا ہے۔ اور وہ کون ہے کہ اس کے کہنے سے ان باتوں کا اعتبار کرے گا یہی اصل دین ہے۔ کہ اللہ ہی کے حکم پر چلئے۔ اور کسی کا حکم اس کے مقابل ہرگز نہ مانئے۔ لیکن اکثر لوگ یہ راہ نہیں چلتے۔ بلکہ اپنے پیروں کی رسموں کو اللہ کے حکم سے مقدم سمجھتے ہیں۔ اس آیت سے معلوم ہوا۔ کہ کسی کی راہ و رسم کو ماننا اور اسی کے حکم کو اپنی سند سمجھنا یہ بھی انہیں باتوں میں سے ہے۔ کہ خاص اللہ نے اپنی تعظیم کے واسطے

محض غلط ہے۔ اللہ کی شان بہت بڑی ہے۔ کہ سب انبیاء و اولیاء
اس کے روبرو ایک ذرہ ناچیز سے بھی کمتر ہیں۔ کہ سارے آسمان و زمین
کو عرش اس کا قبہ کی طرح گھیر رہا ہے۔ اور باوجود اس بڑائی کے
اس شاہنشاہ کی عظمت نہیں تھام سکتا۔ بلکہ اس کی عظمت
سے چڑچڑ بولتا ہے۔ سو کسی مخلوق کی کیا طاقت کہ اس کی بڑائی کا
بیان بھی کر سکے۔ اور اس کی عظمت کے میدان میں اپنا خیال اور
وہم بھی دوڑا سکے۔ پھر کسی کام میں دخل دینے کی اور اس کی سلطنت
میں ہاتھ ڈالنے کی تو کس کو قدرت! وہ خود مالک الملک بغیر لشکر
اور فوج کے اور بغیر کسی وزیر اور مشیر کے ایک آن میں کروڑوں کام
کرتا رہتا ہے۔ وہ کس کے روبرو سفارش کرے۔ اور کس کا منہ
کہ اس کے سامنے کسی کام کا مختار بن بیٹھے۔ سبحان اللہ! اشرف المخلوقات
محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تو اس دربار میں یہ حالت ہے۔
کہ ایک گنوار کے منہ سے اتنی بات سنتے ہی مارے وحشت کے
بے حواس ہو گئے۔ اور عرش سے فرش تک جو اللہ کی عظمت بھری
ہوئی ہے۔ بیان کرنے لگے۔ پھر کیا کہیئے ان لوگوں کو کہ اس مالک
الملک سے ایک بھائی بندی کا سا رشتہ، یا دوستی آشنائی کا سا علاقہ
سمجھ کر کیا کیا بڑھ بڑھ کر باتیں کرتے ہیں۔ کوئی کہتا ہے۔ کہ میں نے اپنے رب

بادشاہ، مالک سارے جہان کا، جو چاہے سو کر ڈالے، معبود بڑا داتا، بے پرواہ، بے نظیر، بے مثال اسی کی ہے۔

اَخْرَجَ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ	نقل کی صاحب شرح السنہ نے
عَنْ حُذَيْفَةَ عَنِ النَّبِيِّ	کہ حذیفہ سے ذکر کیا کہ نقل کیا
صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ	حذیفہ نے کہ پیغمبر خدا نے فرمایا کہ
قَالَ لَا تَقُولُوا مَا شَاءَ	یوں نہ بولا کرو جو چاہے خدا
اللهُ وَشَاءَ مُحَمَّدٌ وَ	اور محمد اور بولا کرو جو چاہے
قُولُوا مَا شَاءَ اللهُ وَحْدَهُ	اللہ فقط

یعنی جو کہ اللہ کی شان ہے اور اس میں کسی مخلوق کو دخل نہیں سو اس میں اللہ کے ساتھ کسی مخلوق کو نہ ملاوے۔ خواہ کتنا ہی بڑا ہو۔ اور کیسا ہی مقرب۔ مثلاً یوں نہ بولے کہ اللہ رسول چاہے گا تو فلانا کام ہو جاوے گا۔ کہ سارا کاروبار جہان کا اللہ ہی کے چاہنے سے ہوتا ہے۔ رسول کے چاہنے سے نہیں ہوتا۔ یا کوئی شخص کسی سے کہے کہ فلان کے دل میں کیا ہے؟ یا فلانے کی شادی کب ہوگی؟ یا فلانے درخت میں کتنے پتے ہیں؟ یا آسمان میں کتنے تارے ہیں؟ تو اس کے جواب میں یہ نہ کہے کہ اللہ ورسول ہی جانے کیونکہ غیب کی بات اللہ ہی جانتا ہے رسول کو کیا خبر! اور اس بات کا کچھ مضائقہ نہیں کہ کچھ دین کی بات

وما أمروا إلا ليعبدوا الله مخلصين له الدين حنفاء

تقویۃ الایمان

مولانا محمد اسمٰعیل شہید

طابع و ناشر

اہل حدیث اکادمی کشمیری بازار لاہور

سمعهم يكنونه بأبي الحكم فدعاه رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال إن الله هو الحكم وإليه الحكم فلم تكنى أبا الحكم[1]

کہتے ہیں اس کو ابوالحکم یعنی اصل قضیہ چکانے والا، پھر فرمایا کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بیشک اللہ ہی ہے اصل قضیہ چکانے والا اور اسی کا ہے حکم، پھر تجھ کو کیوں کہتے ہیں ابوالحکم۔

یعنی یہ بات کہ ہر قضیہ چکا دے اور ہر جھگڑا نمٹا دے یہ اللہ ہی کی شان ہے کہ آخرت میں ظہور کرے گی کہ اگلے پچھلے دین و دنیا کے جھگڑے سب صاف ہو جائیں گے اس بات کی کسی مخلوق کو طاقت نہیں۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جو لفظ اللہ ہی کی شان کے لائق ہے اور اسی میں وہ پایا جاتا ہے وہ اور کسی کو نہ کہیے، جیسے بادشاہوں کا بادشاہ، مالک الملک، سارے جہان کا مختار، جو چاہے کر ڈالے، معبود، بے نیاز، بے پرواہ، علی ہذا القیاس۔

ممانعت ماشاء اللہ وشئت کہنے کی

مشکوٰۃ کے باب الاسامی میں لکھا ہے کہ:

أخرج في شرح السنة عن حذيفة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لا تقولوا ما شاء الله وشاء محمد وقولوا ما شاء الله وحده[2]

شرح السنہ نے ذکر کیا کہ نقل کیا حذیفہ نے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، یوں نہ بولو کہ جو چاہے اللہ اور محمد، بولو کہ جو چاہے اللہ فقط۔

یعنی جو اللہ کی شان ہے اور اس میں کسی مخلوق کو دخل نہیں سو اس میں اللہ کے ساتھ کسی مخلوق کو نہ ملاوے گو کتنا ہی بڑا ہو اور کیسا ہی مقرب، مثلاً یوں نہ بولے کہ اللہ و رسول چاہے گا تو فلانا کام ہو جائے گا کہ سارا کاروبار جہان کا اللہ ہی کے چاہنے سے ہوتا ہے، رسول کے چاہنے سے کچھ نہیں ہوتا۔ یا کوئی شخص کسی سے کہے کہ فلانے کے دل میں کیا ہے یا فلانے کی شادی کب ہوگی یا فلانے درخت کے کتنے پتے ہیں یا آسمان میں کتنے تارے

[1] مشکوٰۃ مطبوعہ مجتبائی صفحہ ۴۰۸۔
[2] مشکوٰۃ مطبوعہ مجتبائی صفحہ ۴۰۹۔

فَسَجَدَ لَهٗ فَقَالَ اَصْحَابُهٗ	اس نے سجدہ کیا پیغمبر خدا کو سو
يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ تَسْجُدُ لَكَ	کے اصحاب کہنے لگے اے پیغمبر خدا
الْبَهَائِمُ وَالشَّجَرُ فَنَحْنُ	تم کو سجدہ کرتے ہیں جانور اور درخت
اَحَقُّ اَنْ نَسْجُدَ لَكَ فَقَالَ	سو ہم کو تو چاہئے کہ تم کو سجدہ کریں
اُعْبُدُوْا رَبَّكُمْ وَاَكْرِمُوْا	سو فرمایا کہ بندگی کرو اپنے رب کی اور
اَخَاكُمْ۔	تعظیم کرو اپنے بھائی کی۔

یعنی سب انسان آپس میں بھائی ہیں۔ جو بڑا بزرگ ہو وہ بڑا بھائی ہے۔ سو اس کی بڑے بھائی کی سی تعظیم کیجئے۔ اور مالک سب کا اللہ ہے بندگی اس کو چاہئے۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اولیاء و انبیاء، امام و امام زادہ، پیر و شہید، یعنی جتنے اللہ کے مقرب بندے ہیں۔ وہ سب انسان ہی ہیں۔ اور بندے عاجز اور ہمارے بھائی۔ مگر ان کو اللہ نے بڑائی دی۔ وہ بڑے بھائی ہوئے۔ ہم کو ان کی فرمانبرداری کا حکم ہے۔ ہم ان کے چھوٹے ہیں۔ سو ان کی تعظیم انسانوں کی سی کرنی چاہئے۔ نہ خدا کی سی۔ اور یہ بھی معلوم ہوا۔ کہ بعضے بزرگوں کو بعضے درخت اور بعضے جانور مانتے ہیں چنانچہ بعضے درگاہوں پر شیر حاضر ہوتے ہیں۔ اور بعضے پر ہاتھی۔ اور بعضے پر بھیڑیئے مگر آدمی کو اس کی سند نہیں پکڑنی چاہئے۔ بلکہ آدمی ویسی ہی تعظیم کرے کہ اللہ

نے بتلائی ہو اور شرع میں جائز ہو۔ مثلاً قبروں پر مجاور بننا شرع میں نہیں بتایا سو ہرگز نہ بنے۔ اور کسی کی قبر پر کوئی شیر دن رات بیٹھا رہتا ہو تو اس کی سند نہ پکڑے کہ آدمی کو جانور کی ریس نہ کرنی چاہیے۔

أَخْرَجَ أَبُوْ دَاؤدَ عَنْ	مشکوٰۃ کے باب عشرۃ النساء میں لکھا ہے
قَيْسِ ابْنِ سَعْدٍ قَالَ	کہ ابو داؤد نے ذکر کیا کہ قیس بن سعدؓ
أَتَيْتُ الْحِيْرَةَ فَرَأَيْتُهُمْ	نے نقل کیا کہ گیا میں ایک شہر میں کہ
يَسْجُدُوْنَ لِمَرْزُبَانٍ	جس کا نام حیرہ ہے سو دیکھا میں نے لوگوں کے
لَهُمْ فَقُلْتُ رَسُوْلُ اللّٰهِ	وہ سجدہ کرتے ہیں اپنے راجہ کو سو
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ	کہا میں نے حضرت البتہ زیادہ لائق
فَأَنْتَ أَحَقُّ أَنْ نَسْجُدَ	ہیں کہ سجدہ کیجئے ان کو پھر فرمایا مجھ
لَكَ فَقَالَ لِيْ أَرَأَيْتَ	بھلا خیال تو کر جو گزرے میری قبر
لَوْ مَرَرْتَ بِقَبْرِيْ أَكُنْتَ	پر کیا سجدہ کرے تو اس کو کہا میں
تَسْجُدُ لَهٗ فَقُلْتُ لَا فَقَالَ	نے نہیں۔ تو فرمایا
لَا تَفْعَلُوْا۔	مت کرو۔

یعنی میں بھی ایک دن مر کر مٹی میں ملنے والا ہوں۔ تو کب سجدہ کے لائق ہوں۔ سجدہ تو اسی پاک ذات کو ہے کہ نہ مرے کبھی۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سجدہ نہ کسی زندہ کو کیجئے نہ کسی

بْنِ الشِّخِّيْرِ قَالَ انْطَلَقْتُ	نقل کیا ہے مشکوٰۃ میں کہ مطرف نے کہا کہ گیا میں
فِيْ وَفْدِ بَنِيْ عَامِرٍ اِلٰى	بنی عامر کے ایلچیوں کے ساتھ رسول اللہ ﷺ
رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ	
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْنَا اَنْتَ	کے پاس سو ہم نے کہا کہ تم سردار ہمارے ہو۔ سو فرمایا کہ
سَيِّدُنَا فَقَالَ السَّيِّدُ	سردار تو اللہ ہے۔ پھر کہا ہم نے
اللّٰهُ فَقُلْنَا وَاَفْضَلُنَا	کہ بڑے ہو ہم سے بزرگی میں
فَضْلًا وَّاَعْظَمُنَا طَوْلًا	اور بڑے سخی ہو سب سے زیادہ فرمایا
قُوْلُوْا بِقَوْلِكُمْ اَوْ بَعْضِ قَوْلِكُمْ	کہو اپنی کلام کو یا اس سے بھی
وَلَا يَسْتَجْرِيَنَّكُمُ الشَّيْطَانُ	تھوڑا کلام کرو۔ اور تم کو کہیں بے

ادب نہ کر دے شیطان۔

"یعنی بزرگ کی تعریف میں زبان سنبھال کر بولو۔ اور جو بشر کی سی تعریف ہو وہی کرو۔ سو ان میں بھی اختصار ہی کرو۔ اور اس میدان میں منہ زور گھوڑے کی طرح مت دوڑو۔ کہ کہیں اللہ تعالیٰ کی جناب میں بے ادبی نہ ہو جائے۔

اب سننا چاہیے۔ کہ سردار کے لفظ کے دو معنے ہیں۔ ایک تو یہ کہ وہ خود مالک مختار ہو اور کسی کا محکوم نہ ہو۔ خود آپ جو چاہے سو کرے جیسے ظاہر میں بادشاہ۔ سو یہ بات تو اللہ ہی کی شان ہے۔ ان معنوں کو

اور وہ یہ کہ رعیتی ہی ہو۔ مگر اور رعیتوں سے امتیاز رکھتا ہو کہ اول حاکم کا حکم اول اس پر آوے۔ اور اس کی زبانی اوروں کو پہنچے جیسا ہر قوم کا چودھری اور گاؤں کا زمیندار۔ سو ان معنوں کو ہر پیغمبر اپنی امت کا سردار ہے۔ اور ہر امام اپنے وقت کے لوگوں کا۔ اور ہر مجتہد اپنے تابعوں کا اور ہر بزرگ اپنے مریدوں کا۔ اور ہر عالم اپنے شاگردوں کا کہ یہ پہلے اللہ کے حکم پر آپ قائم ہوتے ہیں اور پیچھے اپنے چھوٹوں کو سکھاتے ہیں۔ سو اسی طرح سے ہمارے پیغمبر سارے جہان کے سردار ہیں کہ اللہ کے نزدیک ان کا مرتبہ سب سے بڑا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کے احکام پر سب سے زیادہ قائم ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ کی راہ سیکھنے میں سب ان کے محتاج۔ اس معنی کر کے ان کو سارے جہان کا سردار کہنا کچھ مضائقہ نہیں۔ بلکہ ضرور یوں ہی جاننا چاہیے۔ اور ان پہلے معنوں میں ایک کانٹی کا بھی سردار ان کو نہ جانئے کیونکہ وہ اپنی طرف سے ایک چیونٹی میں بھی تصرف نہیں کر سکتے۔

اَخْرَجَ الْبُخَارِیُّ عَنْ	مشکوٰۃ شریف کے باب تصاویر میں
عَائِشَۃَ اَنَّہَا اشْتَرَتْ	کہ حضرت عائشہ نے ذکر کیا رضی اللہ عنہا
نُمْرُقَۃً فِیْہَا تَصَاوِیْرُ	نے نقل کیا کہ انہوں نے خرید لیا ایک غالیچہ
فَلَمَّا رَاٰھَا رَسُوْلُ اللّٰہِ	کہ اس میں تصویریں تھیں پس جب دیکھا

جملہ علوم و فنون کی کتابیں ملنے کا پتہ مولوی سید احمد مالک کتب خانہ اعزازیہ دیوبند یو پی

کل من علیہا فان و یبقیٰ وجہ ربک ذو الجلال والاکرام

حضرت قطب العالم امام الاولیاء والمحدثین فخر الفقہاء والمشائخ مولانا
رشید احمد صاحب گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کی وفات حسرت آیات پر

مرثیہ

از قلم فیض رقم حضرت مولانا محمود حسن صاحب شیخ الہند مرحوم
جسکو
مولوی سید احمد مالک کتب خانہ اعزازیہ دیوبند نے
اپنے
مطبع اعزازیہ دیوبند ضلع سہارنپور میں طبع کرایا

ملنے کا پتہ مولوی سید احمد مالک کتب خانہ اعزازیہ دیوبند (یو پی)

غمِ مرشد ہے پر مرشد غموں کا ہے یہ وجدانی
خبر بھی ہے کہ اس جانِ جہاں نے ہم سے منہ موڑا
کوئی ہے وجہ ہم اپنے ہوئے ہیں دشمنِ جانی؟
نہ ہو صبحِ وطن کیونکر بتر شامِ غریباں سے
فراقِ دلربا میں گھر ہے رشکِ کنجِ زندانی
خبر ہے جان کو دل کی نہ دل کو جان کی پروا
فقط سینہ پہ ہے ہاتھ اور زانو پر ہے پیشانی
جو تھا موصل الی اللہ ہو گیا واصل بحق بے شبہ
پھرے ہیں ڈھونڈتے سرگشتگانِ تیہ بیابانی
جنید و شبلی و ثانی ابو مسعود انصاری
رشیدِ ملت و دیں غوث اعظم قطبِ ربانی
نسیم بحرِ رافت، فضلِ رحماں منبعِ احساں
قسیمِ فیضِ یزداں، ابرِ رحمت، ظلِّ سبحانی
زمانہ نے دیا اسلام کو داغ اس کی فرقت کا
کہ تھا داغِ غلامی جس کا تمغائے مسلمانی
زباں پر اہلِ ابدا کی ہے کیوں اُف الغ شاید
اٹھا عالم سے کوئی بانیِ اسلام کا ثانی

تن آسانی میں کھوئی عمر ساری کیا قیامت ہے
پشیمانی سے اب حاصل ہے کیا غیراز پریشانی
دل سُودہ زدہ بہلے یوں ہی کچھ دوستو شاید
کریں مدح و ثنا میں آپ کی آؤ غزل خوانی

غزل مدحیہ

وہ صدیقِ معظم تھے سحابِ لطفِ رحمانی
وہ شمعِ دین و ملت تھے گلِ گلزارِ عرفانی
وہ تھے کبریت ایمانی وہ تھے یا قوتِ روحانی
ہے کیا کبریتِ احمر اور کیا یاقوتِ رمّانی
قبولیت اسے کہتے ہیں مقبول ایسے ہوتے ہیں
عبید سود کا ان کے لقب ہے یوسفِ ثانی
رقابِ اولیا کیوں خم نہ ہوتیں آپ کے آگے
وہ شہبازِ طریقت تھے محی الدین جیلانی
خدا ان کا مربی وہ مربی تھے خلائق کے
مرے مولا مرے ہادی تھے بیشک شیخِ ربانی
جدھر کو آپ مائل تھے ادھر ہی حق بھی دائر تھا
مرے قبلہ مرے کعبہ تھے حقانی سے حقانی

ہدایت جس نے ڈھونڈی دوسری جا ہو گیا گمراہ
وہ میزاب ہدایت تھے کہیں کیا نقشِ قرآنی

فقیہ باخبر ایسا کوئی یارو بتائے تو
ہو جس کا علم اذعانی ہو جس کا حکم ایقانی

رخِ زیبا ہو جس کا مظہر ادعی من السامع
محدث ایسا دیکھیں گے کہاں اے وائے حرمانی

مفسر ایسا لائیں گے کہاں سے یا خدا جس کے
ہوں قول و فعل دونوں کاشفِ اسرارِ قرآنی

سراسر حق ہے لا تنقضی عجائبہ پہ کیا کہیے
گیا زیرِ زمیں وہ محرمِ اسرارِ قرآنی

ہو سینہ جس کا مصباحِ نبوت کے لئے مشکوٰۃ
بجز مہدی نیابد این چنیں ہادی حقانی

گدایانِ درِ دولت کے کشکول و مرقع سے
نظر آتے تھے شرمندہ قبا و تاجِ سلطانی

پھرے ہیں تھے کعبہ میں بھی پوچھے گنگوہ کا رستہ
جو رکھتے اپنے سینوں میں تھے ذوق و شوقِ عرفانی

دلِ طالب میں کھینچی شاہ مقصود کی صورت
بنام ایزد وہ سلطان المشائخ تھے عجب مانی

مردوں کو زندہ کیا زندوں کو مرنے نہ دیا
اس مسیحائی کو دیکھیں ذری ابن مریم
ہائے غم ہائے ستم ہائے غضب ہائے الم
آج اس سے بھی ہوا دیکھو تو خالی عالم
آگے کہنے کی ہے کچھ بات نہ سننے کی تاب
لب تلک آتا ہے لیکن یہ مقولہ پیہم
رحم بر بے کسیم ہیچ نہ کردی رفتی
اے کہ کف پائے تو بود تاج سرم
آج تو قاسم و امداد سب ہی مرتے ہیں
اس کا کیا ذکر ہے برباد ہوئے تم یا ہم
منتظر بیٹھے ہیں اب ہم پہ گزرتا کیا ہے
قہر کا خوف ہے پر ساتھ ہے امیدِ کرم
تو رحیم و ملک و بار ہے سلطنتِ تو
ہم جہول اور زیاں کار ہیں اُدخم اُدخم
اے اسیرانِ غمِ قاسمِ خیر و برکات
وے فقیرانِ سرِ کوئے رشیدِ جانم
پیروی کرتے رہو سنی کو ہاتھوں سے نہ دو
بدرے یا درے یا قدمے یا قلم